سلسلۂ مطبوعات کتابخانۂ ریاست رامپور نمبر ۴

دستور الفصاحت

(مقدمہ و خاتمہ)

مصنفہٴ

حکیم سید احمد علی خاں یکتا بن سید احمد علی خاں لکھنوی

تصحیح

امتیاز علی خاں عرشی

ناظم کتب خانہ رامپور

حسب الحکم فرمانروای رامپور، دام اقبالہم و ملکہم

ہندوستان پریس، رامپور

۱۹۴۳ع

مضامین

بار اول ۱۹۴۳ع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

تمہید

اردو شعر گوئی کے ابتدائی دور میں گجرات، دکن، پنجاب اور دوآبے کے شاعر مقامی بولیوں اور مخصوص محاوروں میں شعر کہتے تھے جب بارھویں صدی ھجری کے لگ بھگ، دلی نے ادبی مرکز کی حیثیت اختیار کی، تو بیرون دھلی کے اھل سخن کو بھی شاہجہان آباد کا روزمرہ سیکھنا پڑا، تاکہ اس بین الاقوامی نئی زبان کے سہارے، ملک بھر سے داد سخن حاصل کریں

مرکز سے دور رھنے والے شاعروں اور ادیبوں کو دلی کے مخصوص محاوروں اور اصطلاحوں کے سمجھنے میں جو دشواریاں پیش آتی ھونگی، اون کو دور کرنے کے لیے زبان کے ماھروں نے اردو لغت نویسی کی بنا ڈالی، اور شہنشاہ عالمگیر کے وقت سے شاہ ظفر، آخری تاجدار دھلی، تک متعدد کتابیں اس فن پر لکھی گئیں، جن میں سے مولانا عبدالواسع ھانسوی کی کتاب « غرائب اللغات » اس مبارک کوشش کا پہلا پھل ھے۔

آگرے کے مشہور محقق ادیب، سراج الدین علی خان آرزو نے ۱۱۵۶ھ (۱۷۴۳ع) میں اس کتاب پر اصلاحی نظر ڈالی اور ھانسوی کی کوتاھیوں کو جا بجا ظاھر کر کے، اس مجموعے کا نام « نوادر الالفاظ »

رکھا (۱) آرزو کے بعد ۱۱۸۰ھ (۱۷۶۶ع) میں زبدۃ الاسماء، ۱۲۰۷ھ (۱۷۹۲ع) میں طپش کی شمس البیان، ۱۲۳۶ھ (۱۸۲۰ع) میں مفتاح اللغات عرف نام مالا، ۱۲۴۸ھ (۱۸۳۲ع) میں واصف کی دلیل ساطع، ۱۲۵۳ھ (۱۸۳۷ع) میں بلگرامی کی نفائس اللغات، ۱۲۵۶ھ (۱۸۴۰ع) میں رشک کی نفس اللغہ، ۱۲۶۱ھ (۱۸۴۵ع) میں انفس النفائس اور ۱۲۶۲ھ (۱۸۴۶ع) میں اس کے اصلاح شدہ نسخۂ موسومہ بہ « منتخب النفائس » کی تالیف و ترتیب عمل میں آئی۔

مگر افسوس کہ ملک بھر میں اردو کے قواعد صرف و نحو کی طرف سے عرصے تک غفلت برتی گئی۔ جب یورپ کے اردو دانوں نے اس مضمون پر خامہ فرسائی کرلی، تب دیسی ادیبوں کو احساس ہوا، اور انھوں نے بھی رفتہ رفتہ اس راہ کی گامزنی شروع کی چنانچہ عام طور پر، ہندوستانیوں کی سب سے پہلی قواعد اردو کی کتاب، میر انشاء اللہ خان انشا کی « دریای لطافت » شمار کی جاتی ہے، جو مرزا قتیل کی مدد سے ۱۲۲۲ھ (۱۸۰۷ع) میں تمام ہوئی تھی

(۱) ملاحظہ ہو مجمع النفائس ۵۵۰ الف مگر عام طور پر یہ نوادرالالفاظ ہی کہلاتی ہے کتاب خانۂ عالیہ رامپور میں اس کتاب کے متعدد قلمی نسخے محفوظ ہیں۔ ان میں سے ایک کے اندر، دوسرے تمام نسخوں کے برخلاف، ہر ردیف کے لغات کے بعد اوسی ردیف سے تعلق رکھنے والے قلعۂ معلی کی بیگمات کے محاورے بعنوان « فصل » درج کیے گئے ہیں۔ اگر یہ فصلیں الحاقی نہیں ہیں (جیسا کہ بظاہر ان کو الحاقی کہنے کی کوئی وجہ موجود نہیں ہے)، تو ہم ان کے ذریعے سے ۱۱۵۶ھ سے قبل کی بیگماتی زبان سے بخوبی روشناس ہو جاتے ہیں۔

رنگین نے بھی « محاورات بیگمات » کے نام سے اسی مضمون کا ایک رسالہ لکھا تھا، جو عرصہ ہوا چھپ چکا ہے۔ آرزو کی فصلوں سے اس رسالے کے لغات کا مقابلہ کرنے پر پتا چلا کہ رنگین کا رسالہ آرزو کی فصلوں کا لفظی ترجمہ ہے، جسمیں کہیں کہیں صرف لفظوں کی ترتیب میں فرق آگیا ہے۔ مگر یہ فرق اسقدر قابل توجہ ہے کہ رنگین سرقے کے الزام سے کسی طرح بری نہیں ہوتا۔

مئی ۱۹۳۹ع میں سید احدعلی یکتا لکھنوی کی «دستور الفصاحت» نام کی ایک کتاب، کتاب خانۂ عالیۂ رامپور کے لیے خریدی گئی، تو اوس کے مطالعے سے معلوم ہوا کہ انشا کی « دریای لطافت » سے پہلے اوس کی تالیف کا کام شروع کردیا گیا تھا، اور غالبا اس سے قبل ھی انجام بھی پا گیا تھا۔ مگر انشا کی خوش بختی که اوس کی کتاب تمام ھوکر ملك بھر میں پھیل گئی، اور یکتا کی بدقسمتی که اولاً تو برسوں کے بعد مسوده صاف کرنے کی مہلت ملی، ثانیا مسوده صاف ھوکر بھی ۱۹۳۹ع تك گوشۂ گمنامی سے باھر نه آسکا۔

دستور الفصاحت انشا کی کتاب کی طرح دلچسپ تو نہیں کہی جاسکتی، مگر جہانتك فنی افادی حیثیت کا تعلق ھے، اوس سے کسی طرح کم بھی نہیں ھے۔ اس کے شروع میں مصنف نے اردو زبان کی پیدایش، ترقی، اور حقیقۂ اثر سے بحث کی ھے۔ اس کے بعد چند ابواب اور ذیلی فصلیں قائم کرکے، صرف، نحو، معانی، بیان، بدیع، عروض اور قافیے کے قواعد و ضوابط بیان کیے ھیں۔ خاتمے میں ۳۵ ایسے شاعروں کا ذکر کیا ھے، جن کے شعر کتاب کے اندر سند میں پیش کیے گئے ھیں

چونکه کتاب کا مقدمه اردو زبان کی تاریخ پر مفید روشنی ڈالتا تھا، نیز خاتمے کے مباحث شعرا کے بارے میں متعدد دلچسپ اور اھم بیانوں اور نکتوں پر مشتمل تھے، اس بنا پر حسب ایمائے بندگان ھمایون اعلی حضرت فرماں روائے رامپور، دام اقبالھم و ملکھم، یه دونوں حصے تصحیح و تحشیه کیساتھ یکجا شائع کیے جارھے ھیں۔

اصل نسخے میں کتابت کی بہت سی غلطیاں پائی جاتی ھیں، نیز

املا بھی قدیم انداز کا ہے۔ حقیر مصحح نے ان دونوں کی اصلاح
کر کے بعض جگہ اس طرف اشارہ بھی کر دیا ہے، اور متن میں جابجا
جو الفاظ رہ گئے تھے، انھیں اپنی طرف سے پورا کیا ہے۔ جہاں
کہیں کوئی لفظ بڑھانا پڑا ہے، وہاں اضافے کو بریکٹ میں لکھا ہے۔
کتاب کا دوسرا نسخہ دستیاب ہونے کی بنا پر فارسی متن کی
تصحیح خاطر خواہ نہیں ہوسکی ہے۔ البتہ اشعار کی صحت میں
دواوین یا دوسرے تذکروں سے کہیں کہیں مدد لی ہے۔

حواشی میں کوشش کی گئی ہے کہ ہر شاعر کے متعلق یہ
بتا دیا جائے کہ اور کون سی کتابوں میں اس کا تذکرہ ملتا ہے۔
اگرچہ اس بارے میں یہ نہیں کہا جاسکتا کہ حالات شعرا سے
متعلق جملہ حوالے دیدیے گئے ہیں، تاہم یہ ضرور ہے کہ اہم برائے
تذکرے اور تاریخ کی کتابیں نظر انداز نہیں ہونے پائی ہیں۔ ان
کتابوں میں سے جو طبع ہوچکی تھیں، اون کے نسخوں کا حوالہ
دیدیا گیا ہے، اور جوچھپی نہیں اور نہ ہرجگہ دستیاب ہوتی ہیں، اون کی
پوری پوری عبارتیں نقل کردی گئی ہیں، تاکہ آیندہ تحقیق کا
کرنے والوں کو زحمت اٹھانا نہ پڑے۔ یہ امر بھی قابل اظہار ہے
کہ جن مطبوعہ تذکروں کے قلمی نسخے ہمارے ہاں موجود تھے
اون کا حوالہ دیتے وقت قلمی نسخوں کو سامنے رکھا ہے۔ اس
سے مقصود یہ ہے کہ فہرست کے شائع ہونے سے پہلے ہی ملک
کے ادیبوں کو ہمارے ان نسخوں کا علم ہوجائے۔ چونکہ تذکرے
بالعموم حروف تہجی پر مرتب ہوئے ہیں، امید ہے کہ مطبوعہ
نسخوں میں ان شاعروں کی تلاش موجب زحمت نہ ہوگی۔

اصل کتاب سے پہلے مصنف کا حال، نسخۂ رامپور

اصل کتاب سے پہلے مصنف کا حال، نسخۂ رامپور کی کیفیت اور زمانۂ تالیف وغیرہ چند مباحث درج کیے گئے ہیں، تاکہ اس کتاب کا ماله و ماعلیه واضح ہوجائے۔ مآخذ کے عنوان سے اون تمام کتابوں کا ذکر کیا گیا ہے، جن کے حوالے حواشی میں جابجا دیے گئے ہیں۔ عام طور پر تذکروں کے بیانات تاریخی غلط فہمی پیدا کردیتے ہیں۔ ان غلط فہمیوں کا منشا یہ ہوتا ہے کہ بہت سے تذکروں میں سال تالیف یا تو سرے سے مذکور ہی نہیں ہوتا، اور مذکور ہوتا ہے، تو آغاز یا اختتام تالیف کو ظاہر کرتا ہے۔ اب اگر تذکرے کے اندر کسی شاعر کے بارے میں یہ لکھا ہوا ملتا ہے کہ اوس کے انتقال کو دوسال ہوے، تو ہم یہ قیاس کرتے ہیں کہ جس سنہ میں اس کا آغاز یا اختتام ہوا ہے، اوس سے دوسال پہلے موت واقع ہوئی ہوگی، حالانکہ بسا اوقات یہ دوسال آغاز و اختتام سے قبل کے نہیں ہوتے، بلکہ درمیان کے ہوتے ہیں اور مصنف تذکرہ کی مراد وقت کتابت سے دوسال پہلے ہوتی ہے۔ میں نے کوشش کی ہے کہ حتی الامکان اس مسئلے سے سیر حاصل بحث کروں۔ چونکہ خود مجھے بھی غلط فہمی ہونے کا امکان ہے، اس لیے چاہتا ہوں کہ ملک کے ارباب تحقیق اس حصے پر گہری نظر ڈال کر اپنی راے کا اظہار فرمائیں، اور آیندہ کام کرنے والوں کو مزید زحمت اٹھانا نہ پڑے۔

چونکہ حاشیوں میں ہر کتاب کا پورا نام دھرانا تضییع اوقات کا موجب تھا، اس لیے ناموں کی جگہ اون کے مخففات استعمال کیے گئے ہیں، جنھیں مآخذ کی بحث میں ہرکتاب کے نام کے بعد بریکٹ میں ظاہر بھی کردیا ہے۔ مخففات کے ذکر میں تاریخ

تصنیف کے لحاظ سے تقدیم و تاخیر برتی گئی ہے۔ جو باتیں ترتیب وطباعت کے بعد معلوم ہوئیں، اون غلطیوں کے ساتھ، جو مجھ سے یا کمپوزیٹر سے سرزد ہوئی تھیں، «استدراك و تصحیح» کے ماتحت آخر میں شامل کردی گئی ہیں۔

اس کتاب کی تصحیح و تحشیہ میں جناب ڈاکٹر عبدالستار صاحب صدیقی (صدر شعبۂ عربی و فارسی، الہ‌آباد یونیورسٹی) اور جناب قاضی عبدالودود صاحب بارایٹلا (بانکی‌پور، پٹنہ) نے بڑے قیمتی مشورے عطا فرمائے ہیں۔ میں ان بزرگوں کا بیحد شکر گزار ہوں۔ جزاهما الله خیر الجزاء۔

امتیاز علی عرشی
ناظم کتابخانہ

کتاب خانہ، قلعۂ معلی، رامپور
۱۰ اگست سنہ ۱۹۴۲ع

سوانح مصنف

مصنف کا نام سید احد علی، تخلص یکتا اور باپ کا نام سید احمد علی خان ھے (۱)۔ اوس کی پیدایش گاہ کا ھمیں کچھ علم نہیں، مگر یہ یقینی امر ھے کہ پرورش لکھنؤ ھی میں پائی، اور یہیں اوس کی انتہائی تعلیم ھوئی۔ اوس کے استادوں میں سے صرف حکیم آقا محمد باقر ابن حکیم معالج خان کشمیری کا نام معلوم ھے، جن سے اوس نے میر شیر علی افسوس کی ھمدرسی میں برسوں طب پڑھی تھی۔ (۲)۔

غالبا اوس کا پیسہ طبابت تھا (۳)، اور لکھنؤ کے فاضل رئیس، مرزا فخرالدین احمد خان بہادر، عرف مرزا جعفر، اور اون کے بڑے بیٹے، مرزا قمرالدین احمد خان بہادر، عرف مرزا حاجی، قمر تخلص، کے دامن دولت سے وابستگی تھی۔ مرزا حاجی کے تذکرے میں اس تعلق کی طرف باین الفاظ اشارہ کیا ھے (۴):

«عاصی از مدت عل پرورده و دست گرفتهٔ این خاندان ست۔»

مرزا حاجی، قتیل کے شاگرد اور ناسخ کے مربی تھے۔ دیگر شعرا اور ادیبوں نے بھی اون کے خوان کرم سے زلہ ربائی کی تھی۔ غازی الدین حیدر کے عہد میں، آغامیر کے ھاتھوں یہ خاندان مصائب کا شکار ھوا، تو یکتا بھی سالہاسال تک دنیوی پریشانی سے نہ

---

(۱) دستور ۲۔ آغاز کتاب میں حاشیے پر مردان علی خان رعنا نے اوسے لکھوی لکھا ھے۔

(۲) دستور ۱۱۔

(۳) کتاب کے آخری ورق پر حکیم سید احد علی خاں صاحب کے حوالے سے چٹھی کا ایک نسخہ تحریر ھے۔ طبابت پیشگی کا قیاس اسی تحریر سے قائم کیا گیا ھے۔

(۴) دستور ۲۲۰ الف۔

چھوٹا۔ اس زمانے میں اوس کے قوای فکری اس درجہ ناکارہ ہو گئے تھے، کہ دستور الفصاحت پر نظر ثانی تک نہ کرسکا (۱)۔

نصیر الدین حیدر، والیء اودہ، کے دربار سے توسل پیدا کرنے کی خاطر اوس نے ایک مدحیہ قصیدہ بھی لکھکر پیش کیا تھا (۲)

دیباچے کے مقفی فقرے، امام صاحب الزمان کی تعریف کے اشعار، نیز خاتمۂ کتاب میں ہر طبقے کے اندر بارہ بارہ شاعروں کا تذکرہ، یہ قرائن بتاتے ہیں کہ یکتا کا مذہب اثنا عشری تھا۔

یکتا اردو، فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتا تھا، لیکن اوس کا خود اعتراف ہے کہ اس فن میں اوسے کامل دستگاہ حاصل نہ تھی۔ اسی خیال سے اوس نے خاتمے میں شاعروں کیساتھہ اپنا حال اور اپنے کلام کا انتخاب تک پیش نہیں کیا ہے (۳) البتہ کتاب کے اندر اپنے بہت سے شعر مثالوں میں درج کیے ہیں۔ ان کے دیکھنے سے وہ اوسط درجے کا سخن‌گو ثابت ہوتا ہے۔

غالبا اوس کی شخصیت اپنے زمانے میں ممتاز نہ تھی، اس لیے تاریخ اور تذکرے کے صفحے اوس کے ذکر سے خالی ہیں۔

ہم یہاں اوس کے فارسی شعر لکھتے ہیں۔ ان میں سے پہلا نصیر الدین حیدر کی مدح میں ہے:-

ای نصیر الدین جہاں بخشی! کہ از اقبال هست
تیغ عالمگیر تو، زور ظفر، مالک رقاب

---

(۱) دستور ۲۲۱ ب
(۲) ایضا ۱۲۴ الف۔
(۳) ایضا ۲۲۱ ب۔

دوسرا شعر کسی غزل کا ہے (۱):-

چنیں مشو کہ در افواہ خاص و عام افتی

زخلق شرم کن اکنون، اگر مروت نیست

تیسرا شعر دیباچے کے آخر میں لکھا ہے، جو اسی موقع کے لیے فی البدیہہ کہا گیا ہوگا:

بدیل عفو بپوشند عیبہای مرا

گران کنند بخوبیء خود بہای مرا

اردو شعروں میں سے چند چنے ہوئے اشعار یہ ہیں:-

ہر ایک دم یہ جو ہوتا ہے تو خفا، پیارے!

بتا تو کھل کے، کہ ہے میری کیا خطا پیارے!

جو چاہتے ہو کہ دل میں کسی کے راہ کرو

تو مسکرا کے ادھر بھی کبھی نگاہ کرو

عکس لب ہے ساغر میں، یا یہ سرخیء مل ہے

زلف بکھری ہے رخ پر، یا گلوں پہ سنبل ہے

جب سے گیا پہلو سے وہ، دل کی جگہ

پہلو میں اک آگ کی چنگاری ہے

توڑا ہی تمھیں گر شیشۂ دل تھا میرا

شکل ساغر، مجھے یہ منہ نہ لگایا ہوتا

اب بھی تو وہ نگار ہی منظور ہے مدام

دل جس کے درد ہجر سے رنجور ہے مدام

جب سے چمکا ہے ترے عارض نورانی سے

(۱) ایضاً : ۲۵ ب - ان کے ماسوا ، ایک قطعۂ تاریخ تالیف خاتمے میں مذکور ہے -

حسن کو سگ ھوا یوسف کنعانی سے

نجانے، کیا یہ آفت ھے کہ حسن کو چاھتا ھوں میں
وھی دشمن مرا دنیا میں دونا صد سے ھوتا ھے؟

نام سے میرے اوسے ننگ ھے، مت پوچھو کوئی
حسن پر اپنے وہ ان روزوں ھے مغرور بہت

نبی کے باغ کا تارہ سحر، علی کا نہال
بہار حضرت زھرا، حسن کے دل کا ثمر
وصی حسین کا، زین العبا کے دل کا چین
علوم باقر و جعفر اوسی میں سب مضمر
رموز موسیء کاظم سے، جون علی، آگاہ
امام ثامن ضامن کا اختر انور
تفاوت اوس میں نقی کی، تقی کا حلم و وقار
جہاں میں شہرہ، حسن عسکری کا نور نظر
وھی ھے، کہتے ھیں جس کو خلیفہ الرحمن
امام بارھواں، یعنی سمی پیغمبر
سکہ ناساریء زمانہ سے
بوتۂ مفلسی میں، ھوں میں گداز
در بدر تسپہ صورت زر قلب
خوار کب تک پھروں، برای بیار؟
کیا ھو، گر لطف تیرا، اے ممدوح!
کرے، اکسیر سان، مجھے ممتاز؟

اوس نے تو پوچھا شب مجھے بیتاب جانکر
پر آنکھوں میں پھری نہ مری، خواب آن کر

چیر کر دل کو مرے، دور کیا پہلو سے
اوس سے جو ہوسکا، مجھ پر وہ بلا لائے گیا

رباعیات

جب بیٹھا اوٹھا یکدگر کا چھوٹا
جینے مرنے کا رشتہ سارا ٹوٹا
پھر بسا، اوجڑا، کس نے دیکھا ہے؟ کہ اب
گھر وصل کا ہجر نے ستم سے لوٹا

اپنے بیگانے سب ہیں حاضر تم پاس
ہوتا غیروں کا پر رکھے ہے وسواس
جب اپنے سبھی طرح ہوں باب صحبت
بیگانوں کو دو نکال، بیخوف وہراس

اے بیخبرو! نہ اتنا غافل سوؤ
اوٹھو، چونکو، ٹک اپنا منہ تو دھوؤ
دنیا میں گھسوگے اولٹے سیدھے، کب تک؟
ایسا نہ ہو، منہ پہ ہاتھ دھر کر روؤ

دیکھانہ، جہاں کا، تونے بس، لیل و نہار
رہنار، نہ مل کسی سے، غافل، زنہار!
ہیں اپنی ہی اپنی، یہ، غرض کے، سب لوگ
ہنسیار ہی رہنا، پیارے، ہردم ہنسیار

کیا جانیے، کیوں ہوا وہ مجھ سے بیزار؟
بیزار نہ ہوتا، تو نہ کرتا تکرار
تکرار سے اوس کی، دل جلے ہے اپنا

ایسا نہیں شیوہ، ورنہ، رنجش دنہار
میں دل سے ہوں باعث اوس کا، بے کاوش و کد
حق نے جسے بخشی ہے شفاعت کی سند
معلوم ہو صاف اوس کا اسم امجد
دیکھیں سر مصرع، گر بہ ترتیب و عدد

نسخے کی کیفیت

یہ نسخہ $9\frac{1}{4} \times 6\frac{1}{2}$، ۶ $\times 3\frac{1}{2}$ ناپ کے ۲۱۹ ورقوں پر مستمل ہے۔ شروع میں دو، اور آخر میں ایک بہ تین ورق فاصل لگے ہوے ہیں، جن کی رو سے کل تعداد اوراق ۲۲۲ ہوتی ہے۔ ورق ۳ ب سے کتاب کا آغاز ہوتا ہے۔ ہر صفحے میں ۱۵ سطریں ہیں۔ خط معمولی ستعلیق اور کہیں کہیں سعیعا آمیز ہے۔ طرز تحریر سے اندازہ ہوتا ہے کہ دو کاتبوں نے ملکر لکھا ہے۔ متن سیاہ اور عنوانات سنگرفی ہیں۔ تقریبا ہر صفحے پر کرمخوردگی کے نشان ہیں۔ کتابخانے میں اس کی نئی جلد تیار کرتے وقت، چند ابتدائی اجزا کا حوصلہ اور کل کا پستہ بنا ڈالدیا گیا ہے۔

پہلے صفحے پر نواب مردان علی خان رعنا مرادآبادی (تلمیذ مرزا غالب) کی سیاہ مربع مہر ہے، جس کے چاروں گوشے کسیقدر ترشے ہونے کے باعث مثمن سکل پیدا ہوگئی ہے مہر کے اندر: «اللہ حافظ مہر کتبخانۂ محمد مردان علی خان رعنا ۱۲۸۲ھ» منقوش ہے۔

ورق ۱ ب اور ۲ الف پر کتاب کا تھوڑا سا دیباچہ نقل کیا گیا ہے۔ اس کے بعد ترچھی سطروں میں حسب ذیل اشعار بعنوان رباعی تحریر ہیں:-

گربه گرسنه بود، بصحرائی میدوید
زاغ نشسته بر هنگ، آن گربه را بدید
چون زاغ را گرفت، بطر موش بر فتاد
خواهد که موش گیرد، زاغ از دهان پرید
حالی که بود برلب، زان شهد بی چکید
هنگام بوسه دادن، آن حال را گزید
در آئینه بدید، آن حال را بدید
حیران جهان بماند که زاغ اردهان پرید

اشعار کے نیچے لکھا ہے: «کاتب الحروف بنده شیخ دلاور علی بہاری بمقام موتیہاری»۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نسخہ صوبۂ بہار کا بھی سفر کرچکا ہے ورق ۲ ب سادہ ہے۔۳ الف کے بالائی بائیں گوشے میں «موافق سنه ۱۲۴۹ ہجری از تالیف سید احمد علی یکتا لکھنوی» مندرج ہے۔ غالبا یه رعنا کے قلم کی تحریر ہے۔ اسی قلم سے ورق ۲۲۱ ب میں قطعۂ تاریخ کے مادے کے اوپر اعداد ۱۲۴۹ لکھے گئے ہیں

حاشیوں پر متعدد توضیحی نوٹ بھی پائے جاتے ہیں۔ یہ سب عربی لغات کی تشریح کرتے ہیں اور منتخب وغیرہ عربی لغت کی کتابوں کے اقتباس ہیں۔ کہیں کہیں متن کے اندر یا حاشیوں پر کتابتی غلطیوں کی بھی اصلاح کی گئی ہے۔ تاہم متن میں بہت سی املائی غلطیاں باقی ہیں۔

آخر میں کاتب نے اپنا نام اسطرح لکھا ہے: «الکاتب الخاتمه هدایت علی الموهانی»۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کاتب موہان (صوبۂ متحده) کا باشنده اور غیر عربی داں تھا۔ مگر یه

صرف خاتمۂ کتاب کا کاتب معلوم ہوتا ہے۔ ابتدائی ابواب کے کاتب کا نام مذکور نہیں ہے۔ غالبا وہ شیخ دلاور علی بہاری ہوگا۔

ورق ۱۴۵ ب پر استفہام تقریری کی بحث میں، میرسوز کا یہ شعر متن کے اندر مذکور تھا:

تو جو کہتا ہے: «گلہ میرا کیا جس تس کنے»
کب کیا؟ کس جا کیا؟ کس وقت؟ کس دم؟ کس کنے؟

اس شعر کے محاذ میں حاشیے پر لکھا ہے: «معلوم باد کہ شعر میر سوز مشتمل بر استفہام انکاری بود۔ از سہو جود در تقریری نوشتہ شدہ ۱۲»۔ اس عبارت کے بعد، خط نسخ میں تحریر ہے: «النقل کالاصل»۔ بعد ازاں کچھ اور بھی بخط نستعلیق مندرج تھا، مگر وہ حاشیے کے ساتھ کٹ گیا ہے۔ ہمارے نسخے میں سوز کا شعر اور حاشیے کی دونوں عبارتیں خط زدہ ہیں

ورق ۱۷۲ الف پر «صنعت رد العجز من العروض مع التکرار و التجنیس» کی مثال میں مصنف نے اپنی یہ رباعی لکھی تھی:

میں فرض کیا کہ اب پھر آوے لیلی
وہ شخص کہاں، کہ جس کو بھاوے لیلی؟
ٹک بھی اوسے بید میں جو پاوے لیلی
تا حشر نہ قیس کو اوٹھاوے لیلی

اس رباعی پر خط کھینچ کر، حاشیے پر حسب ذیل رباعی تحریر کی گئی ہے:

بے مثل تھی، گو، بشکر قیسی لیلی
تو جیسا ہے، یار، کب تھی ایسی لیلی؟
بید اوڑ گئی جس سے میرے لیلی وش کی

اے سالہا بتا، یہ تونے کیسی لے لی؟

اس تغیر و تبدل کے پیش نظر، میرا خیال ہے کہ ہمارا نسخہ مصنف کے اوس نسخے کی نقل ہے، جو رمضان علی لکھنوی نے تیار کیا تھا۔ غالبا اس میں بعض مقامات مشتبہ رہ گئے تھے، جن کے مقابل حاشیے پر مصنف نے اپنا شک ظاہر کیا تھا۔ ہمارے نسخے کے کاتب نے حاشیے کی عبارتوں کو بھی نقل کرلیا۔ جب یہ نسخہ مصنف نے دیکھا، تو حاشیوں کو قلمزد کرکے متن میں اون مقامات کی تصحیح کردی۔ نیز اس نظر میں وہ غلطیاں بھی درست کردیں، جو پہلے نسخے کے مطالعے کے وقت خیال میں نہ آئی تھیں۔

مذکورہ خیال کی تقویت اس امر سے ہوتی ہے کہ ہمارے نسخے کے آخر میں ایک ورق منضم ہے، جس پر چٹنی کا ایک نسخہ «جناب حکیم سید احمد علی خان صاحب قبلہ» کا تحریر کیا ہوا درج ہے۔ میرے نزدیک ان حکیم صاحب سے، ہمارا یکتا مراد ہے، جو حکیم آقا محمد باقر لکھنوی سے اپنے علم طب کے حصول کا خود ذکر کرتا ہے۔ اگر میرا قیاس درست ہے، جس کے خلاف یقینا کوئی دلیل نہیں، تو دستورالفصاحت کا یہ نسخہ قابل قدر ہے۔

ترتیب مضامین

حمد و نعت کے بعد، مصنف نے غرض تالیف بیان کی ہے۔ بعد ازاں اصل مباحث کو ایک مقدمے، پانچ ابواب اور ایک خاتمے میں منقسم کیا ہے

مقدمہ (ورق ۴ ب - ۱۲ الف)

اس میں زبان اردو کا مصداق، اوس کی پیدایش کے

اسباب، خالص اور مستند زبان کے مرکز اور حروف تہجی سے بحث کی ہے۔ اس کتاب کی تصنیف تک لکھنوی ٹکسال کے سکوں کو رواج عام کی سند حاصل نہیں ہوئی تھی؛ اسلیے مصنف نے شاہجہاں آباد کے محاوروں اور وہاں کے فصحا کی بولچال کو مستند مانا ہے۔

باب اول (ورق ۱۲ الف – ۴۴ ب)

اس میں فارسی زبان کے اون قواعد صرف و نحو سے بحث ہے، جن کا علم زبان اردو کے طالب علم کے لیے ضروری ہے۔ یہ باب ۴ فصلوں پر مشتمل ہے:

فصل اول (ورق ۱۲ الف – ۳۳ الف) حروف مفردہ کے بیان میں ہے۔

فصل دوم (ورق ۳۳ الف – ۳۵ ب) مخصوص دوحرفی اور سہ حرفی کلمات کے بیان میں ہے

فصل سوم (ورق ۳۵ ب – ۳۷ الف) میں اون کلمات کا ذکر ہے، جو جداگانہ محاوں میں تنہا استعمال کیے جاتے ہیں۔

فصل چہارم (ورق ۳۷ الف – ۴۴ ب) میں متفرق فوائد کا تذکرہ ہے۔

باب دوم (ورق ۴۴ ب – ۸۲ ب)

اس میں اردو زبان کے قواعد صرف سے بحث ہے۔ یہ باب ایک تمہید اور ٦ فصلوں میں منقسم ہے:

تمہید (ورق ۴۴ ب – ۴۵ ب) میں لفظ کی تقسیم اور فصلوں کی تعریف بیان کی ہے۔

فصل اول (ورق ۴۵ ب – ۴۷ الف) میں صیغوں کا بیان ہے۔

فصل دوم (ورق ۴۷ الف - ۴۹ ب) میں معروف و مجہول اور گردانوں کا بیان ھے۔

فصل سوم (ورق ۴۹ ب - ۵۱ الف) میں بعض اون الفاظ سے بحث کی ھے، جن کے ماضی و حال کے صیغوں میں لفظی اختلاف پایا جاتا ھے۔

فصل چہارم (ورق ۵۱ الف - ۵۲ ب) میں لازم اور متعدی کا بیان ھے۔

فصل پنجم (ورق ۵۲ ب - ۵۳ ب) میں ضمائر کا ذکر ھے۔

فصل ششم (ورق ۵۳ ب) میں یہ بتایا ھے کہ اردو زبان میں، ھندی الفاظ کے ساتھ عربی و فارسی لفظ بھی ملے جلے استعمال کیے جاتے ھیں۔

اس باب کی فصلوں کے ساتھ، اول و دوم وغیرہ الفاظ استعمال نہیں کیے ھیں۔ اس کے پیش نظر، تیسری اور چھٹی فصل کے متعلق، میں سمجھتا ھوں کہ یہ فائدے ھیں، جن کے آغاز میں از راہ سہو کاتب نے لفظ فصل لکھدیا ھے۔

باب سوم (ورق ۵۳ ب - ۹۲ الف)

اس باب میں اردو زبان کے قواعد نحو سے بحث ھے۔

یہ باب ایک تمہید اور ۱۶ فصلوں میں منقسم ھے:

تمہید (ورق ۵۳ ب - ۵۷ ب) میں علم نحو کی تعریف، ترتیب فاعل و مفعول اور علامات فاعل و مفعول سے بحث ھے۔

فصل ۱ (ورق ۵۷ ب - ۵۸ الف) حال و ذوالحال کے بیان میں،

فصل ۲ (ورق ۵۸ الف) شرط و جزا کے بیان میں،

فصل ۳ (ورق ۵۸ الف - ۵۹ ب) مرکب غیرتام اور اوس کے

اقسام کے بیان میں،

فصل ۴ (ورق ۵۹ ب - ۶۱ الف) مرکب اضافی کے بیان میں،
فصل ۵ (ورق ۶۱ الف - ۶۵ الف) مرکب اعدادی کے بیان میں،
فصل ۶ (ورق ۶۵) حروف ندا کے بیان میں،
فصل ۷ (ورق ۶۵ ب) تمیز کے بیان میں،
فصل ۸ (ورق ۶۵ ب - ۶۷ ب) عطف کے بیان میں،
فصل ۹ (ورق ۶۷ ب) تاکید و موکد کے بیان میں،
فصل ۱۰ (ورق ۶۷ ب - ۶۸ الف) صله و موصول کے بیان میں،
فصل ۱۱ (ورق ۶۸ الف - ۶۹ ب) اسم فاعل، صفت مشبهه، مستثنی اور قسم کے بیان میں،
فصل ۱۲ (ورق ۶۹ ب) الفاظ کنایه کے بیان میں،
فصل ۱۳ (ورق ۶۹ ب - ۷۰ ب) معروه کے بیان میں،
فصل ۱۴ (ورق ۷۰ ب - ۷۱ ب) اسم و فعل و حرف کے بیان میں،
فصل ۱۵ (ورق ۷۱ ب - ۷۲ ب) ضمائر کے بیان میں، اور
فصل ۱۶ (ورق ۷۲ ب - ۹۲ الف) حرف کے بیان میں ہے۔

ان فصلوں کے ساتھ بھی تماری الفاظ مذکور نہیں ہیں، اس لیے چھوٹی چھوٹی فصلوں کے متعلق احتمال ہے کہ یہ دراصل فائدے ہوں، اور کاتب نے غلطی سے ان کے عنوانوں میں فصل لکھدیا ہو۔

باب چہارم (ورق ۹۲ الف - ۱۲۹ الف)

اس باب میں عروض و قافیه سے بحث کی گئی ہے۔ یه دو فصلوں میں منقسم ہے:

فصل اول (ورق ۹۲ الف – ۱۲۱ الف) میں عروض سے تفصیلی بحث ھے۔ جو بحریں اردو اور فارسی دونوں زبانوں کے شاعروں نے ترک کردی ھیں، اونھیں چھوڑ دیا ھے۔ بعض فارسی میں مستعمل بحریں، ھندی ذوق پر پوری نہیں اوترتیں، اس لیے اساتذۂ اردو نے اون میں شعر نہیں کہے ھیں۔ ایسے مواقع پر مثال کے لیے خود مصنف نے اشعار کہکر پیش کیے ھیں۔ بعض بحروں کے ذکر میں یہ بھی بتایا ھے کہ میر تقی میر نے اس میں بہت عمدہ غزلیں لکھی ھیں۔

فصل دوم (ورق ۱۲۱ الف – ۱۲۹ الف) میں علم قافیہ سے بحث ھے۔

باب پنجم (ورق ۱۲۹ الف – ۱۸۷ الف)۔

اس باب میں معانی، بیان اور بدیع سے بحث ھے۔ یہ چار فصلوں پر مشتمل ھے:

فصل ۱ (ورق ۱۲۹ – ۱۳۰ ب) میں فصاحت و بلاغت کی تعریف ھے۔

فصل ۲ (ورق ۱۳۰ ب – ۱۵۱ الف) میں علم معانی سے بحث ھے۔ اسے مصنف نے چند فوائد میں تقسیم کردیا ھے۔

فصل ۳ (ورق ۱۵۱ الف – ۱۵۹ الف) میں علم بیان سے بحث ھے۔

فصل ۴ (ورق ۱۵۹ الف – ۱۸۷ الف)، جس میں علم بدیع کا ذکر ھے، دو قسموں پر مشتمل ھے۔ قسم اول (ورق ۱۵۹ الف – ۱۶۹ ب) میں معنوی صنعتیں اور قسم دوم (ورق ۱۵۹ ب – ۱۸۷ الف) میں لفظی صنعتیں بیان کی گئی ھیں۔

خاتمه (ورق ۱۸۷ الف - ۲۱۹ ب)۔

اس میں اون شاعروں کے حالات اور منتخب اشعار پیش کیے گئے ہیں، جن کا کلام کتاب میں بطور مثال جابجا مذکور ہے۔ یہ شاعر، جن کی مجموعی تعداد ہمارے نسخے کے مطابق ۳۵ ہے، تین طبقوں میں منقسم ہیں۔ ان میں سے پہلے طبقے میں گیارہ اور باقی دونوں میں بارہ بارہ شاعروں کا ذکر ہے۔ چونکہ مصنف اثنا عشری مذهب تھا، اس لیے غالبا دوازده امام کے شمار کے مطابق ہر طبقے میں بارہ شاعروں کا ذکر ہوگا۔ ہمارے نسخے میں طبقۂ اولی کا ایک نام سہوا چھوٹ گیا ہے۔

ان ۳۵ شاعروں کی تین طبقوں میں تقسیم، بالفاظ مصنف «باعتبار معلومات فن و قوت طبع و چستیٔ تالیف و سیرینیٔ کلام و شہرت خلق» کی گئی ہے۔

جیسا کہ تفصیل بالا سے ظاہر ہے، کتاب کی ترتیب عربی اور فارسی قواعد کی کتابوں سے ماخوذ ہے۔ لیکن خاتمۂ کتاب میں شعرا کا تذکرہ، عبدالباسط کی «مدار الصوابط» کی نقل ہے، جو دستور الفصاحت کا ایک ماخذ ہے۔ اس کتاب کے خاتمے میں بھی اون فارسی شاعروں کا مختصر حال لکھا گیا ہے، جن کے شعر مثال میں پیش کیے گئے ہیں۔

مصنف نے خاتمے میں جن شاعروں کا ذکر کیا ہے، اون کے علاوہ بعض اور شاعروں کے کلام سے بھی استناد کیا ہے۔ چنانچہ ورق ۸۷ ب پر مرزا محسن کا شعر ذیل لکھا ہے:

وہ تیر غمزہ ستم، سب کے سب، نہ ایک نہ دو
چلں ہیں جتنے، سب اوس کے کڈھب، نہ ایک نہ دو

ورق ۷۶ الف پر مرزا احسان طپش کے یہ اشعار ذکر کیے ہیں۔

جب طپش کو نہ ملی بوسے کی اوس لب سے خبر
تب فقیروں کی طرح، شعر یہ پڑھتا وہ چلا
بے نوا ہیں، کسی پر زور نہیں، یا محبوب!
دیوے اوس کا بھی بھلا، جو نہ دے اوس کا بھی بھلا

۸۴ ب پر آشفتہ کا یہ شعر لکھا ہے:

مرنے میں ملے وہ، دل، تو مر چک
ارمان رہے نہ یہ بھی، کر چک

ورق ۹۰ الف پر میر نواب کا حسب ذیل شعر ملتا ہے:

ایسا کس کام کا آنا؟ ارے چل، دور، چچے
جب کہ کہنا ہی نہ مانا، ارے چل، دور، چچے

ورق ۱۱۷ الف اور ۱۶۴ ب پر محشر کے یہ دو شعر علی الترتیب نقل کیے ہیں:

یار نے، محشر، تجھے زہر کا بھیجا ہے جام
جی نہ چھپا، میری جان، اب یہ پیا چاہیے

دور میں اوس چشم کے، گردوں کی آسایش نہیں
کس گھڑی، کس دم، نئے فتنے کی فرمایش نہیں؟

ورق ۱۵۹ ب پر حجام کا یہ شعر لکھا ہے:

رقیبوں پر، میاں، پڑتا ہے تب سو سو گھڑے پانی
بلا حجام کو، جس روز تم حمام کرتے ہو

ورق ۱۶۲ الف پر برق کا یہ شعر مندرج ہے:

رقیب، ضد سے، عبث کیا بیداغ جلتا ہے؟
کہیں بھی کالے کے آگے چراغ جلتا ہے؟

ورق ۱۶۴ ب پر اشرف کا یہ شعر لکھا ہے:

لوٹے چمن میں گل کی، حیران یوں، بہار، حیف!
اور عندلیب، تو رہے جیتی، ہزار حیف!

ورق ۱۳۳ الف پر مرزا محسن صاحب کا یہ شعر درج کیا ہے:

کون کہتا ہے کہ مجھ پاس تم آوو، بیٹھو؟
جی لگے آپ کا جن میں، وہیں جاوو بیٹھو

ورق ۱۵۸ ب پر سرقے کی بحث میں مجنون کا یہ شعر پیش کرکے:

بیٹھا تھا، مجھکو دیکھ، بہانے سے اوٹھ گیا
حسن سلوک، آہ! زمانے سے اوٹھ گیا

لکھا ہے کہ شگفتہ کا یہ شعر سرقہ ہے:

آنکھیں چرا کے، سب وہ بہانے سے اوٹھ گیا
حرف مروت، آہ! زمانے سے اوٹھ گیا

اس کے بعد مجنون کا یہ شعر لکھ کر:

پیتا نہیں قدح سے کو میں کبھو بغیر
رہتا مدام میرے جام میں لہو بغیر

کہتا ہے کہ میر سید علی افسوس کا یہ شعر بھی سرقے میں داخل ہے:

ہنس کر کسی سے میں نے یہ کی بات تجھ بغیر
روتے ہی، آہ! کٹ گئی یہ رات تجھ بغیر

اسی بحث میں (ورق ۱۸۶ الف) حقیقت کا یہ شعر لکھا ہے:

کس کے ہیں انتظار میں آنکھیں؟
جو کھلی ہیں مزار میں آنکھیں

اور تجلی کے اس سعر کو سرقہ قرار دیا ھے:

یہ سوق دیکھو، پس مرگ بھی تجلی نے
کفن میں کھول دیں آنکھیں، سما جو یار آیا

سیخ عیسی تنہا کے اس شعر کو:

دل کو ہاتھ اوس کے جو بیچوں، تو یہ کہتے ھیں رقیب:
«لیجیو تم اسے، بارار درا دکھلا کر»

مصحفی کے اس شعر سے ماحود بتایا ھے:

دل بھی کیا جنس زبوں ھے؟ کہ خریدار اس کے
لیتے ھیں، پر اسے سوچا یہ دکھا لیتے ھیں

چونکہ مصنف نے خاتمے میں صراحت کردی ھے کہ کتاب میں «احوال بعضی از سعرا» پر اقتصار کیا گیا ھے، اسلیے ھم ان ساعروں کا ذکر نہ کرنے کے سلسلے میں اوس پر حرف گیری نہیں کرسکتے۔ ھاں، یہ سکایت ضرور ھے کہ صرف اس بنا پر کہ وہ اس فن میں پایۂ نام و سہرت نہ تھا، اپنا حال نہیں لکھا۔

زمانۂ تالیف

خاتمۂ کتاب کے آخر میں، مصنف نے حسب ذیل قطعۂ تاریخ لکھا ھے:

صد شکر کہ اتمام پذیرفت رسالہ
واضح شد ازان، جملہ قوانین بلاغت

تاریخ تمامیش طلب کرد چو یکتا
فی الفور خرد گفت کہ « دستور فصاحت »

اس قطعے میں مادۂ تاریخ « دستور فصاحت » ہے، جس سے سنہ ۱۲۴۹ھ (۱۸۳۴ع) برآمد ہوتا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ سنہ مسودہ صاف کرنے کے وقت کا تعین کرتا ہے، سال تالیف کو ظاہر نہیں کرتا، اس لیے کہ خود مصنف نے اس قطعے سے پہلے لکھا ہے:

« مخفی مباد کہ عرصۂ بعد و مدت مدید سپری گردیدہ کہ چہرہٴ تسطیر این مقالہ، و گردۂ تصویر این رسالہ، بر صفحۂ وجود نقش گرفتہ، بسبب تردد خاطر و تشتت بال، کہ بوجوہ شتی لاحق حال من عبرت مآل ماندہ، در محل تعطل افتادہ بود۔ و درین تعطیل کہ سالہا سال سر آمد، ہرگز طبعت متوجہ نشد کہ نظر ثانی پردازد، یا آن را بنحوی کہ مسطور بود، درست سازد، کہ دوستی از دوستان فقیر، مسمی بہ شیخ رمضان علی صاحب سلمہ ربہ، از باشندگان لکھنؤ، کمر ہمت بسعی تلاش پرداختند۔ سعی تمام در ساختہ دیجیحہ این سال آن را عدم ساختند »
(ص ۱۲۵)

اب اس بیان کو سامنے رکھ کر کتاب کا جائزہ لیا جائے تو اس مدعا کے اثبات میں حسب ذیل شہادتیں دستیاب ہوتی ہیں:

(۱) یکتا نے مرزا محمد حسن قتیل کو « سلمہ اللہ تعالی » کے ساتھ یاد کیا ہے (ورق ۱۲۸ ب)۔ قتیل نے سنیچر کے دن سحر کے وقت ۲۴ ربیع الاول سنہ ۱۲۳۳ھ (۱۸۱۸ع) کو مرض استسقا سے لکھنؤ میں انتقال کیا ہے (۱)۔ اس سے یہ قیاس کیا جاسکتا ہے کہ « دستور الفصاحت » ۱۲۳۳ھ سے پہلے لکھی گئی ہے

(۲) دیباچے میں مرزا حاجی کے والد مرزا فخر الدین احمد خان

---

(۱) نشتر عشق، ۵۵۰ ب۔

بہادر عرف مرزا جعفر کے نام کے بعد «مغفور، لازال دولته، و اقباله» لکھا ہے۔ خاتمے میں ایک موقع پر «دام اقباله، مغفور و مرحوم» اور دوسری جگہ صرف «دام اقباله» ہے۔ مرزا جعفر نے ۱۲۳۰ھ (۱۸۱۴ع) میں وفات پائی ہے۔ لہذا دعای دوام اقبال کو اس سنه سے پہلے ہونا چاہیے۔ چونکہ یہ دعا خاتمۂ کتاب میں بھی پائی جاتی ہے لہذا ضروری ہے کہ کتاب اس سنه سے قبل ہی ختم ہو چکی ہو، اور دعاے مغفرت کا اضافہ تبییض کتاب کے وقت کیا گیا ہو

(۳) شاہ نصیر کے حال میں تحریر کیا ہے:

«گویند که درسال گذشته برای تلاش پسر خودش، که گریخته بود، به لکھنؤ آمده، در مشاعره ہای مرزا معزالدین احمد خان بہادر، دام اقباله، حاضر می شد و شعر خوانی می کرد» (ص ۱۱۴)

مولوی عبدالقادر چیف رامپوری اپنے سفر لکھنؤ واقع سنه ۱۲۲۹ھ (۱۸۱۴ع) کی روداد میں فرماتے ہیں:

«این زمان آخر عہد نواب سعادت علی خان بود. روزی در محفل مشاعره که دران ایام بخانه مرزا جعفر می بود، رفتم. مرزا محمد حسن محسن قتیل و مصحفی و میر نصیر دہلوی دران زمرہ سرکرده شمار می آمدند و شیخ امام بخش ناسخ را دران ایام زور آوری درین کار بود» (ورق ۴ الف)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شاہ نصیر سنه ۱۲۲۹ھ میں لکھنؤ میں تھے لہذا ان کا حال بھی سنه ۱۲۳۰ھ کے لگ بھگ درج کیا گیا ہوگا(۱)۔

---

(۱) آبحیات کی روایت کے مطابق نصیر نے لکھنؤ کے دو سفر کیے تھے۔ آخری سفر کے وقت لکھنؤ میں ناسخ کا دور دورہ تھا۔ چونکہ مولوی عبدالقادر بھی سنه ۱۲۲۹ھ میں نصیر کا لکھنؤ میں قیام اور ناسخ کی شہرت کا تذکرہ کرتے ہیں، اس لیے میری نظر میں ان کا یہ دوسرا سفر قرار پاتا ہے

(۴) میر تقی میر کے ذکر میں لکھا ہے کہ «سہ چہار سال شدہ کہ در لکھنؤ وفات یافت» میر صاحب نے سنہ ۱۲۲۵ھ میں انتقال کیا ہے، جس کی رو سے ان کا حال ۱۲۲۹ھ میں لکھا جانا چاہیے۔

(۵) مرزا جعفر کو اون کے صاحبزادے مرزا حاجی کے ذکر میں «دام اقبالہ» لکھا ہے اور اس موقع پر مرزا حاجی کے نام کے ساتھہ اون کا خطاب بھی مذکور ہے، اس لیے یقینا یہ حصہ سنہ ۱۲۲۹ھ اور سنۂ وفات مرزا جعفر کے درمیان لکھا گیا ہے۔

غرض کہ ان پانچ شہادتوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کتاب ۱۲۲۹ھ اور ۱۲۳۰ھ کے درمیان تمام ہوچکی تھی۔

(۶) خاتمے میں خواجہ احسن اللہ بیان کے بارے میں لکھا ہے

> «می گویند کہ تاحال زندہ است باقی دکھن در سرکار نظام علی خان عز و اعتباری دارد»۔ (ص ۳۰)

بیان نے سنہ ۱۲۱۳ھ (۱۷۹۸ع) میں انتقال کیا ہے۔

قیام الدین محمد قایم رامپوری کے تذکرے میں (جو عام طور پر اپنے مولد کے لحاظ سے چاندپوری کہلاتے ہیں) لکھا ہے:

> «چند سال شدہ کہ بر بیوفائی دنیا بار عدہ، ترك این جہان فانی کرد، و در رامپور فیض اللہ خان والہ، کہ از مدت مسکن او ہمان بلدہ بود، مدفون گشت» (ص ۴۵)

قایم کے سال وفات میں اختلاف ہے بعضے ۱۲۰۸ اور دوسرے ۱۲۱۰ھ بتاتے ہیں۔ یکتا نے اون کا ذکر وفات کے «چند» سال بعد کیا ہے۔ لفظ چند عربی کے لفظ «بضع» کی طرح تین سے نو تك کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ لہذا قایم کا حال ۱۲۱۱ یا ۱۲۱۳ھ میں لکھا جانا چاہیے۔

ان دونوں شہادتوں سے یہ نتیجہ مستنبط ہوتا ہے کہ کتاب ۱۲۱۳ھ سے پہلے تالیف ہوچکی تھی۔

اگر یہ نتیجہ درست ہے، تو ہمیں یہ بھی ماننا پڑے گا کہ اس کی تالیف کا کام انشا کی دریائے لطافت سے پہلے انجام پاچکا تھا، جس کا سال اختتام ۱۲۲۲ھ (۱۸۰۷ع) ہے۔ چونکہ مصنف نے دیباچے میں لکھا ہے کہ

«ہیچ کتابی از کتب این فن و رسائل این هنر، که مفید مطالب و معین مقصد درین باب می شد، در نظر نداشتم که موافق آن می نوشتم و از جدا مصؤن می ماندم»

اس لیے ہم پچھلے دلائل کی کمک پر کہہ سکتے ہیں کہ مصنف کی نظر میں دریای لطافت کا نہ ہونا اس بنا پر تھا کہ یہ ابھی معرض وجود ہی میں نہیں آئی تھی۔

بہر حال نتیجۂ بحث یہ ہے کہ دستورالفصاحت ۱۲۱۳ھ (۱۷۹۸ع) سے پہلے لکھی گئی تھی۔ اوس وقت یہ کسی کے نام معنون نہ تھی۔ ۱۲۲۹ھ یا ۱۲۳۰ھ (۱۸۱۵ع) میں مصنف نے اوس پر نظرثانی کرکے مرزا حاجی کے نام معنون کی۔ اس نظرثانی کے دوران میں اوس نے جو اضافے کیے، اون کا پتا خاتمے کے بعض مباحث میں صاف طور پر چل جاتا ہے۔ لیکن ابھی کتاب کا مسودہ صاف ہوکر شایع نہیں ہوا تھا کہ مرزا حاجی کی بساط ریاست الٹ جانے سے مصنف بھی پریشان حال ہوگیا اور مسودہ تعطل میں پڑا رہا۔ آخر سنہ ۱۲۴۹ھ میں شیخ رمضان علی لکھنوی نے اس کو صاف کرنے کا اقرار کیا۔ مصنف نے اس پر پھر نظر ڈالی، اور چند جگہ اضافے کیے، چنانچہ کتاب کے ورق ۱۸۲ الف پر مصنف نے اپنا یہ شعر لکھا ہے:

(۴) میر تقی میر کے ذکر میں لکھا ھے کہ «سہ چھار سال شدہ کہ در لکھنؤ وفات یافت» میر صاحب نے سنہ ۱۲۲۵ھ میں انتقال کیا ھے، جس کی رو سے ان کا حال ۱۲۲۹ھ میں لکھا جانا چاھیے۔

(۵) مرزا جعفر کو اون کے صاحبزادے مرزا حاجی کے ذکر میں «دام اقبالہ» لکھا ھے اور اس موقع پر مرزا حاجی کے نام کے ساتھہ اون کا خطاب بھی مذکور ھے، اس لیے یقیناً یہ حصہ سنہ ۱۲۲۹ھ اور سنۂ وفات مرزا جعفر کے درمیان لکھا گیا ھے۔

غرض کہ ان پانچ شہادتوں سے یہ معلوم ھوتا ھے کہ کتاب ۱۲۲۹ھ اور ۱۲۳۰ھ کے درمیان تمام ھوچکی تھی۔

(۶) خاتمے میں خواجہ احسن اللہ بیان کے بارے میں لکھا ھے:

> «می گویند کہ تاحال زندہ است بطرف دکھن در سرکار نظام علی خان عز و اعتباری دارد»۔ (ص ۸۳)

بیان نے سنہ ۱۲۱۳ھ (۱۷۹۸ع) میں انتقال کیا ھے۔

قیام الدین محمد قایم رامپوری کے تذکرے میں (جو عام طور پر اپنے مولد کے لحاظ سے چاندپوری کہلاتے ھیں) لکھا ھے:

> «چند سال شدہ کہ بر بیوفائیء دنیا بطار بودہ، ترک این جہان فانی کرد، و در رامپور فیض اللہ خان والہ، کہ از مدت مسکن او ہمان بلدہ بود، مدفون گشت» (ص ۴۵)

قایم کے سال وفات میں اختلاف ھے بعضے ۱۲۰۸ اور دوسرے ۱۲۱۰ھ بتاتے ھیں۔ یکتا نے اون کا ذکر وفات کے «چند» سال بعد کیا ھے۔ لفظ چند عربی کے لفظ «بضع» کی طرح، تین سے نو تک کے لیے استعمال کیا جاتا ھے۔ لہذا قایم کا حال ۱۲۱۱ یا ۱۲۱۳ھ میں لکھا جانا چاھیے۔

ان دونوں شہادتوں سے یہ نتیجہ مستنبط ہوتا ہے کہ کتاب ۱۲۱۳ھ سے پہلے تالیف ہوچکی تھی۔

اگر یہ نتیجہ درست ہے، تو ہمیں یہ بھی ماننا پڑے گا کہ اس کی تالیف کا کام انشا کی دریائے لطافت سے پہلے انجام پاچکا تھا، جس کا سال اختتام ۱۲۲۲ھ (۱۸۰۷ع) ہے۔ چونکہ مصنف نے دیباچے میں لکھا ہے کہ

> « ہیچ کتابی از کتب این فن و رسائل این ہنر، کہ مفید مطلب و معین مقصد درین باب می شد، در نظر نداشتم کہ موافق آن می نوشتم و از خطا مصؤن می ماندم »

اس لیے ہم پچھلے دلائل کی کمک پر کہہ سکتے ہیں کہ مصنف کی نظر میں دریای لطافت کا نہ ہونا اس بنا پر تھا کہ یہ ابھی معرض وجود ہی میں نہیں آئی تھی۔

بہر حال نتیجۂ بحث یہ ہے کہ دستور الفصاحت ۱۲۱۳ھ (۱۷۹۸ع) سے پہلے لکھی گئی تھی۔ اوس وقت نہ کسی کے نام معنون نہ تھی۔ ۱۲۲۹ھ یا ۱۲۳۰ھ (۱۸۱۵ع) میں مصنف نے اوس پر نظرثانی کرکے مرزا حاجی کے نام معنون کی۔ اس نظرثانی کے دوران میں اوس نے جو اضافے کیے، اون کا پتا خاتمے کے بعض مباحث میں صاف طور پر چل جاتا ہے۔ لیکن ابھی کتاب کا مسودہ صاف ہوکر شایع نہیں ہوا تھا کہ مرزا حاجی کی بساط ریاست الٹ جانے سے مصنف بھی پریشان حال ہوگیا اور مسودہ تعطل میں پڑا رہا۔ آخر سنہ ۱۲۴۹ھ میں شیخ رمضان علی لکھنوی نے اس کو صاف کرنے کا اقرار کیا۔ مصنف نے اس پر پھر نظر ڈالی، اور چند جگہ اضافے کیے، چنانچہ کتاب کے ورق ۱۸۲ الف پر مصنف نے اپنا یہ شعر لکھا ہے:

یکتا چو جست سال وفاتش، چو اشک ریخت
پی تعمیه، ریختامۂ او «تابات رجب»

اس مادۂ تاریخ سے سنہ ۱۲۳۶ھ نکلتا ہے۔

اسی طرح ورق ۱۷۴ الف پر حسب ذیل شعر نظر آتا ہے:

اے نصیر الدین جہاں بخشی، کہ از اقبال هست
تیغ عالمگیر تو، زور ظفر، مالک رقاب

یہاں نصیر الدین حیدر بادشاہ اودھ مراد ہیں، جو ۱۲۴۴ھ سے ۱۲۵۳ھ تک حکمران رہے تھے، اس لیے یقینی ہے کہ ان شعروں کا بعد میں اضافہ کیا گیا ہے۔

کتاب کے ماخذ

کتاب کے دیباچے یا خاتمے میں ماخذ کے ذکر کا دستور بہت پرانا ہے، لیکن ہمارے مصنف نے اس کی پابندی نہیں کی۔ تاہم حسب ذیل ماخذوں کا پتا چلتا ہے:

(۱) فرہنگ رشیدی

یہ فارسی لغت کی مشہور کتاب اور عبدالرشید مدنی، ساکن ٹھٹھہ (سندھ، متوفی سنہ ۱۰۷۷ھ = ۱۶۶۶ع) کی تصنیف ہے یکتا نے ورق ۲۲ ب و ۲۳ ب پر اس کا حوالہ دیا ہے۔

(۲) موہبۂ عظمی

ورق ۲۶ ب اور ۳۰ ب پر مصنف نے خان آرزو (متوفی سنہ ۱۱۶۹ھ = ۱۷۵۵ع) کے جو اقوال نقل کیے ہیں، ان میں کا پہلا قول موہبۂ عظمی (ورق ۲۵ الف) میں موجود ہے۔ دوسرا اقتباس اس کتاب میں نہیں ملا۔ ممکن ہے کسی دوسری تصنیف کا ٹکڑا ہو۔

(۳) مدار الصوابط

ورق ۲۸ ب اور ۳۳ الف پر عبدالباسط کا حوالہ ہے۔ یہ اقتباسات اوس کی کتاب مذکورۂ بالا (ورق ۹ الف و ۱۱ الف) میں پائے جاتے ہیں۔ البتہ ناقل کے تساہل کی بنا پر الفاظ میں قدرے اختلاف نظر آتا ہے۔

(۴) میر شمس الدین فقیر

ورق ۱۰۴ ب پر ان کا حوالہ ملتا ہے۔ لیکن حدائق البلاغہ میں اس کا پتا نہیں چلا۔

(۵) معیار الاشعار

یہ کتاب خواجہ نصیر الدین طوسی (متوفی سنہ ۶۷۲ھ = ۱۲۷۴ع) کی تصنیف ہے۔ یکتا نے ورق ۱۲۲ الف و ۱۲۸ الف پر ان کا حوالہ دیا ہے موخرالذکر مقام پر کتاب کا نام بھی مذکور ہے۔

(۶) مجمع الصنائع

یہ کتاب نظام الدین احمد بن محمد صالح الصدیقی الحسینی کی تالیف ہے، جو عہد عالمگیر کا ایک صوفی منش فاضل تھا۔ یکتا نے ورق ۱۵۹ ب پر اس کا حوالہ دیا ہے، جو نسخۂ مطبوعہ (مطبع حسنی لکھنئو) کے صفحۂ ۹۰ پر موجود ہے۔

(۷) رسالۂ بلاغت

ورق ۱۶۲ ب پر عبدالواسع کے نام سے جو اقتباس دیا ہے، وہ عبدالواسع کے رسالۂ بلاغت (مطبع مصطفائی، لکھنئو، سنہ ۱۲۶۱ھ) میں صفحۂ ۵۲ پر پایا جاتا ہے۔

(۸) تذکرۂ ہندی

خاتمۂ کتاب میں شعرا کا ذکر کرتے ہوئے، متعدد مقامات پر یکتا نے اس تذکرے کے ٹکڑے نقل کیے ہیں۔ ان میں سے دو جگہ (صفحہ ٦٩ و ٧٠) لفظ تذکرہ کے ساتھ اور بقیہ مقامات (صفحہ ٧٧ و ٨٥) پر مصحفی کے نام کے ساتھ ان اقتباسات کو پیش کیا گیا ہے۔

مذکورۂ بالا تمام حوالے، صرف و نحو ہندی کے ماسوا دوسرے مباحث کے اندر پائے جاتے ہیں۔ صرف و نحو ہندی پر کوئی کتاب یکتا کے سامنے نہ تھی۔ اس لیے یہاں کوئی حوالہ نظر نہیں آتا۔

چند نکات

کتاب میں جابجا ادبی و تاریخی نکتے بھی مذکور ہیں۔ ان میں سے دو چار کا تذکرہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ مثلاً:

(۱) یکتا اسے ناپسند کرتا ہے کہ فصحا کے محاورے کے برخلاف، الفاظ کے تلفظ میں صحت اعراب یا ادای مخرج کا لحاظ کیا جائے۔ چنانچہ اس کے خیال میں «غدار» کو، جو عام طور پر غین کے زبر کے ساتھ بولا جاتا ہے، بکسر غین، بر وزن ادرار، پڑھنا اور زبردستی حلق سے عین اور حای حطی کا نکالنا سامعین کو اپنے آپ پر ہنسانا ہے۔ ہاں، اگر کوئی لفظ عوام کی بولچال میں تلفظ اصلی سے ہٹ جائے، تو اوسے ضرور صحیح طور پر استعمال کرنا چاہیے۔

(۲) یکتا نے اپنے عہد کے شرفا اور مستند شاعروں کے کلام میں عربی اور فارسی الفاظ کے ساتھ ٹھیٹ ہندی

کے لفظوں کے استعمال کا حسابی تناسب بھی مقرر کیا ہے۔ کہتا ہے کہ یہ لوگ اپنی بولچال میں تین چوتھائی عربی و فارسی اور ایک چوتھائی ہندی کے لفظ استعمال کرتے ہیں (ورق ۵۳ ب)۔

(۳) میر اور سودا کے کلام کے فرق کو ان الفاظ میں ظاہر کیا ہے:

«اگرچہ کلام فصاحت نظامش، مثل سعدی، بظاہر آسان بنظر می آید، ولی ممتنع است بیشتر شعرا مقلد او هستند، و مطلق طرزش نمی یابند۔ بخلاف مرزا محمد رفیع، کہ باوجود کمال پختگی کہ دارد، تقلیدش ہر صاحب فہمی را ممکن» (ص ۲۵)۔

اکثر ادیبوں اور نقادوں نے ان دونوں حکمت استادوں کے رنگ کا فرق بتایا ہے۔ لیکن یکتا نے جو حد مقرر کی ہے وہ اچھوتی اور واقعی ہے

(۴) میر کے حال میں یہ بھی لکھا ہے کہ:

«نواب آصف الدولہ مغفور و مرحوم ہم بعد رحلت مرزا، میر را از شاہ جہان آباد بحریہ طلب داشتہ، منصب عالی ملازم ساخت»۔ (ایضا)۔

حالانکہ تمام تذکرہ نویس یہ لکھتے ہیں کہ میر صاحب از خود لکھنؤ گئے اور جب آصف الدولہ کے دربار میں رسائی ہوئی، تو تنخواہ مقرر کی گئی۔

(۵) لطف اور آزاد دونوں نے میر صاحب کی نازک مزاجی کا ذکر کیا ہے۔ صاحب «گل رعنا» کو اس قسم کے واقعات سچے نہیں معلوم ہوئے لیکن یکتا بھی لطف و آزاد کا ہم خیال ہے، اور اون کی نازک مزاجی سے متعلق ایک واقعہ لکھتا

ہے۔ اگر یہ واقعہ صحیح ہے، تو پھر آزاد کے بیان کردہ قصوں کو نہ ماننے کی کوئی وجہ نہیں۔ (ایضاً)

(۶) قیام الدین قائم رامپوری کے متعلق لکھا ہے کہ ان کے کلام میں مرزا کی تالیف کلمات اور بندش الفاظ اور میر کی برشتگی و شکستگی یکجا نظر آتی ہے۔ یہ فخر صرف اسی ایک شاعر کو نصیب ہوا ہے کہ اس کا قصیدہ قصیدہ اور غزل غزل کہلانے کی مستحق ہے۔ ورنہ اکثر یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ یا تو قصیدہ غزل ہوکر رہجاتا ہے، اور یا غزل قصیدہ بنجاتی ہے۔ اسی طرح قائم کی مثنویاں اور رباعیات اپنے اپنے خصائص کی حامل ہیں۔

(۷) مصحفی کو ابتدائی میں ثانیء میر سودا لکھا ہے، اور یہ بھی لکھا ہے کہ جب یہ لکھنؤ پہنچے، وہاں جرأت کا طوطی بول رہا تھا۔ کسی نے ان کی طرف مطلق توجہ نہ کی۔ ناچار یہ جرأت کے مقابلے میں آڈٹے اور بیس سال تک جرأت اور اوس کے شاگردوں کے پورے لشکر سے تن تنہا جنگ کرکے، اہل ادب کو اپنی طرف مائل کیا اور آخر کار جرأت کے برابر، بلکہ اوس سے زیادہ شہرت حاصل کرلی۔ (ص ۹۴) تعجب ہے کہ اس سلسلے میں یکتا نے انشا کا نام نہیں لیا۔ حالانکہ آبحیات میں «مصحفی و مصحفن» والا معرکہ اونہیں سے پیش آیا تھا۔

(۹) انشا کی عمر کا ذکر عام تذکروں میں نہیں ملتا۔ مگر یکتا نے لکھا ہے کہ اونھوں نے ۶۰ سال سے کچھ زیادہ عمر پائی۔

اسی طرح نکتا نے یہ بھی لکھا ھے کہ آخر میں انشا دیوانے ہوگئے تھے، اور اسی حالت میں فوت ھوئے۔ (ص۱۰۷)

اس معاصرانہ بیان کے بیس سطر، مرزا اوج کے دیوانگی سے اختلاف کی کمزوری ظاھر ھوتی ھے۔ اور آزاد نے رنگین کی زبانی اون کا آخری حال جو کچھ لکھا ھے، اوس پر یقین آتا ھے (۱)

(۱۰) افسوس کے متعلق پتہ چلتا ھے کہ اونھوں نے نکتا کی ھمدانی میں حکیم محمد باقر صاحب لکھنوی سے کچھ طب پڑھی تھی، اور مرزا فخرالدین احمد خان بہادر، عرف مرزا جعفر، کے توسط سے کلکتے میں تصنیف اردو دانی ملازم ھوئے تھے۔ نکتا نے افسوس کا قطعۂ تاریخ وفات بھی لکھا ھے، جس سے ۱۲۲۴ھ برآمد ھوتے ھیں، ورنہ اب تک تذکروں میں صرف سال عیسوی ۱۸۰۹ ملتا تھا۔

(۱۱) اس کتاب سے ھمیں تین مشاعروں: (۱) مشاعرۂ مرزا حاجی، (۲) مشاعرۂ مولوی محب اللہ (۳) اور مشاعرۂ سید مہر اللہ خاں عمور کا پتا چلتا ھے، جن میں سے غالبا دوسرے مشاعرے کا ذکر اس سے پہلے کسی نے نہیں کیا۔

مآخذ حواشی

اس کتاب کے حاشیوں کی ترتیب میں جن کتابوں سے مدد لی گئی ھے، اون کی تفصیل حسب ذیل ھے:-

---

(۱) صاحب گل رعنا نے بھی (ص ۲۸۸) مرزا اوج کی روایت کو قبول کرتے ھوئے انشا کے جنون سے انکار کیا ھے۔

۱- مجمع النفائس، فارسی۔

یہ فارسی کے شاعروں کا تذکرہ ہے، جسے ہندوستان کے مایۂ ناز نقاد، سراج الدین علی خان، آرزو، اکبرآبادی متوفی سنہ ۱۱۶۹ھ (۱۷۵۶ع) نے تصنیف کیا ہے۔

دیباچے میں مصنف نے لکھا ہے کہ میرے شاگرد، مکند لال مخلص، نے اس کے ختم ہونے کی حسب ذیل تاریخ لکھی ہے:

این تذکرہ سخوراں گستان

یعنی چو نوشت سراج الدین خان

مخلص، ز آرزو چنین کرد رقم

«گلزار خیال اہل معنیء جہان»

چونکہ چوتھے مصرع کے ۱۱۶۴ عدد ہوتے ہیں، اس لیے ۱۱۶۴ھ (۱۷۵۰–۵۱ع) میں اس کا ختم ہونا چاہیے دوسرے شواہد بھی اسی تاریخ کے مؤید ہیں مثلاً میر میر کے نکات الشعرا میں جو غالباً ۱۱۶۵ھ (۱۷۵۱ع) کی تصنیف ہے، اس کا کئی جگہ حوالہ دیا ہے۔ میر غلام علی آزاد بلگرامی نے، سرو آزاد (ص ۲۲۸) میں جو کئی سال کی کوشش کے بعد ۱۱۶۶ھ (۱۷۵۲ع) میں ختم ہوا تھا، اس کا زیر تالیف ہونا بیان کیا ہے، اور خزانۂ عامرہ (ص ۱۱۷) میں، جو ۱۱۷۶ھ (۱۷۶۲ع) کی تصنیف ہے، لکھا ہے کہ یہ تذکرہ مذکورۂ بالا سنہ ۱۱۶۴ھ میں مرتب ہوا ہے۔

لیکن مصنف نے اس تذکرے کی ابتدا اس تاریخ سے برسوں پہلے کردی تھی۔ شروع میں یہ منتخب اشعار کی ایک بیاض تھی۔ رفتہ رفتہ اس نے تذکرے کی حیثیت اختیار کرلی۔

مصنف نے دیباچے میں یہ بھی بتایا ہے کہ اونھیں اس کی ترتیب کا خیال کس طرح اور کب پیدا ہوا، اور اس طویل اور وقت طلب کام میں کس کس نے اون کا ہاتھ بٹایا۔

اس کے واقعی آغاز کا تعین دشوار ہے۔ تاہم کتاب کے بعض مقامات سے پتہ چل جاتا ہے کہ ۱۱۶۴ھ سے کتنا پہلے مصنف اس کی ترتیب میں مشغول تھا۔

(۱) لطف اللہ خان نثار کے ذکر میں آرزو نے لکھا ہے:

«دریں سنہ، کہ ہزار و یکصد و پنجاہ، نہ ہجریست، دو ماہ پیش از یں برحمت ایزدی پیوست» (۴۶۴ ب)۔

تاریخ محمدی (۵۹۶ ب) میں غرۂ ربیع الاول سنہ ۱۱۵۹ھ (۱۷۴۶ع) تاریخ وفات مندرج ہے۔ لہذا نثار کا حال جمادی الاولی سنۂ مذکورہ میں لکھا جانا چاہیے

(۲) کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں، اس تذکرے کی پہلی جلد کا ایک نسخہ محفوظ ہے جس کے ایک ورق پر چند سطریں، خود آرزو کے قلم کی لکھی ہوئی ہیں۔ چونکہ اس جلد کی ترتیب حروف تہجی کے مطابق نہیں ہے۔ اس لیے بجا طور پر اسے مسودہ کہا جاسکتا ہے۔ اس مسودے میں قزلباش خان امید کو «سلمہ ربہ» کے الفاظ سے یاد کیا ہے (۳۶۷ الف)۔ تاریخ محمدی (۵۹۶ ب) میں ان کی تاریخ وفات، ۹ جمادی الاولی سنہ ۱۱۵۹ھ لکھی ہے۔ لہذا آرزو نے ان کا حال جمادی الاولی سنۂ مذکورہ سے پہلے لکھا ہوگا۔

(۳) اسی مسودے میں شیخ علی حزیں کے متعلق لکھا ہے:

«نہ سال یا زیادہ باشد، کہ وارد ہندوستان گشتہ۔ از تسلط نادر شاہ برقلمرو ایران، دریں ملک آمدہ، و در ہنگامیکہ شاہنشاہ بر ہندوستان نیز مسلط گردید، و شاہجہان آباد دہلی تصرف او

در آمده، طرف آگره رفته، در گوشۂ خزیده بود. بعد از رفتن افواج شاهی باز بدهلی آمده. چون کسی، چنانکه باید، قدر او نشناخت، عزم ولایت عازم لاهور گشته، بشهر نتوانست رفت. در ... که عمدة الملك امیر خان بهادر از اله آباد حضور رسید، به توقع قدر شناسی باز بشاهجهان آباد آمد. چند گاه دیگر نیز کما و فقا سواری درین شهر بوده، که بخشش مدد کرد و اصالتش باور ... بوده. باعمدة الملك دوازده لك دام جد از بادشاه برای او گرفته حالا عمت و ... مکرر ... رساله مشتمله [illegible] خود نوشته، دعه مهمل بلند داده » (۱۰۳ الف).

آرزو نے جس وقت یہ الفاظ لکھے ہیں، اُس وقت (الف) حزیں اپنی سوانح عمری لکھ چکے تھے۔ (ب) وہیں عمدہ ہندوستان آئے نو برس یا اس سے کچھ زیادہ عرصہ ہو گیا تھا۔ (ج) اور وہیں عمدۃ الملک امیر خان بہادر کی سفارش پر بادشاہ نے ۱۲ لاکھ کھرے دام کی عطا ورد کیے تھے، جس کے سبب سے اُن کی زندگی آرام سے گزرنے لگی تھی۔

(الف) حزیں نے اپنی سوانح عمری ۱۱۵۴ھ (۱۷۴۱ع) کے آخر میں ختم کی تھی۔ چنانچہ اس کے خاتمے میں لکھتے ہیں:

« الحال حزین ورود شاهجهان آباد بحال تحریر، که آخر سال اربع و خمسین و مائة بعد الالف است، سه سال و کسری گذشته که درین بلده اوقات بسر رفته، و پیوسته در خیال حرکت و نجات ازین کشور، که بعنایت ... افتاده، بوده ام. و از کثرت موانع عایقه میسر نامده » (ص ۱۴).

اس سے دو باتیں معلوم ہوتی ہیں: پہلی یہ کہ اس کا اختتام ۱۱۵۴ھ کے آخر میں ہوا، اور دوسری یہ کہ اُس وقت تک اُنھیں کوئی انعام نہیں ملا تھا، جس کے باعث سے اطمینانِ خاطر کے ساتھ یہاں زندگی نہیں گزار سکتے تھے۔ لہذا یقینی ہے کہ آرزو نے حزیں کا حال ۱۱۵۴ھ کے گزر جانے کے بعد لکھا ہے

چونکہ انعام ملنے کا واقعہ عمدہ الملک کے الہ آباد سے واپس ہونے کے بعد کا ہے، لہذا یہ دیکھنا چاہیے کہ عمدہ الملک الہ آباد کب جا کر کس وقت واپس ہوئے۔ میر ولی اللہ نے تاریخ فرخ آباد میں لکھا ہے کہ عمدة الملک ۱۱۵۲ھ (۱۷۳۹ع) میں الہ آباد جاتے ہوئے فرخ آباد سے ہو کر گزرے تھے (۸۰ الف) خزانۂ عامرہ (ص ۷۶) میں بھی ان کے الہ آباد کی صوبیداری پر مقرر ہونے کا یہی سال تحریر ہے۔ قائم نے مخزن نکات (ص ۳۲) میں انجام تخلص کے تحت ان کا ذکر کرتے ہوئے یہ لکھا ہے کہ

«آخر الامر نوشتۂ اعتمادالدولہ بہادر بحضور آمد۔ سہ سال تمام بر آں کشید کہ قضا برگ پان بصورت خنجر فولاد ساختہ برای رخصت روح او فرستاد»۔

عمدہ الملک نے ۲۳ ذی الحجہ ۱۱۵۹ھ (۱۷۴۶ع) کو دہلی میں شہادت پائی ہے (تاریخ محمدی، تحت ۱۱۵۹ھ)۔ قائم لکھتا ہے کہ وہ الہ آباد سے واپس آنے ہوئے پورے ۳ برس ہو چکے تھے۔ اس حساب سے وہ ۱۱۵۷ھ (۱۷۴۴ع) کے آغاز میں دہلی واپس آنا چاہیے لیکن آزاد نے خزانۂ عامرہ میں لکھا ہے کہ وہ ۱۱۵۶ھ (۱۷۴۳ع) میں بادشاہ کی طلب پر دہلی واپس آئے۔ حاتم کے دیوان زادہ میں (۱۳۰ب) ایک عرضی عمدہ الملک کے نام مندرج ہے، جس کا سنۂ تالیف ۱۱۵۶ھ بتایا گیا ہے۔ اس سے آزاد کے بیان کی تائید ہوتی ہے؛ کیوں کہ اگر عمدہ الملک اس سنہ میں دہلی کے بجائے الہ آباد میں ہوتے، تو اس عرضی کا وہاں بھجایا جانا کچھ زیادہ قرین قیاس نہیں تھا۔ لہذا اس سال کے بعد حزیں کو انعام دلانا چاہیے۔ چونکہ آرزو نے حزیں کے متعلق یہ لکھا ہے کہ وہ یہیں

ہندوستان آئے ہوئے سو برس یا اس سے زیادہ گزر چکے ہیں،
اور یہ آزاد کے بیان کے مطابق (سرو آزاد: ۲۲۵، خزانۂ عامرہ:
۱۹۴) سنہ ۱۱۴۷ھ (۱۷۳۴ع) میں سمندر کے راستے سے بندرگاہ ٹھٹھہ
میں اترے تھے، لہذا اس تاریخ کو سامنے رکھ کر آرزو کے
سو برس یا اس سے زیادہ کا حساب لگایا جائے، تو تخمیناً ۱۱۵۷ھ ہی
نتیجہ نکلتا ہے یہی ان کے انعام پانے اور پھر آرزو کے
تذکرے میں ان کا حال لکھے جانے کا یہی سال قرار پاتا ہے۔
چونکہ آرزو نے لفظ «حالا» بھی استعمال کیا ہے۔ اس لیے یہ قیاس
درست ہوگا، کہ ان کا ذکر کرتے وقت، بادشاہ کے حضور سے
انعام پائے زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا۔ اور انعام تخمیناً ۱۱۵۷ھ
میں ملا ہے۔ پس ان کا حال بھی اسی سال کے اندر لکھا
جانا چاہیے۔

مجمع میں آرزو نے حزیں کے سفر بنگالہ اور قدم بوسی کا
ذکر «دریں ولا» لکھ کر کیا ہے، جو سرو آزاد (ص ۲۲۵) کے
مطابق، ۱۱۶۱ھ (۱۷۴۸ع) کے بعد کا واقعہ ہے۔ اس لیے یہ قیاس بیجا
نہ ہوگا کہ اس سال کے بعد، کتاب کو مرتب کرتے وقت، تازہ
واقعات کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ جس کی مثالیں خود اس کتاب
کے اندر بھی کچھ کم نہیں ہیں۔

اب یہ دیکھنا چاہیے کہ ۱۱۶۴ھ کے بعد مصنف نے کہاں کہاں
اور کس کس سال میں نئے معلومات کا اضافہ کیا ہے۔ کتاب
کے بغور مطالعے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ آرزو نے آئندہ تین سال
میں جابجا ترمیم کی ہے، اور یہ سلسلہ محرم سنہ ۱۱۶۸ھ (۱۷۵۴ع) میں

لکھنؤ روانہ ہونے سے قبل تک جاری رہا ہے۔ چنانچہ محمد علی رائج سیالکوٹی کے متعلق لکھا ہے کہ «پانزدہ، شانزدہ سال است کہ برحمت ایزدی پیوستہ» (۳۶۱ب)۔ آزاد بلگرامی نے سرو آزاد (ص ۲۰۴) اور خزانۂ عامرہ (ص ۲۴۴) میں رائج کا سال وفات ۱۱۵۰ھ (۱۷۳۷ع) بتایا ہے۔ میں نے ایک کتاب میں «باد حشرش بعلی حیدر» مادۂ تاریخ پڑھا ہے۔ اس کا پہلا مصرع یاد نہیں رہا۔ اگر اس جگہ تعمیہ نہیں ہے، تو اس کے اعداد ۱۱۴۹ ہوتے ہیں۔ بہرحال رائج کا تذکرہ ۱۱۶۴ھ، یا ۱۱۶۵ھ، یا ۱۱۶۶ھ میں لکھا گیا ہے۔

شیخ سعد اللہ گلشن کے بارے میں لکھتے ہیں کہ «بیست و پنج سال پیش ازین بعالم علوی خرامیدند» (۳۸۵ الف)۔ شیخ نے سرو آزاد (ص ۱۹۹) کی روایت کے مطابق ۲۱ جمادی الاولی سنہ ۱۱۴۱ھ (۱۷۲۸ع) کو رحلت کی ہے۔ اس حساب سے ان کا حال ۱۱۶۶ھ (۱۷۵۲ع) میں لکھا جانا چاہیے۔

فغانی کے ذکر میں فرماتے ہیں:

> «دریں ایام تتبع دیوان مذکور اختیار کردہ ام۔ چنانچہ در عرصۂ سہ چہار ماہ شصت غزل گفتہ شدہ۔ اگر عمر وفا میکند، دیگر هم گفتہ می آید، انشاء اللہ تعالی، و الاحسن۔
> تا بیست و چہارم شہر ربیع الاول سنہ ۱۱۶۶ھ با ردیف واو رسیدہ ام۔ اگر ارادۂ ازلی متعلق شدہ، تمام کردہ خواهد شد۔ اما بسبب شورش دہلی و فساد هندوستان که درین چند ماهه واقع شدہ، الا یعیش ازین با تمام نرسید۔ منه عفی عنه۔
> دیگر، مخفی نماند که این عزیزان که تتبع بابا کردہ اند، غیر غزلہای معدود نگفته اند۔ هیچ کس تتبع تمام دیوان نکردہ، الا ملا شانی تکلو، و این عاصی هرچند با تمام نرسانیدہ۔ اما امید قوی از جناب کریم مطلق است که تو فیق آن بابد، هرچند در مرحلۂ شصت و هشتم است از عمر یاد دادہ اللهم (وفقنی) بما تحب و

(مرضی سنه ۶۶ی سنه »

اس عبارت کا دوسرا پیراگراف ۲۴ ربیع الاول ۱۱۶۶ھ کو بڑھایا گیا ہے، اور تیسرا ۶۸ ویں سال کی عمر میں۔ آرزو کی پیدائش کا سال « نزل غیب » سے ظاہر ہوتا ہے، جس کے اعداد ۱۰۹۹ ہیں اگر ان دونوں عددوں کو جمع کیا جائے، تو ۱۱۶۷ حاصل جمع ہوگا چونکہ اس تیسرے پیراگراف کو « دیگر » کے لفظ سے شروع کیا ہے، اسلیے ہمیں اسے دوسرے کے بعد لکھا جانا چاہیے، اور کچھ بعید نہیں کہ ۱۱۶۷ھ (۱۷۵۳ع) ہی میں بڑھایا گیا ہو۔

سرو آزاد (ص ۲۲) میں آرزو کا سنہ پیدائش سنہ ہای صدی یازدهم، اور خزانۂ عامرہ (ص ۱۱۷) میں ۱۱۰۱ھ بھی ملتا ہے۔ ان دونوں صورتوں میں تذکرہ ۱۱۶۸ھ (۱۷۵۴ع) یا ۱۱۶۹ھ (۱۷۵۵ع) میں تحریر ہوگا۔ مگر میری رائے میں اس قسم کے ترمیم کام آرزو نے دہلی میں انجام دیے ہوں گے، جو ان کا وطن ہوچکا تھا۔ آخر محرم سنہ ۱۱۶۸ھ میں دہلی چھوڑ کر لکھنؤ پہنچے، ابتداء تلاش معاش اور بعد ازاں موت نے انہیں مہلت کب دی ہوگی کہ تذکرے میں ترمیم و تبدیل کرتے؟

میر بھی میر کے ذکر میں لکھا ہے:

«از چند سال بجناب معلی القاب عمدة الملک مہاراجہ بہادر ..
میگزراند مہاراجہ کہ در عہد فرخندہ مہد حضرت فردوس
آرامگاه، و بعد ازان در زمان خلافت و آوان سلطنت احمد شاه بادشاه،
مربع نشین چار بالش دیوانی خالصۂ شریفہ و دیوانی تن و
ازان بار . برتبۂ عالی مرتبۂ نائب الوزارة کامروای نامداران
عالم و صاحب السیف و القلم شدند» (۴۰۴ الف).

میر نے اپنی سوانح عمری (ص ۷۵ و ۷۶) میں جو کچھ لکھا

ہے، اوس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عالمگیر ثانی کی تخت نشینی کے بعد اور معین الملک کے انتقال سے قبل راجہ ناگرمل نائب وزیر مقرر کیے گئے، اور «مہاراجہ عمدہ الملک» خطاب ملا۔ لیکن یہاں واقعات کی ترتیب درست نہیں ہے۔ کیونکہ عالمگیر ثانی ۱۰ شعبان ۱۱۶۷ھ (۳ جون ۱۷۵۴ع) کو تخت نشین ہوا تھا، اور معین الملک، خزانۂ عامرہ (ص ۹۸) کے بیان کے مطابق، محرم سنہ ۱۱۶۷ھ (نومبر ۱۷۵۳ع) میں گھوڑے سے گرکر فوت ہوا ہے۔ بہرحال یہ یقینی امر ہے کہ ناگرمل عالمگیر ثانی کے عہد میں نائب وزیر بنایا گیا تھا چنانچہ مولوی قدرت اللہ شوق رامپوری نے جام جہان نما (۵۴ الف) میں، عالمگیر ثانی کے سال اول جلوس میں لکھا ہے کہ

> «ناگرمل در عہد محمد شاہ خدمت دیوانیء خالصہ داشت، و در عہد احمد شاہ دیوانیء تن ہم بران مزید شد، و درین وقت نیابت وزارت باو مفوض گشت»۔

ان امور کے پیش نظر یہ یقینی ہے کہ آرزو نے میر تقی کا حال شعبان ۱۱۶۷ھ (جون ۱۷۵۴ع) کے بعد لکھا ہے۔

لیکن یہاں یہ امر واضح کردینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ۱۱۶۶ھ اور ۱۱۶۷ھ کے سابق الذکر دونوں واقعات اور میر تقی کا حال میری رائے میں اصل نسخے کے حاشیوں پر بڑھائے گئے ہوں گے۔ بعد میں اس نسخے کے کاتب نے اون کو متن میں شامل کرلیا ہے۔ اسکا ثبوت یہ ہے کہ پہلے دونوں اضافوں کے ساتھ الفاظ «منہ عفی عنہ» کاتب نے متن میں نقل کردیے ہیں۔ جو ہمیشہ منہیات کے ساتھ حاشیوں پر لکھے جاتے ہیں۔ میر کا حال اگرچہ متن میں اس لفظ کے ساتھ نقل نہیں کیا گیا ہے، مگر یہ ۳، ۴ ورق متن کے خط سے مختلف عمدہ نستعلیق میں کسی دوسرے نے لکھے

ہیں۔ اس خط کے لکھے ہوئے اشعار اور الفاظ کتاب کے دوسرے حاشیوں پر بھی جابجا نظر آتے ہیں، جس سے میں یہ قیاس کرتا ہوں کہ یہ کتاب کے مصحح کا خط ہے۔ میرؔ کا حال وغیرہ پہلے کاتب نے نہیں لکھا تھا۔ مصحح نے نئے ورق داخل کرکے، وہ مصرع جو سابق الذکر شاعر کا آئندہ صفحے پر تھا، اور اوسکی ترك چھیل کر میرؔ کے حال کے شروع میں لکھدی ہے، اور اسطرح آخری صفحے پر جگہ نہ رہنے کے باعث کچھ میرؔ کے شعر حاشیے پر بھی لکھے ہیں۔

اس کتاب کے دو نسخے کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں محفوظ ہیں۔ جس نسخے کا حواشی میں حوالہ دیا گیا ہے، وہ خاتمے کے بیان کے مطابق ۱۱۷۸ھ (۱۷۶۴ع) میں میر تقی کے مربی، مہاراجہ عمدہ الملك بہادر، کے لیے جسپت رائے کھتری نے کومھیر میں نقل کیا تھا۔ یہ $\frac{۲۲ \times ۱۸}{۴}$ سائز کے ۵۲۱ اوراق پر مستمل ہے۔ اور ابھی تك طبع نہیں ہوا ہے۔

۲۔ گلشن گفتار، مطبوعہ۔

یہ خواجہ خان حمیدؔ اورنگ آبادی کی تصنیف اور فارسی زبان میں اردو کے ۳۰ شاعروں کے حالات پر چھوٹی سی کتاب ہے، جسے بجا طور پر اردو کا سب سے پہلا تذکرہ کہا جاسکتا ہے، کیونکہ دیباچے میں مصنف نے «گلشن بزم گفتار ہے» اسکا مادۂ تاریخ لکھا ہے، جس سے ۱۱۶۵ھ (۱۷۵۲ع) برآمد ہوتے ہیں۔

یہ تذکرہ سید محمد صاحب، ایم۔اے، بی، حیدرآباد سے ۳۰ بہمن ۱۳۳۹ ف کو ایك مفید دیباچے اور حواشی کے ساتھ چھوٹے سائز کے ۶۸ صفحوں پر چھاپ کر شایع کردیا ہے۔

۳ ـ نکات الشعرا (نکات)، قلمی ـ

یہ استاد شعرای ھند، میر محمد تقی میر، متوفی سنہ ۱۲۲۵ھ (۱۸۱۰ع) کی تصنیف ھے، جس میں ۱۰۳ اردو گو شاعروں کے مختصر حالات اور منتخب کلام مندرج ھے ـ

میر صاحب نے کسی جگہ تصنیف کا سال صراحۃ نہیں بتایا ھے ـ البتہ اندرام مخلص، متوفی ۱۱۶۴ھ (۱۷۵۱ع) کے حال میں کہتے ھیں کہ « قریب یکسالست کہ درگزشت » (ص ۸) ـ اس سے ڈاکٹر اشپرنگر (۱) یہ قیاس کرتا ھے کہ اس کا سنۂ تالیف ۱۱۶۵ھ (۱۷۵۲ع) ھے ـ مولوی عبدالحق صاحب نے بھی اسے تسلیم فرمالیا ھے، اور یہ لکھا ھے کہ چونکہ گردیزی نے اپنا تذکرہ میر صاحب ھی کے جواب میں لکھا ھے،.. . اس لیے اس سنہ ـ کی صحت کی پوری تصدیق ھوجاتی ھے (۲) ـ

کتاب کے مطالعے سے اس کے آغاز و انجام پر حسب ذیل روشنی پڑتی ھے :ـ

۱ ـ جعفر علی خان زکی کے ذکر میں میر نے لکھا ھے :

> « بادشاہ محمدشاہ، بر او فرمایش مثنوی‌ء حقہ کردہ بود ـ دو سہ شعر موزون کرد ـ دیگر سرانجام ازو نیافت ـ اکنون شیخ محمد حاتم، کہ نوشتہ آمد، باتمام رسانید ـ و آن مثنوی خالی از مزہ نیست » (ص ۱۳۶)

حاتم نے « دیوان زادہ » میں اس مثنوی کے عنوان پر لکھا ھے کہ « حسب الحکم محمد شاہ بادشاہ، معروف جعفر علی خان صادق »

---

(۱) فہرست کتابخانہای شاہ اودھ ۱۷۵ ـ

(۲) مقدمۂ نکات، طبع ثانی، صفحہ ح ـ

یہ مثنوی نظم کی گئی ہے (۸۹، الف)۔ اگر لفظ «اکنون» جو میر صاحب ہی کا لکھا ہوا ہے، اور کاتبوں نے اپنی طرف سے اس کا اضافہ یا کسی دوسرے لفظ کی جگہ اس کی نسبت کا ارتکاب نہیں کیا ہے، تو اس کا یہ مطلب ہوگا کہ نکات الشعرا کی یہ عبارت محمد شاہ، متوفی ۱۱۶۱ھ (۱۷۴۸ع)، کی زندگی میں یا اوس کے انتقال سے کچھ بعد لکھی گئی تھی۔ چونکہ حاتم کے مسلسل نام میں میر صاحب نے صرف ایک شعر (۱) اوس غزل کا چھاپا ہے جو ۱۱۶۱ھ کے کسی مشاعرے کی طرح میں لکھی گئی تھی اس بنا پر قرین قیاس یہ ہے کہ زکی اور حاتم کا حال اسی سنہ میں تحریر کیا ہے۔ اگر میر صاحب نے حاتم کا حال زیادہ بعید زمانے میں لکھا ہوتا، تو اون کی بعد کہی ہوئی غزلوں کے شعر بھی چنتے، جو دلی کے مشاعروں میں برابر پڑھی جاتی رہی تھیں۔

۲ - دلاورخان بیرنگ کو میر صاحب نے زندہ بتایا ہے (ص ۱۰۱)۔ گردیزی لکھتا ہے کہ «سالی چند ازیں پیش، مراحل راہ مرگ پیمود»۔

اگر یہ تسلیم کیا جائے کہ گردیزی نے بیرنگ کا حال آخر ۱۱۶۵ھ میں لکھا ہے، اور «چند» سے صرف ۳ سال مراد ہیں،

(۱) وہ شعر یہ ہے،

داوں کی راہ خطرناک ہوگئی آیا؟
کہ چند روز سے موقوف ہے پیام و سلام

یہ شعر دیوان زادے کے قلمی نسخہ کتابخانۂ رامپور میں ورق ۱۷ پر موجود ہے۔

تو اوس کا سال انتقال ۱۱۶۲ھ قرار پائے گا، اور اس صورت میں میر صاحب نے اوس کا حال ۱۱۶۲ھ سے قبل یا اسی سال، انتقال سے پہلے، لکھا ہوگا۔

تین مقامات پر میر صاحب نے خان آرزو کے تذکرے کا حوالہ دیا ہے۔ آرزو کا یہ تذکرہ ۶۴۰۵--۱۱۵۷ھ (۱ --۱۷۴۴ع) میں تمام ہوا تھا۔ اسی طرح دکنی شاعروں کے حال میں سید عبدالولی عزلت سورتی کے حوالے نظر آتے ہیں۔ خود ان کے ذکر میں میر صاحب نے لکھا ہے کہ یہ تازہ وارد ہندوستان ہیں۔ آزاد بلگرامی نے سرو آزاد (ص ۲۳۶) میں اور عاشقی نے نشتر عشق (۴۵۶ الف) میں تحریر کیا ہے کہ ان کا دهلی میں ورود ۲۰ جمادی الاولی سنہ ۱۱۶۴ھ (۷ اپریل ۱۷۵۱ع) کو ہوا تھا۔

ان دونوں باتوں کو پیش نظر رکھکر یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ میر صاحب نے اس سنہ و ماہ کے بعد تذکرہ مکمل کیا۔

مخلص، متوفی ۱۱۶۴ھ، کے بارے میں کہتے ہیں کہ ان کو مرے ایک سال کے قریب ہوا۔ مخلص کی وفات کا مہینہ ہمیں معلوم نہیں ہے البتہ یہ ہمارے علم میں ہے کہ احمد شاہ، بادشاہ دهلی، کے جلوس کا چوتھا سال تھا۔ احمد شاہ ربیع الثانی سنہ ۱۱۶۱ھ میں تخت نشین ہوا تھا۔ لہذا اس کا چوتھا سنۂ جلوس، ربیع الثانی ۱۱۶۴ھ سے شروع ہوکر ربیع الثانی ۱۱۶۵ھ پر ختم ہونا چاہیے۔ اس لیے ہم یقین کے ساتھ کہ سکتے ہیں کہ ربیع الثانی ۱۱۶۵ھ کے لگ بھگ نکات الشعرا لکھا جارہا تھا اور

چونکہ حسب بیان ذکر میر (ص ۷۲ و ۷۳) میر صاحب نے، شعبان ۱۱٦۵ھ (جون ۱۷۵۲ع) میں، نواب بہادر کے مقتول ہوجانے کے بعد، اپنے سوتیلے ماموں، خان آرزو، کی ہمسایگی چھوڑی ھے، اس لیے بعید ہیں کہ اس تاریخ سے قبل ھی تذکرہ ختم کرچکے ہوں، ورنہ تذکرے میں، اونھیں « استاد و پیر و مرشد بندہ » کے لفظوں سے یاد نہ کرتے۔

بحث کا خلاصہ یہ ھے کہ میر صاحب نے تقریباً ۱۱٦۱ھ میں یا اس کے کچھ بعد اپنا تذکرہ لکھنا شروع کیا تھا۔ اوس وقت تک اس موضوع پر کسی کتاب کا لکھا جانا میر صاحب کے علم میں نہ تھا۔ سنہ ۱۱٦۴ھ میں وہ اس کام میں مشغول تھے۔ مخلص کی وفات کے ایک برس بعد تک بھی یہ کام ختم ہیں ہوا تھا۔ اور آرزو کے متعلق اونھوں نے جو عمدہ تعریفی کلمات استعمال کیے ہیں، وہ شعبان ۱۱٦۵ھ کے قبل کے لکھے ہوئے ہیں، جب کہ وہ آرزو کے یہاں یا اون کے پڑوس میں رہا کرتے تھے

۴۔ تذکرۂ ریختہ گویان (گردیزی)، قلمی۔

یہ سید فتح علی خان گردیزی دھلوی، متوفی ۵ شعبان ۱۲۲۴ھ (۱٦ ستمبر ۱۸۰۹ع)، کا مرتب کیا ہوا، ۹۷ اردوگو شاعروں کا تذکرہ ھے (۱)، جو خاتمے کی تصریح کے مطابق ۵ محرم ۱۱٦٦ھ

(۱) مولوی عبدالحق صاحب نے نسخۂ مطبوعہ کے دیباچے میں ۹۸ شاعر بتائے ہیں۔ لیکن در اصل پاکبار کے ذکر میں مصنف نے لکھا تھا، کہ « این شعر خوش گاہ قزلباش خان مرحوم است » اور اس کے بعد پاکبار کا وہ شعر لکھا تھا اس کو مولوی صاحب نے قزلباش خان کا ذکر خیال کر کے عنوان قرار دے لیا، اور اس طرح ۹۸ شاعر شمار کر لیے۔ اولا تو اس عبارت کا مطلب یہ ھے کہ پاکبار کا یہ شعر قزلباش خان کو پسند تھا۔ ثانیاً گردیزی کا تذکرہ حروف تہجی پر مرتب ھے۔ (باقی)

(۱۳ نومبر ۱۷۵۲ع) کو ختم ہوا تھا۔

اس تذکرے کی بعض عبارتوں سے اس کے آغاز، اور ختم تالیف کے بعد کے اضافوں پر حسب ذیل روشنی پڑتی ہے۔

میر ناصر ساماں، ولی اللہ اشتیاق سرھندی، اور اسد یار خان انسان کو لکھا ہے کہ ان کے انتقال کو چند سال ہوئے۔ سفر عشق (۱۷۳ الف) میں ساماں کا سال وفات ۱۱۴۷ھ (۱۷۳۴ع) اور اشتیاق کا (۸۷ ب) ۱۱۵۰ھ (۱۷۳۷ع) اور تاریخ محمدی (۵۹۶ الف) میں انسان کا سنۂ وفات ربیع الاول ۱۱۵۸ھ (۱۷۴۵ع) مندرج ہے۔ «چند» کا لفظ ۳ سے ۹ تک کے اعداد پر بولا جاسکتا ہے اگر ہم یہ تسلیم کرلیں کہ گردیزی نے ہر جگہ «چند» سے تین سال مراد لیے ہیں، تو ان مرحومین کے سالہای وفات کے پیش نظر، ان کا حال ۱۱۵۰ھ، ۱۱۵۳ھ اور ۱۱۶۱ھ میں لکھا جانا چاہیے۔ اور اگر یہ کہا جائے کہ گردیزی کی مراد ہرجگہ نو ہے، تو پھر ان کا حال علی الترتیب ۱۱۵۶ھ، ۱۱۵۹ھ اور ۱۱۶۷ھ میں لکھا گیا ہوگا۔ اور اگر سنہ ۱۱۶۵ھ سے حساب کیا جائے، تو پھر علی الترتیب «چند» کا اطلاق ۱۸، ۱۲ اور ۷ برس پر ہوگا۔ ان میں سے آخری استعمال تو صحیح رہتا ہے، مگر دو پہلے قطعاً درست نہیں، نہ حساب کی رو سے اور نہ ہمارے روز مرہ کے اعتبار سے۔ اس بنا پر میرا خیال یہ ہے کہ گردیزی نے « چند » سے نو سال مراد لیے ہیں،

(بقیہ) قزلباش خاں کا تخلص امید تھا۔ اگر تخلص کے لحاظ سے اس کا ذکر کیا جاتا، تو حرف الف میں جانا چاہیے تھا، اور اگر نام کے اعتبار سے ذکر ہوتا، تو حرف ق میں جاتا۔ حرف یا میں کسی طرح مذکور نہ ہوتا۔ چنانچہ رامپور کے قلمی نسخے میں اور وصل الکلمات میں یہ سب شعر یاکار ہی کے نام سے لکھے ہیں۔

اور اس کا آغاز ۱۱۵۶ھ کے قریب کیا ہے۔

۵ محرم ۱۱۶۶ھ کو تذکرہ ختم کرکے، بعد میں بھی گردیزی نے کچھ باتیں بڑھائی ہیں۔ چنانچہ دلاور خان بیرنگ کو لکھا ہے کہ چند سال ہوئے کہ اس کا انتقال ہو گیا۔ یہ شخص نکات الشعرا کی ترتیب کے وقت زندہ تھا۔ اگر یہ تسلیم کیا جائے، کہ ختم نکات تک زندہ تھا، تو پھر اس کا یہ مطلب ہوگا کہ گردیزی نے اس کا حال کم از کم ۱۱۶۸ھ میں لکھا ہے۔

عمدہ الملک امیر خان انجام کو لکھا ہے کہ آج سے چھ سال قبل زحمت امردی سے حاملے انھوں نے ۲۳ ذیقعدہ سنہ ۱۱۵۹ھ (۲۷ دسمبر ۱۷۴۶ع) کو شہادت پائی ہے۔ ظاہر ہے کہ ۵ محرم ۱۱۶۶ھ کو انھیں شہادت پائے، ۵ برس ۱۱ دن ہوئے تھے۔ اس صورت میں کسی طرح انھیں «شش سال پیش از ین» متوفی نہیں کہا جا سکتا۔ لہذا یہ عبارت ۱۱۶۶ھ کے آخر یا ۱۱۶۷ھ کے آغاز میں لکھی جانی چاہیے۔

مرزا جانجاناں مظہر کے حال میں لکھا ہے:

> «از بدو حیات الی یومنا ہذا، کہ عمر شریفش بہ پیمائش خطوہ ستین است، از مبلد مشی توکل و انزوا بسر بردہ»۔

اس عبارت میں «خطوۂ ستین» قابل غور ہے۔ اس فقرے کے لغوی معنی ہیں، «ساٹھواں قدم» چونکہ گردیزی عام طور پر عمر نہیں لکھتا، اس لیے قیاساً اوس نے سوچ سمجھ کر مرزا مظہر صاحب کی عمر کا اندازہ لکھا ہوگا۔ مرزا صاحب دھلی میں مقیم تھے، اور خود گردیزی بھی وھیں رھتا تھا، اور اون کا ہم مشرب اور مداح تھا۔ پس کوئی وجہ نہیں کہ اس نے خود

اون کی ربائی سال پیدائش کا ذکر نہ سنا ہو، یا بصورت دیگر، اون کی عمر کا صحیح اندازہ نکیا ہو۔ مرزا صاحب کا سال ولادت ۱۱۱۰ھ (۱۶۹۸ع) سے ۱۱۱۳ھ (۱۷۰۱ع) تك بتایا جاتا ہے۔ اگر علی الاقل ۱۱۱۰ھ ہی کو اختیار کرلیا جائے، تو اون کا حال ۱۱۷۰ھ (۱۷۵۶ع) میں لکھا جانا چاہیے۔

آخر میں یہ سوال باقی رھتا ہے کہ کیا ۱۱۵۶ھ میں گردیزی کی اسی عمر تھی کہ وہ کوئی تذکرہ مرتب کرنے کا اھل ہوتا۔ اس کے متعلق یہ عرض ہے کہ ستر عسق (۱۷۹ الف) میں لکھا ہے کہ اوس نے ۹۵ برس کی عمر پاکر ہ شعبان ۱۲۲۴ھ (۱۶ ستمبر ۱۸۰۹ع) کو رحلت کی ہے، اور «انتخاب سلام» مادۂ تاریخ وفات ہے۔ اگر یہ بیان صحیح ہے، تو ۱۱۵۶ھ میں اوس کی عمر ۲۷ برس کی ہوگی۔ یہ عمر اس قسم کا کام انجام دینے کے لیے بالکل موزوں ہے۔ خود میر صاحب کی عمر تذکرہ ختم کرنے وقت ۳۰ برس کی تھی (۱)۔

اس تذکرے کا ایك قلمی نسخہ، جس میں دیباچہ اور ایك دو تراجم ساقط ہیں، غالباً سید محسن علی، مصنف سراپا سخن، کا لکھا ہوا، کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں موجود ہے۔ انجمن ترقی اردو نے اسے بھی چھاپ کر شائع کردیا ہے۔

۵ — وصل الکلمات (وصل) قلمی۔

یہ شاہ محمد حمزہ مارھروی، متوفی ۱۱۹۸ھ (۱۷۸۴ع)، کا کشکول ہے، جس میں مذھبی، تصوفی، تاریخی اور ادبی معلومات کا عظیم الشان ذخیرہ جمع کیا گیا ہے۔ کتاب ۲ جلدوں میں منقسم ہے، اور ہر مبحث «کلمة الله» یا صرف «کلمة» سے شروع

(۱) ملاحظہ ہو مقدمۂ کلیات میر، مرتبۂ آسی لکھنوی و مطبوعۂ نولکشور پریس لکھنؤ۔

ہوتا ہے۔ اس کی ایک جلد کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں اور دوسری جلد خانقاہ برکاتیہ، مارہرہ، میں موجود ہے۔

رامپور کے نسخے کے آخر میں « تم وصل الکلام » لکھا ہے، جس سے یہ قیاس ہوتا ہے کہ وصل الکلام اس کا نام ہے۔ مگر موجودہ سجادہ نشین خانقاہ مذکورہ نے اپنی ایک گرامی تحریر میں بتایا ہے کہ اس کتاب کا نام « وصل الکلمات » ہے۔ یہی نام اون کے تذکرے میں برمرۂ تصنیفات میں نے بھی دیکھا ہے۔

شاہ صاحب نے اس کشکول میں شعرای فارسی و اردو کے حالات بھی لکھے ہیں۔ کتاب کے ورق ۲۱۶ ب سے ۲۲۷ ب تک گیارہ ورق، اردو کے شاعروں کے حالات پر مشتمل ہیں۔ شاہ صاحب نے صرف دو چار جگہ میر کے نکات الشعرا سے اور دو چار جگہ اپنی معلومات سے کچھ لکھا ہے، بقیہ حالات گردیزی کے تذکرے سے خود اوسی کے لفظوں میں نقل کردیے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ورق ۳۲۸ ب پر شعبان ۱۱۹۷ھ (جولائی ۱۷۸۳ع) کا ذکر، سال حال کے لفظوں میں پڑھنے کے باوجود، میں نے اس کو «تذکرۂ گردیزی» کے بعد جگہ دی ہے

۶ — مخزن نکات (مخزن) مطبوعہ۔

یہ قیام الدین محمد قائم، قائم تخلص، چاندپوری المولد، رامپوری المدفن، متوفی ۱۲۰۸ھ (۱۷۹۳ع) کا مرتب کردہ شعرای اردو کا تذکرہ ہے، جس میں ۱۱۸ شاعروں کے حالات ۳ طبقوں میں تقسیم کرکے لکھے گئے ہیں۔

خواجہ اکرم نے اس کی تاریخ «مخزن نکات» سے نکالی ہے، جس سے ۱۱۶۸ھ (۱۷۵۴ع) برآمد ہوتے ہیں (ص ۶۶)۔ لیکن کتاب کے دیباچے میں مصنف لکھتا ہے:

« مخفی و محتجب نماند کہ الی الآن در ذکر و بیان اشعار و احوال

شعرای ریختہ کتابی تصنیف نگردیدہ، و تا این زمان ہیچ انسانی از
ماجرای شوق اورای سخنوران این فن سطری تالیف نرسانیدہ ۔ بنابر
این فقیر مولف محمد قیام الدین، قائم، بعد کوشش تمام و سعی تمام
دواوین این اعزہ فراہم آوردہ، پارہ ابیات از ہرکدام بر سبیل
یادگار در ذیل این بیاض، کہ بمخزن نکات موسوم است، بقید قلم
در آوردہ »۔

بظاہر حال مصنف کے اس بیان کو کسی طرح تسلیم نہیں کیا جاسکتا
ہے کہ اتنک ریختہ گو شاعروں کے متعلق ایک سطر بھی کسی نے نہیں لکھی
ہے، کیوں کہ ۱۱۶۵ھ کے آخر تک خاکسار کا « معشوق چہل سالۂ خود »، میر
کا « نکات الشعرا » اور گردیزی کا « تذکرۂ ریختہ گویان » مرتب ہوچکے
تھے۔ اور نہ یہ باور کیا جا سکتا ہے کہ اوسے ان تذکروں کا علم نہیں ہوا،
کیوں کہ وہ اوس زمانے میں دہلی کے اندر موجود تھا۔ مگر تذکرے کے
مختلف بیانوں پر غور کرنے سے عیاں ہوجاتا ہے کہ قائم کا یہ دعوی صحیح ہے۔
یقیناً جب وہ اپنا تذکرہ لکھنے بیٹھا، تو اوس وقت تک مذکورۂ بالا تذکرے
شائع نہیں ہوئے پائے تھے۔ اس دعوی کے وجوہ حسب ذیل ہیں :

(۱) قائم نے شاہ ولی اللہ اشتیاق کے متعلق لکھا ہے کہ « مدت ہفت
سال شد کہ بدار البقا انتقال نمود »۔ (ص ۱۸)

اشتیاق نے بشیر عشق (۸۷ ب) اور صبح گلشن (ص ۲۵) کی روایت
کے مطابق ۱۱۵۰ھ (۱۷۳۷ع) میں رحلت کی ہے۔ لہذا قائم نے ان کا حال
یقیناً ۱۱۵۷ھ (۱۷۴۴ع) میں لکھا ہے۔

(۲) اس سنہ کی تائید اس واقعے سے بھی ہوتی ہے کہ میر نے بظاہر
۱۱۶۲ھ میں اور گردیزی نے ۵ محرم ۱۱۶۶ھ سے قبل، دلاور خان کا ذکر
بیرنگ تخلص کے ماتحت کیا ہے۔ گردیزی نے اور کچھ نہیں لکھا، مگر میر
نے یہ صراحت کردی ہے کہ یہ پہلے ہمرنگ تخلص کرتے تھے، فی الحال

اس کو ترک کر کے ہمرنگ اختیار کیا ھے۔ چوں کہ اس بیان کے اندر میر نے لفظ « حالا » استعمال کیا ھے، اس لیے ھم اسے دوران تالیف کا واقعہ ماننے پر مجبور ھیں۔

قائم نے اس شخص کا تذکرہ ایسے الفاظ میں کیا ھے، جس سے معلوم ھوتا ھے کہ وہ ھنوز «ھمرنگ» تخلص کرتا ھے۔ اس سے میں قیاس کرتا ھوں کہ انھوں نے دلاور خان کا حال تبدیل تخلص سے قبل لکھا تھا۔ اگر یہ قیاس درست ھے، تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ ھم اسے میر کے تذکرے سے قبل کا نہ مانیں، اور کچھ بعید نہیں کہ یہ ۱۱۶۷ھ کے قریب ھی شروع کیا گیا ھو۔

(۳) رسوا تخلص نو مسلم کا ذکر میر (ص ۱۲۱) اور گردیزی (ص ۶۴) نے باصطلاح اموات کیا ھے۔ گلزار ابراھیم (ص ۱۳۶) میں لکھا ھے کہ محمد شاہ کے عہد میں فوت ھوا۔ خمخانہ (ج ۳ ص ۳۰۴) کے مصنف فرماتے ھیں کہ اکبر شاہ ثانی (۱۸۰۶-۳۷ع) کے عہد میں تھا یہ رائے تو یکسر غلط ھے، کیونکہ میر اور گردیزی برسوں قبل اس کو مردہ لکھ چکے ھیں۔ البتہ گلزار کی روایت قابل غور ھے۔

قائم نے اس شخص کے متعلق لکھا ھے کہ « مدت چند ما ھست کہ بہمین احوال از جہان رفت» (ص ۶۳)۔ اگر گلزار کی روایت صحیح ھے، تو پھر اس کا یہ مطلب ھوگا کہ رسوا نے ۱۱۶۱ھ (۱۷۴۸ع) کے قبل انتقال کیا تھا۔ قائم نے اس کا تذکرہ مرنے کے چند ماہ بعد کیا ھے۔ اس سے ھم یہ قیاس کر سکتے ھیں کہ کم از کم ۲۹ ربیع الآخر ۱۱۶۱ھ (مارچ ۱۷۴۸ع) میں محمد شاہ کے انتقال سے قبل قائم نے یہ حال لکھا ھے۔

(۴) قائم نے محمد علی حسمت کے متعلق لکھا ھے کہ

« سابق برس دو سال، برفاقت قطب الدین علی خان .. .. سمت چکائہ

مرادآباد رفته بود۔ چون درآنجا با فوج علی محمد روهیله برای جنگ عیان آمد، همانجا مع خان مذکور بمرات تمام کشته شد » (ص ۲۶)۔

واقعہ یہ ہے کہ نواب سید علی محمد خان بہادر کے ۳ شوال ۱۱۶۲ھ (ستمبر ۱۷۴۹ع) کو فوت ہوجانے کے بعد، صفدر جنگ نے روہیلوں کی قوت توڑنے کے لیے، قطب الدین خان کو روہیل کھنڈ کی ریاست کا پروانہ بادشاہ سے دلا کر مرادآباد روانہ کیا تھا۔ اون کے ساتھہ صرف چند سو آدمی تھے۔ روہیلوں نے مقابلہ کر کے اونھیں فوج کے ساتھہ قتل کر دیا۔ اس واقعے کی صحیح تاریخ نہیں ملی، لیکن مختلف کتابوں سے ثابت ہوتا ہے کہ ذیحجہ ۱۱۶۲ھ (نومبر ۱۷۴۹ع) میں والیء فرخ آباد کی روہیل کھنڈ پر فوج کشی سے قبل یہ معرکہ پیش آیا تھا۔

میر نے «نکات الشعرا» میں اور گردیزی نے اپنے «تذکرۂ ریختہ گویان» میں بھی حشمت کے متعلق یہی لکھا ہے کہ وہ قطب الدین خان کے ہمراہ روہیلوں کی جنگ میں مارا گیا۔ مگر اونھوں نے زمانے کا تعین نہیں کیا قائم اس کے برخلاف یہ کہتا ہے کہ دو سال ہوئے جو حشمت، قطب الدین خان کے ہمراہ مرادآباد جا کر، جنگ میں کھیت رہا۔ جس کے یہ معنی ہیں کہ آخر ۱۱۶۴ھ (۱۷۵۱ع) یا آغاز ۱۱۶۵ھ (۱۷۵۱ع) میں اپنی ذاتی معلومات کی بنا پر اوس نے یہ حال لکھا ہے۔

بعض بیانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ قائم نے ۱۱۶۸ھ کے بعد بھی حاشیا اضافے کیے ہیں، جو ۱۱۶۹ھ (۱۷۵۵ع) سے ۱۱۷۶ھ (۱۷۶۲ع) تک کے زمانے کو ظاہر کرتے ہیں۔

(۱) آبرو کے ذکر میں خان آرزو کو دعا دی ہے کہ «خدا سلامتش دارد» (ص ۱۴)، اور بعد ازاں میر کے حال میں اون کا ذکر بصیغۂ ماضی کیا ہے، اور لکھا ہے کہ « در خدمت خان آرزو، کہ خالوی او بود، تلمذی داشت

اندوحته » (ص ۴۱)۔

حان آررو کا انتقال ۲۳ ربیع الثانی سنه ۱۱۶۹ھ (۲۶جنوری ۱۷۵۶ ع) کو هوا ھے۔ لہذا یقینی امر ھے که میر کا حال یا اوس کا یه حصه اس ماه و سال کے بعد لکھا گیا ھے۔

(۲) محتشم علی حان حشمت مخلص کو کہتا ھے که « قبل ازیں هفت سال بمرگ فعه ار جہان رفت » (ص ۲۷)۔ حان آررو فرماتے هیں که ان کا انتقال، نجم الدوله کے مرنے سے دو تین مہینے پہلے ۱۱۶۳ھ (۵۰-۱۷۴۹ع) میں هوگیا تھا۔ (مجمع النفائس: ۱۳۵ الف) دوسرے تذکره نگاروں نے بھی یہی سال وفات لکھا ھے۔ اس صورت میں قائم کا یه ٹکڑا ۱۱۷۰ھ (۱۷۵۶-۵۷ع) کے لگ بھگ لکھا جانا چاهیے۔

(۳) حواجه میر درد کے حال میں اوں کی تصنیفات کے منجمله «صحیفۂ واردات » کا نام بھی لکھا ھے۔ یه کتاب حود حواجه صاحب کے بیان کے مطابق ۱۱۷۲ھ (۱۷۵۹ع) میں لکھی گئی ھے۔ حواجه صاحب کے الفاظ یه هیں:

> « و بیشتر ازیں رساله، یعنی اکثر وارد، در حضور اقدس حناب امیرالمحمدیین حضرت ولله گاهی دامت برکاته در سنه یکهزار و یك صد و هفتاد و دو هجری تحریر یافته بود . و در همیں سال تاریخ دوم ماه مبارك شعبان المعظم روز شنبه بین العصر و المغرب رحلت آنحناب شده است» (علم الکتاب ص ۹۱)۔

شمع محفل (ص ۳۲۰) کے آخر میں فرماتے هیں:

> « چنانچه ار اتفاقات ورود صحیفۂ واردات بحضور پرنور در سال وصال آن زبدة الواصلین . ...حواجه محمد ناصر... اعنی یکهزار و یکصد و هفتاد و دو شده بود »۔

ان اقتباسوں سے معلوم هوتا ھے که واردات کا زیاده حصه ۲ شعبان

۱۱۷۲ھ (۳۱ مارچ ۱۷۵۹ع) سے قبل انجام کو پہنچ چکا تھا۔ قائم نے ان کے والد کے متعلق لکھا ھے کہ

«والد شریفش خواجه محمد ناصر، که یکی از اولیای روزگار و مشائخ کبار است، به نسبت مریدی و فرزندیء وی افتخارها دارد»۔

اس سے یہ اندازہ ھوتا ھے کہ ابھی تک میر درد کے والد بقید حیات تھے، لہذا قائم نے میر درد کا حال رجب ۱۱۷۲ھ میں لکھا ھوگا۔ اور چونکہ نالۂ درد (ص۲) میں درد نے لکھا ھے کہ صحیفۂ واردات کے تمام کرتے وقت میری عمر ۳۹ سال کی تھی، اس لیے ھم یہ کہ سکتے ھیں کہ قائم نے ان کا حال ۳۹ سال کی عمر میں ۱۱۷۲ھ میں لکھا ھے۔

(۴) نول رائے وفا کے ذکر میں لکھا ھے کہ

«مہین برادرش زاده، گلارای ۰ دیوان مدارالمہام امیرالامرا نواب نجیب‌الدوله بہادر است» (ص ۲۷)۔

نجیب‌الدولہ کو منصب امیرالامرائی، خزانۂ عامرہ (ص ۵۳) کے مطابق ۱۱۷۰ھ (۱۷۵۶-۵۷ع) میں احمدشاہ ابدالی نے عطا کیا تھا۔ اوس کی مراجعت کے بعد عمادالملک نے انھیں برطرف کرکے خود یہ منصب سنبھالا۔ بعد ازاں پانی پت کی مشہور جنگ (جمادی الآخرہ ۱۱۷۴ھ مطابق جنوری ۱۷۶۱ع) کے بعد، احمدشاہ ابدالی نے پھر انھیں کو یہ عہدہ عطا کیا۔ صاحب حدیقۃ الاقالیم نے ۱۱۷۰ھ میں نجیب خان کو نجیب الدولہ خطاب ملنے اور ۱۱۷۴ھ (۱۷۶۰-۶۱ع) میں «مدارالمہام امیرالامرا» کا خطاب و منصب عطا ھونے کی تصریح کی ھے (ص ۱۳۷)۔

ان کی امیرالامرائی کا ابتدائی زمانہ کم ھے۔ بعید معلوم ھوتا ھے کہ اس مختصر سے عرصے میں انھوں نے دیوان وغیرہ بھی مقرر کر لیے ھوں، اور قائم انھیں وفا کے ذکر میں امیرالامرا لکھ بھی دے۔ اغلب یہ ھے کہ

۱۱۷۴ھ کے بعد اوس نے وفا کا حال لکھا ہے، جب کہ نجیب الدولہ اطمینان کیساتھ اس عہدے پر کام کر رہے تھے، اور «مدار المہام امیر الامرا» دونوں لفظوں کے مستحق ہو چکے تھے۔

(۵) مہربان خاں رند کے حال میں (ص ۵۵) لکھا ہے کہ

> «دریں اثنا میرزا محمد رفیع سودا، سلمہ اللہ تعالی، برفاقت وزیر الممالک نواب غازی الدین خاں بہادر در بلدہ فرخ آباد رسیدند. خان موصوف از نواب وزیر درخواستہ میرزای موصوف را برفاقت خود گرفت»۔

ظاہر ہے کہ یہ ٹکڑا سودا کے فرخ آباد جانے کے بعد لکھا گیا ہے۔ چونکہ اس میں قائم نے سودا کا فرخ آباد جانا، نواب غازی الدین خاں کے ہمراہ بتایا ہے، اس لیے یہ دیکھنا چاہیے کہ نواب کس زمانے میں فرخ آباد گئے۔ مولوی ولی اللہ، تاریخ فرخ آباد (۶۷ الف) میں لکھتے ہیں کہ غازی الدین خاں (۱) ۱۱۷۰ھ (۵۷-۱۷۵۶ع) میں میرزا ہدایت بخش اور میرزا بابر کے ساتھ فرخ آباد آئے۔ نواب احمد خاں نے بڑی شان و شکوہ کے ساتھ استقبال کیا، اور بہت کچھ نذر گزرانا۔ آزاد بلگرامی نے بھی خزانۂ عامرہ (ص ۵۳) میں یہی واقعہ لکھا ہے مگر اس کے بعد یہ بھی فرماتے ہیں کہ فرخ آباد سے اودھ پر چڑھائی کی، اور نواب سعد اللہ خاں کے بیچ میں پڑ کر صلح کرا دینے کے بعد، ۲ شوال ۱۱۷۰ھ کو فرخ آباد واپس ہوئے۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ۲ شوال سنہ مذکورہ سے قبل ان کا فرخ آباد میں ورود ہوا تھا۔ بعد ازاں اسی تاریخ کو صوبۂ اودھ سے لوٹ کر آئے۔

---

(۱) شیخ چاند مرحوم نے «سودا» (ص ۵) میں لکھا ہے کہ عماد الملک شاہ درانی کے مشورے سے ۱۱۶۷ھ میں شاہزادوں کے ہمراہ دوآبے میں روپیہ وصول کرنے آئے۔ لیکن یہ صحیح نہیں ہے۔ تمام تاریخیں متفق ہیں کہ یہ واقعہ درانی کے ۱۱۷۰ھ کے حملے کے بعد کا ہے۔

اس کے بعد عمادالملک نے ربیع الآخر ۱۱۷۳ھ (نومبر ۱۷۵۹ع) میں عالمگیر ثانی کو قتل کرنے کے بعد احمدشاہ ابدالی کی آمدآمد سن کر. سورجمل جاٹ کے پاس پناہ لی (۱)، اور ۱۱۷۶ھ (۱۷۶۲ع) تک. جو خزانۂ عامرہ کا سال تالیف ہے، وہیں مقیم رہے (۲)- تاریخ فرخ آباد سے معلوم ہوتا ہے که تقریباً اسی سال فرخ آباد میں پھر تشریف فرما ہوئے- نواب احمدخان نے بڑی خاطر مدارات کی اور گزر اوقات کیلیے معقول جاگیر مقرر کردی(۳)- مولوی ولی‌الله لکھتے ہیں که شاه عالم بادشاه کے الٰه‌آباد سے دهلی واپس جانے تک فرخ آباد ہی میں قیام رہا- جب یه خبر ملی که بادشاه اس نواح سے گزریں گے. تو اس خوف سے که کہیں بادشاہ اپنے باپ کے قتل کا انتقام نه لے لیں. وهاں سے ہمیشه کے لیے رخصت ہوگئے. اور پنجاب وسندھ وغیرہ ہوتے ہوئے مکۂ معظمه چلے گئے- حج سے واپسی کے بعد کالپی میں ٹھہرے، اور وهیں ۱۲۱۵ھ (۱۸۰۰ع) میں انتقال کیا (۴)- انہیں مولوی ولی‌الله نے بادشاه کی الٰه‌آباد سے روانگی کا سنه ۱۱۸۴ھ (۱۷۷۰ع) بتایا ہے (۵)، جس کا یه مطلب ہے که عمادالملک کا فرخ آباد میں قیام ۱۱۷۶ھ سے ۱۱۸۴ھ تک رہا تھا

بظاہر یه ناممکن ہے که سودا عمادالملک کے ساتھ ۱۱۷۰ھ میں فرخ آباد گئے ہوں، کیونکه انہیں تذکرہ نویسوں نے شاه عالم بادشاه کا استاد بتایا ہے، جو ۱۱۷۳ھ (۶۰-۱۷۵۹ع) میں تخت‌نشین ہوئے تھے- اگر یه ۱۱۷۰ھ (۵۷-۱۷۵۶ع) میں فرخ آباد چلے گئے ہوتے. تو یه استادی شاگردی کا رشته بعیدالوقوع تھا- دستر عشق سے معلوم ہوتا ہے که ان کی دهلی سے

(۱) مقالات الشعرا (۱۰ ب) میں، جو ۱۱۷۳ھ کی تالیف ہے، ان کا ابدالی کے ڈر سے بھاگ کر سورجمل کے پاس بھرتپور میں قیام بتایا ہے- چونکه اس زمانے میں مصنف مقالات وهاں موجود ہے، اس لیے اوس کی شہادت پر اعتماد کیا جا سکتا ہے-
(۲) خزانۂ عامرہ: ۵۴ (۳) تاریخ فرخ آباد اردو ۹۲، ۲(۴) تاریخ فرخ آباد: ۱۲۷ ب
(۵) ایضاً ۱۲۱ ب-

روانگی، احمدشاہ ابدالی کے ھاتھوں دارالسلطنت کی دوسری لوٹ کے بعد واقع ھوئی تھی۔ احمدشاہ کا دھلی میں دوسری بار داخلہ شعبان ۱۱۷۴ھ (مارچ ۱۷۶۱ع) میں ھوا تھا مقالات الشعرا کے مصنف نے بھی اس سال کے حملے کو دوسرا حملہ قرار دیا ھے۔ وہ لکھتا ھے:

«دریں ھنگام، کہ سنہ یکہزار و یکصد وھفتاد و سہ ھجری و شعلہ انگیزیء آتش ھنگامہ مسطور کرت ثانی است» (ورق ۲ ب)۔

لہذا سودا کو ۱۱۷۴ھ کے بعد دھلی کو خیرباد کہنا چاھیے۔ سودا کے دیوان میں نواب مہربان خاں کی شادی کا قطعۂ تہنیت پایا جاتا ھے، جس کے مادۂ تاریخ ‹‹ھوا ھے وصل ماہ و مشتری کا›› سے ۱۱۷۶ھ برآمد ھوتے ھیں۔ چونکہ عمادالملک ۱۱۷۶ھ میں بھرتپور سے فرخ آباد گئے ھیں، اس لیے اغلب یہ ھے کہ سودا احمدشاہ کے دوسرے حملے کے بعد عمادالملک کے پاس بھرتپور پہنچے، اور وھاں سے اون کے ساتھہ ھی ۱۱۷۶ھ میں فرخ آباد چلے گئے۔ اس صورت میں قائم نے ان کے متعلق جو کچھہ لکھا ھے، وہ ۱۱۷۶ھ کے بعد کا اضافہ ھوگا۔

سنہ ۱۱۷۶ھ کا یہ اضافہ تنہا نہیں ھے۔ دردمند کے بارے میں لکھا ھے:

«چنانچہ مثنوی ساقی نامہ مع دیگر ابیات بر صفحۂ روزگار از و یادگار است» (صفحہ ۴۹)۔

یہ الفاظ اون اشخاص کے لیے استعمال کیے جاتے ھیں، جو اس دنیا سے رحلت کر چکے ھوں۔ دردمند نے، گلزار ابراھیم اور گلشن ھند (ص ۱۳۰) کے مطابق ۱۱۷۶ھ میں انتقال کیا ھے لہذا یہ حصہ بھی سنہ ۱۱۷۶ھ کے بعد لکھا جانا چاھیے۔

ان مقامات کے ماسوا عاصمی اور درد وغیرہ کے حالات دوسری تاریخوں تک رہنمائی کر سکتے ہیں۔ اگر ہمارے پاس دوسرے ذرائع سے معلومات مہیا ہو جائیں۔

بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ قائم نے پہلے اپنا تذکرہ بیاض کی صورت میں مرتب کیا تھا۔ اس بیاض کے آغاز کے بارے میں سب سے پہلی تاریخ ۱۱۵۷ھ (۱۷۴۴ع) ملتی ہے۔ اوس وقت تک اردو گو شاعروں کا کوئی تذکرہ مرتب ہوا تھا ۱۱۶۷ھ (۱۷۵۳-۵۴ع) میں احمدشاہ کے معزول ہو جانے اور عالمگیر ثانی کے تخت نشین ہونے کے بعد اس بیاض نے تذکرے کی شکل اختیار کرلی، اور مصنف نے اسکا تاریخی نام ''مخزن نکات'' رکھا، جس سے ۱۱۶۸ھ برآمد ہوتے ہیں اس تاریخ کے بعد بھی اوس نے جابجا اضافے کیے، جس کا سلسلہ ۱۱۷۶ھ (۱۷۶۲ع) تک جاری رہا۔ کتاب کا دیباچہ، بحر نام کے۔ آغاز تصنیف بیاض کے وقت کا ہے۔ اور خاتمہ۔ جس میں مصنف نے انقلاب سلطنت کا ذکر کیا ہے، ۱۱۶۸ھ کا لکھا ہوا معلوم ہوتا ہے

یہ تذکرہ انجمن ترقی اردو کی طرف سے عرصہ ہوا چھپ کر شائع ہو چکا ہے۔ کتابخانے میں اسکے پہلے دو طبقوں کا اردو ترجمہ قلمی شکل میں موجود ہے۔ میرا خیال یہ ہے کہ محسن علی محسن، مصنف سراپا سخن، اس کے مترجم ہیں۔ اس ترجمے میں مترجم نے بھی ممتاز طور پر کچھ اضافے کیے ہیں۔

۷- مقالات الشعرا، قلمی۔

یہ ۱۵۹ فارسی گو شاعروں کا تذکرہ ہے، جسے قیام الدین حیرت ولد شیخ امان اللہ اکبرآبادی نے، ریاض الشعرای والہ،

مجمع النفائس آرزو، اور سفینۂ شوق رای بسنت کھرای کی مدد سے مرتب کیا ھے

موخرالذکر کتاب کا مصنف، احمدشاہ ابدالی کے سنہ ۱۱۷۰ھ میں دلی پر حملہ آور ہونے کے بعد نقل وطن کر کے مع اھل و عیال اکبرآباد چلا آتا تھا۔ اور اس نقل و حمل کے زمانے میں بھی وہ تذکرے کو مرتب کرتا رہا تھا۔ حیرت ایک برس اور چند مہینے اوس کی خدمت میں رہا۔ (۴۵ ب)۔ غالباً اسی زمانے میں "سفینة الشوق" دیکھ کر حیرت کو تذکرہ مرتب کرنے کا خیال پیدا ہوا ہوگا۔ مگر وہ دیباچے میں یہ لکھتا ھے کہ جب ہندوستان میں احمدشاہ ابدالی کی پہلی بار پھیلائی ہوئی قتل و غارت کی آگ بجھی، خوش بختانہ مجھے مذکورۂ بالا تذکروں کے دیکھنے کا موقع ملا۔ دل میں آیا کہ عہد اورنگ زیب عالمگیر سے زمانۂ عالمگیر ثانی تک جو شاعر گذرے ھیں، اون کے حالات پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دوں۔ کچھ دنوں تک یہ تمنا دل میں کھٹکتی رہی

«دریں ھنگام که سنۂ یکہزار و یکصد و ھفتاد و سه ھجری و شعله انگیزی و آتش ھنگامۂ مسطور کرت ثانی است، نسیم قبول بر غنچۂ امید از مہب الطاف مولی وزیده، و نکہت انتظام این گلدستۂ بہار بمشام آرزو را معطر گردانید .. ترتیب این رساله بحروف تہجی نہاده، و به مقالات الشعراء که مضمن تاریخ تالیف است بنقصان پنج ششماه، موسوم ساخت» (۲ ب و ۳ الف)۔

محمد نعیم بیزار کے ذکر میں لکھا ھے:۔

«دریںولا که خبر وفاتش شنیده ام، از تلخیٔ غم، شربت عیش بر مذاق طبیعت ناگوار است .. احقر تاریخ وفاتش که از روز و ماه مطلع نشده، چنیں یافته

چوں وزدیا بر رفت سوی جناں یا رجب یا کہ ماہ شعباں بود
حیرت از سال رحلتش ہاتف دادحیرم «ندیم رضواں بود»

اس مادے سے ۱۱۷۳ھ (۶۰-۱۷۵۹ع) برآمد ہوتے ہیں، اور شعر اول سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ رجب یا شعبان سنۂ مذکورہ میں ان کی وفات ہوئی تھی۔ لہذا ان مہینوں تک کار ترتیب کا جاری رہنا ظاہر ہوتا ہے۔

مقالات الشعرا سے ۱۱۷۴ھ (۶۱-۱۷۶۰ع) نکلتے ہیں۔ اشپرنگر نے اسی کو سال تالیف قرار دیا ہے۔ مگر مصنف اسے ''نقصان پنج شش مادہ'' سال تالیف کو ظاہر کرنیوالا بتاتا ہے۔ جس کے یہ معنی ہیں کہ کتاب ۱۱۷۳ھ ہی میں ختم ہو چکی تھی، اور جب اوس نے ''مقالات الشعرا'' نام رکھا ہے، تو اوس وقت ۱۱۷۴ھ کے شروع ہونے میں ۵ یا ۶ مہینے باقی تھے۔

خواجہ محمد ناصر عندلیب نے ۱۱۷۲ھ (۵۹-۱۷۵۸ع) میں وفات پائی ہے۔ حیرت نے انکا ذکر ایسے لفظوں میں کیا ہے، جن سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بقید حیات تھے۔ اس سے یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ ترتیب کا آغاز ۱۱۷۲ھ سے قبل ہوا ہے۔

اپنے متعلق حیرت نے لکھا ہے کہ میرے والد کا نام شیخ امان اللہ اور اکبرآباد وطن ہے، ۳۰ سال کی اس وقت عمر ہے، اور دیوان کشن جی، طیب ٹھاکر سورجمل، والیء بھرتپور، کے بچوں کی اتالیقی کی خدمت پر متعین ہوں، اور بھرتپور میں قیام ہے (۳۹ الف)۔ میاں محمد جان گوپاموی سے، جنھوں نے عرصے سے اکبرآباد ہی میں سکونت اختیار کرلی تھی، فارسی پڑھی ہے (۲۹ الف) اور محمد نعیم بیدار سے، جو بے بدل منشی اور شاعر تھے،

نظم‌ونثر پر اصلاح لی ہے۔

کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں اس تذکرے کا ایک مخطوطہ محفوظ ہے، جو چھوٹے سائز کے ۸۲ ورقوں پر ۱۲۲۸ھ(۱۸۱۳ع) میں معمولی اور پر اغلاط نستعلیق خط میں لکھا گیا ہے۔ اس نسخے میں ۱۵۹ شاعروں کا ذکر ہے۔ اشپرنگر کے نسخے میں ۱۶۰ درج ہیں (۱)۔ وہ شاعر، جس کا ذکر ہمارے نسخے میں نہیں ہے، چنی لال احسان تخلص ہے۔

۸- چمنستان شعرا (چمنستان)، مطبوعہ۔

یہ اچھمی نرائن شفیق اورنگ آبادی کا مرتبہ تذکرہ ہے، جس میں ۲۱۴ ریختہ گویوں کے حالات اور منتخب کلام مندرج ہے

دیباچے سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۱۷۵ھ (۱۷۶۱ع) میں اس کا اختتام ہوا ہے۔ یہی سال اس کے نام سے بھی برآمد ہوتا ہے۔ میر علی اکبر رمال کے ذکر میں مصنف نے ایک رائحہ نقل کیا ہے (ص ۱۵۴)، اور وہاں ۶ رمضان ۱۱۷۵ھ (۳۱ مارچ ۱۷۶۲ع) تاریخ لکھی ہے۔ تحسان کی تاریخ وفات غرۂ شوال ۱۱۷۵ھ (۲۶ اپریل ۱۷۶۲ع) تحریر کی ہے (ص ۳۲۴)۔ ان دونوں مقامات سے ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ ۱۱۷۵ھ کے آخر تک کام جاری رہا ہے۔

شفیق نے اپنے سوانح لکھتے ہوئے (ص ۴۹۴) بتایا ہے کہ صفر ۱۱۵۸ھ (فروری ۱۷۴۵ع) میں میری ولادت ہوئی ہے۔ اور اب اٹھارہ سال کی عمر ہے۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ مصنف نے اپنا حال ختم کتاب کے ایک سال بعد لکھا ہے۔ اسی طرح رنگین کی تاریخ وفات

(۱) مگر سہو طباعت سے بجائے ۱۶ کے ۱۵۰ چھپ گئے ہیں۔ ملاحظہ ہو فہرست کتابخانہاے شاہ اودھ ۱۵۲

اور قطعۂ تاریخ بھی بعد کو اضافہ کیے گئے ہیں (ص ٥١٩)۔

اس تذکرے کو بھی انجمن ترقیء اردو نے کتابخانۂ آصفیہ (حیدرآباد) کے واحد نسخے سے مرتب کر کے شائع کر دیا ہے۔

٩۔ تذکرة الشعراء، قلمی۔

یہ میر علاءالدولہ اشرف علی خان کا تالیف کردہ تذکرۂ شعرای فارسی ہے (١)، جو خود مصنف کے بیان کے مطابق ١١٧٨ھ (١٧٦٤ع) میں زیر تالیف تھا۔ ولایت کے حال میں لکھتا ہے:

«در حین تالیف تذکره، در سنۂ یکهزار و یکصد و هفتاد و هشت در سن هفتاد و هشت سالگی عرض اسهال موصل بحق گردید (٥٣٣ الف)

میرزا عبدالرضا متین، متوفی ١١٧٤ھ (٦١-١٧٦٠ع)، کو لکھا ہے:

چهار سال پیش از تحریر تذکره بروضۂ رضوان خرامید (٣٥٧ الف)۔

اس سے بھی مذکورۂ بالا سنہ کی تائید ہوتی ہے۔ میر حسن کو میر شمس الدین فقیر کے ذکر میں «دام بقاءہ» کے الفاظ سے یاد کیا ہے۔ شیخ ١٨ جمادی الاولی ١١٨٠ھ (اکتوبر ١٧٦٦ع) کو فوت ہوئے ہیں۔ لہذا اس تذکرے کو اون کی حیات میں تالیف ہونا چاہیے۔ ١١٧٨ھ میں وہ یقیناً زندہ تھے اس لیے مذکورہ سنہ کی مزید تائید ہوجاتی ہے۔

کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں اس تذکرے کا ایک نسخہ محفوظ ہے، جو علی سرہندی کے حال سے نواب یحیی خان کے ذکر تک ہے۔ اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ شروع سے تقریباً نصف اور آخر سے چند اوراق کم ہوگئے۔ نیز یہ مسودہ معلوم ہوتا ہے، کیونکہ عبارت مختلف معمولی خطوط میں متن اور حواشی دونوں جگہ لکھی ہوئی ہے۔ عنوانات جگہ جگہ سادہ چھوڑے گئے ہیں۔ ورق ١٣٢ الف اور ١٩٥ ب پر دو تحریریں ہیں، جن کے آخر میں «مکین» درج ہے۔ یہ میرزا فاخر مکین کی تنقیدیں

---

(١) میر علاؤالدولہ کے بیٹے، میر فخرالدین حسن، فخر تخلص، کے ذکر میں میر حسن نے بھی اس تذکرے کا ذکر کیا ہے۔

معلوم ہوتی ہیں۔ سودا کا کلیات دیکھنے والوں کو علم ہے کہ اس تذکرے پر مکین نے جو اصلاحیں دی تھیں، اون کی تردید میں سودا نے «عبرۃالغافلین» نامی رسالہ لکھا ہے چونکہ مولف تذکرہ اون اصلاحوں کے خلاف تھے، اس لیے ممکن نہ تھا کہ وہ صاف شدہ نسخے میں بھی اونھیں باقی رکھتے۔ اس بنا پر اغلب یہی ہے کہ زیر نظر نسخہ مسودہ ہو۔

۱۰۔ تذکرۂ شعرا (حسن)، قلمی۔

یہ تذکرہ ۳۰۴ اردو گو شاعروں کے حالات اور منتخب کلام پر مشتمل ہے، جسے میر حسن دہلوی، متوفی عشرۂ محرم سنہ ۱۲۰۱ھ (۱۹ اکتوبر ۱۷۸۶ع)، نے فارسی زبان میں لکھا ہے۔ مخدومی نواب صدر یار جنگ بہادر مطبوعہ نسخے کے مقدمے میں سال تصنیف کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں:

> «تذکرۂ ہذا میں میر صاحب نے جو دو مثنویاں اپنی تصنیف کی لکھی ہے، اس میں مثنوی رموزالعارفین ہے، گلزار ارم نہیں ہے۔ رموزالعارفین کا سال تصنیف سنہ ۱۱۸۸ھ ہے اور گلزار ارم کا سنہ ۱۱۹۲ھ۔ رموزالعارفین کی نسبت لکھا ہے کہ وہ مشہور ہو چکی ہے۔ اس سے واضح ہے کہ تذکرہ سنہ ۱۱۸۸ھ اور سنہ ۱۱۹۲ھ کے مابین لکھا گیا۔» (ص ۲، طبع ثانی)

خود میر حسن نے خاتمۂ کتاب میں یہ لکھا ہے کہ «در تاریخ یکہزار و یکصد و نود و یک ہجری باتمام رسید» (صفحہ ۲۰۸، طبع مذکور)۔ اس سے یہ قیاس کرنا بجا ہے کہ کتاب کی تالیف و ترتیب کا کام ۱۱۹۱ھ (۱۷۷۷ع) میں ختم ہو گیا تھا۔ البتہ بعد میں بھی مصنف نے اضافے کیے ہیں، جن میں سے ایک شاہ فصیح کی تاریخ وفات ہے، جو ۱۱۹۲ھ (۱۷۷۸ع) میں واقع ہوئی تھی۔

اب اس کے سال آغاز کا مسئلہ باقی رہتا ہے۔ کتاب کے مختلف مقامات سے اس پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ سب سے پہلے «رموز العارفین» مصنفۂ ١١٨٨ھ (١٧٧٤ع) کا ذکر ہے، جیسا کہ نواب صدر یار جنگ بہادر نے ارشاد فرمایا ہے۔ اسکے ماسوا، احسن اور سودا کے حال میں لکھا ہے کہ یہ دونوں نواب شجاع الدولہ بہادر کی سرکار میں ملازم ہیں، جسکے یہ معنی ہیں کہ یہ حالات شجاع الدولہ کی زندگی میں لکھے گئے۔ شجاع الدولہ ٢٤ ذیقعدہ ١١٨٨ھ (آخر جنوری ١٧٧٥ع) کو فوت ہوئے ہیں۔ لہذا یہ حالات اس تاریخ سے پہلے لکھے گئے ہونگے۔ اسی طرح نواب محمد یار خان بہادر، متوفی ذیقعدہ ١١٨٨ھ، کو «خدا وائم دارد» لکھا ہے۔ گویا انکا ذکر بھی اس ماہ و سال سے پہلے لکھا ہے۔

اب یہ طے کرنا چاہیے کہ نواب شجاع الدولہ اور نواب محمد یار خان بہادر کے انتقال سے کتنا پہلے کام شروع کیا۔ میرزا مظہر کے بارے میں میر حسن لکھتے ہیں:

«الحال بطرف سنبھل مراد آباد استقامت دارد و ہمان جا وعظ می فرماید۔»

میرزا مظہر، علیہ الرحمہ، کے ایک خط میں اون کے سفر روھیلکھنڈ کیطرف اشارہ کیا گیا ہے۔ اس خط کو شاہ نعیم اللہ بہڑائچی نے معمولات مظہریہ (١) میں نقل کیا ہے۔ میرزا صاحب اپنے مرید پیر علی کو لکھتے ہیں:

«آنچہ از عالم تدبیر معاش نوشتہ اند، محاسنت۔ اما فقیر را طاقت حرکت و دماغ سیر و سیاحت ہرگز نماندہ برای رداحت یاران طریقہ کہ از اطراف ہجوم کردہ اند، آمدہ ام۔ بعد دو ماہ بدہلی میروم کہ متعلقان آنجا ہستند، و از ہر طرف فتنہ قصد دہلی می کند۔ تا این ہمہ دنیاداران این حدود با فقیر معرفتی ندارند۔ عقیدت معلوم۔

(١) معمولات مظہریہ ١١٣، نظامی کانپور، سنہ ١٢٧٥ھ

یاد ندارند که روز ملاقات این قصه را مفصل باشما گفته ام که خانساماں و بخشی، یعنی فتح خان و سردار خان، را در تمام عمر خود گاهی ندیده ام، و دوندے خان را، که ارادۂ ملاقات فقیر داشت، منع کردم که نیاید، و حافظ رحمت خان، که پیش فقیر حاضر شده بود، صحبت او با فقیر نادرست افتاد، و پسران علی‌محمد خان را هرگز نمی شناسم۔ ربط کجا و سفارش معلوم۔»

اس خط سے مقام کتابت پوری طرح متعین نہیں ہوتا۔ لیکن ایک اور خط، بنام میر محمد معین صاحب، میں فرمایا ہے :

«امروز، که دهم شوالست، بتقریب تعزیت حضرت خانصاحب یعنی والد بزرگوار شما، که جامع هزاران مناقب بودند، و از انتقال ازین عالم داعی یادگار گذاشتند که بس، در آنوله حاضرم، و بعد توقف سه شبانه روز فردا مراجعت به سنبهل خواهم نمود۔» (ایضاً ۱۱۵)

ان دونوں خطوں کے پڑھنے سے ہم اس نتیجے تک پہنچ جاتے ہیں کہ (الف) میرزا مظہر، رحمہ‌اللہ علیہ. کا یہ سفر نواب دوندے خان کی حیات میں واقع ہوا تھا، (ب) اوس زمانے میں چاروں طرف سے فتنہ و فساد دهلی کا رخ کر چکا تھا. اس لیے میرزا صاحب دو ماہ کے بعد اپنے متعلقین کی خبر گیری اور حفاظت کے خیال سے دهلی واپس جانا چاہتے تھے. (ج) اور ۸ سے ۱۰ شوال تک آنولے میں قیام کر کے گیارھویں تاریخ کو سنبھل کی طرف سفر کرنے کا قصد تھا۔

اخبار الصنادید میں نواب دوندیخاں بہادر کی تاریخ وفات. ۳ محرم ۱۱۸۵ھ (۱۸ اپریل ۱۷۷۱ع) بتائی گئی ہے۔ لہذا میرزا صاحب کا سفر روھیل کھنڈ اس سنہ کے شروع ہونے سے قبل کا واقعہ قرار پاتا ہے جس فتنے کا میرزا صاحب نے اپنے مکتوب میں حوالہ دیا ہے. اوس سے مرہٹوں کی دلی پر چڑھائی مراد ہے۔ انھوں نے ۱۱۸۳ھ (۱۷۶۹ع) میں بہت بڑے لشکر کی صورت میں دریای چنبل عبور کر کے

دلی کا رخ کیا تھا، مگر نواب نجیب‌الدولہ بہادر نے فرخ‌آباد کی تسخیر کی طرف متوجہ کر دیا۔ آغاز ١١٨٤ھ (١٧٧٠ع) میں یہ مہم مرہٹوں نے شروع کر کے قلعۂ شکوہ‌آباد روہیلوں سے لینے کے بعد صلح کر لی۔ اسی سال غالباً رجب میں نواب نجیب‌الدولہ بہادر کا انتقال ہو گیا، اور مرہٹے دھلی کی طرف بڑھے۔ چنانچہ سنہ ١١٨٥ھ میں ضابطہ خاں دھلی چھوڑ کر چلے گئے، اور اس پر مرہٹوں کا قبضہ ہو گیا۔ دھلی پر قبضہ کر کے مرھٹوں نے شاہ عالم کو الہ‌آباد سے بلا کر تخت نشین کیا، اور اب ضابطہ خاں پر یورش کر کے سکرتال میں اونھیں شکست دی۔

اس سے یہ قیاس کرنا بیجا نہیں کہ ١١٨٤ھ میں میرزا صاحب آنولے یا سنبھل میں تھے۔ چونکہ اونھوں نے ٨ سے ١٠ شوال تک آنولے میں قیام ظاہر کیا ھے، اور تقریباً اسی زمانے میں مرھٹوں نے فرخ‌آباد کی مہم سر کی ھے۔ اس لیے یہ سفر شوال ١١٨٤ھ (جنوری ١٧٧١ع) میں واقع ہونا چاھیے۔ اور اس زمانے میں اونکا یہ لکھنا درست ھے کہ فتنہ دھلی کا قصد کر رہا ھے، لہذا میں دو مہینے کے سفر کے بعد دھلی واپس جانا چاھتا ہوں۔

اب اگر میر حسن نے ان کے حالیہ سفر کا ذکر کیا ھے، تو اس حصے کی تالیف شوال ١١٨٤ھ یا اس کے قریب قریب ہونی چاھیے۔ اس کی تائید نعیم کے ذکر سے ہوتی ھے۔ میر حسن نے اوس کا حال اس انداز سے لکھا ھے، کہ ھم میں اوس کی زندگی کا یقین ہوتا ھے۔ مصحفی نے اپنے «تذکرۂ ھندی گویاں» (٨٥ ب) میں لکھا ھے کہ سکرتال کی لڑائی کے بعد نعیم کا انتقال ہوا۔ مولوی قدرت‌اللہ شوق نے «تکملۃالشعرا» میں بتایا ھے کہ ١١٨٥ھ (١٧٧١ع) میں

رحلت کی ھے۔ چونکہ سکرتال کی جنگ بھی اسی سال کا واقعہ ھے، اس بنا پر ان دونوں بیانوں میں کوئی تناقض نہیں پایا جاتا، اور ھم یہ کہ سکتے ھیں کہ میرحسن نے اوس کا حال ۱۱۸۵ھ سے قبل لکھا ھے، جو بعید نہیں کہ ۱۱۸۴ھ ھی کا واقعہ ھو، جب کہ اوس نے میرزا مظہر کا حال لکھا تھا۔

مزید تائید میں میرحسن کے اوس جملے کو پیش کیا جا سکتا ھے، جو مصحفی کے بارے میں لکھا ھے، کہ «الحال در شاھجہاں آباد بہ پیشۂ تجارت بسرمی‌برد» میری رائے یہ ھے کہ میر حسن نے جس زمانے میں یہ فقرہ لکھا ھے، مصحفی دلی سے نکل کر ٹانڈے، اور وہاں سے لکھنئو نہیں گئے تھے۔ اگر لکھنئو کا سفر اختیار کر چکے ھوتے، تو ناممکن تھا کہ مصنف اس کا ذکر نہ کرتا۔ مصحفی نے لکھنئو کا یہ سفر ۱۱۸۵ھ میں سکرتال کی جنگ کے بعد اختیار کیا تھا۔ اس بنا پر یقین ھے کہ ان کا حال بھی ۱۱۸۴ھ کے لگ بھگ لکھا گیا ھے۔ اسی سلسلے میں میر شمس‌الدین فقیر کے متعلق یہ فقرہ قابل توجہ ھے:

«در بنولا بطرف کربلائے معلی تشریف بردہ بود ھماں جا بجوار رحمت ایزدی پیوست۔»

فقیر کا انتقال اس سفر سے واپسی پر ۱۱۸۳ھ (۱۷۶۹ع) میں ھوا ھے۔ «در بنولا» ایسے واقعے کے متعلق استعمال کیا جا سکتا ھے، جو حال ھی میں ظہور پذیر ھوا ھو۔ اگر یہ صحیح ھے، تو پھر ان کا حال بھی ۱۱۸۴ھ کے قریب لکھا ھوگا۔

ان دلائل کے پیش نظر میں یہ قیاس کرتا ھوں کہ میر حسن نے ۱۱۸۴ھ (۱۷۷۰ع) میں یا اس سے کچھ پیشتر تذکرہ شروع کر کے ۱۱۹۱ھ (۱۷۷۷ع) میں ختم کر دیا تھا۔ بعد کے اضافوں میں صرف شاہ

مصحفی کی تاریخ وفات ہے، جو سنہ ۱۱۹۲ھ میں واقع ہوئی تھی۔

اس تذکرے کا ایک قلمی نسخہ کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں موجود ہے۔ اس میں جابجا سادہ صفحات یا دس دس پانچ پانچ سطروں کی بیاضیں پائی جاتی ہیں۔ مر آخری حال دوسرے خط کا لکھا ہوا ہے، جس سے یہ قیاس کیا جاتا ہے کہ خود مصنف کا نسخہ ہے۔ کہیں کہیں مطبوعہ نسخے سے متن میں اختلاف بھی ہے۔ یہاں صرف مصحفی کے متعلق ایک جملے کے اختلاف کا ذکر مناسب ہوگا۔ مطبوعہ نسخے میں عبارت یوں ہے:

«از نجبای امروهه. مولدش اکبر پور که قصبه ایست متصل دهلی، وطن بزرگانش از قدیم. الحال در شاهجهان آباد به پیشهٔ تجارت سر می برد.»

ہمارے قلمی نسخے میں یہ عبارت اس طرح ہے:

«از نجبای امروهه. مولدش اکبر پور که قصبه ایست متصل. الحال در شاهجهان آباد به پیشه تجارت سر می برد»

مطبوعہ نسخے کی عبارت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مصحفی جس اکبر پور نامی قصبے میں پیدا ہوا تھا، وہ دہلی کے متصل ہے اور قلمی نسخہ اس کے برخلاف یہ بتاتا ہے کہ قصبۂ مذکور امروہے کے پاس واقع ہے یو پی کے ڈسٹرکٹ گزیٹر (ج ۱٦ ص ۱) میں قصبۂ اکبرپور کا ذکر امروہے کے ساتھ کیا گیا ہے۔ اور ہندوستان گزیٹیر میں دہلی کے قریب کسی اکبرپور نامی قصبے کا ذکر نہیں ملتا۔ اس سے یہ یقین ہوتا ہے کہ رامپور کے اس نسخے کی عبارت صحیح ہے اور مطبوعہ نسخے میں کاتبوں نے کتربیونت کر دی ہے

اس نسخے کے ۱۵۸ اوراق، خط عمدہ نستعلیق مگر کہیں کہیں غلط اور تمام صفحات مجدول ہیں۔

۱۱- جام جہان نما، قلمی-

یہ مولوی قدرت‌اللہ شوق رامپوری، متوفی ۱۲۲۴ھ (۱۸۰۹ع)، کی تصنیف ہے، اور فارسی زبان میں عالم کی تاریخ ہے

خاتمۂ کتاب سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۱۹۱ھ (۱۷۷۷ع) میں اس کی تالیف ہوئی تھی- مگر دہلی پر روہیلوں کے حالات میں جابجا اضافے بھی کیے گئے ہیں- چنانچہ دوسری جلد کے ورق ۷۳ ب پر ۱۱۹۲ھ، ۷۴ ب پر ۱۱۹۳ھ، ۷۵ ب پر ۱۱۹۵ھ، ۷۶ الف پر ۱۱۹۶ھ، ۷۸ الف پر ۱۲۰۳ھ، ۸۲ الف پر ۱۲۰۸ھ، ۸۷ الف پر ۱۲۱۲ھ، ۸۸ ب پر ۱۲۱۳ھ، ۹۰ الف پر ۱۲۱۸ھ، ۹۴ ب پر ۱۲۲۱ھ، اور ۹۵ الف پر ۱۲۲۳ھ پائے جاتے ہیں- موخرالذکر کو شوق نے «اکنون» سے تعبیر کیا ہے-

علاوہ ازیں، مولوی غلام طیب بہاری کو لکھا ہے کہ ۱۱۹۷ھ (۱۷۸۳ع) میں رامپور کے اندر انتقال کیا- میر درد اور ملا حسن فرنگی محلی کی وفات ۱۱۹۹ھ (۱۷۸۵ع) میں بتائی ہے-

اس تاریخ کا ایک قلمی نسخہ کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں محفوظ ہے- شیخ عبدالرحمن ولد شیخ بتھو، ساکن محلہ گوجر ٹولہ، نے ۱۲۷۰ھ (۱۸۵۳-۵۴ع) میں اسے رامپور میں لکھا ہے- جلدساز نے اس نسخے کو دو جلدوں میں تقسیم کر دیا ہے- اوراق کی تعداد ۴۳۳ اور سائز درمیانی ہے- خط نستعلیق اور کتابت پر اغلاط ہے-

۱۲- طبقات شعرا (طبقا) مطبوعہ-

یہ شوق کا تذکرۂ شعرائے اردو ہے، جس کا خلاصہ علی‌گڑھ سے شائع ہو چکا ہے- اصل تذکرہ جناب مرزا فرحت‌اللہ بیگ صاحب انجمن ترقیء اردو کے لیے مرتب فرما رہے ہیں-

شیخ چاند مرحوم نے سودا کی سوانح عمری میں لکھا ہے کہ اس

کا پہلا نسخه سنه ۱۱۸۸ھ (۱۷۷۴ع) میں مرتب ہوا تھا، مصنف نے ۱۲۰۹ھ (۱۷۹۴ع) میں نظر ثانی کر کے اسے تکمیل کو پہنچایا ھے۔

شوق نے «تکملة الشعرا» میں اسکا متعدد جگھوں پر جدا جدا ناموں سے ذکر کیا ھے۔ کہیں اس کا نام «تذکرۂ ہندی»، کہیں «حقیقه الشعرا» اور کہیں «تذکرۂ طبقات شعرای ہندی» لکھا ھے۔ چونکه مطبوعه نسخے میں موخرالذکر نام اختیار کیا گیا ھے، اس لیے میں نے بھی اسی کو عنوان میں درج کیا ھے۔

۱۳- تکمله الشعرا (تکمله)۔ قلمی۔

یه شوق کا فارسی گو شاعروں کا تذکرہ ھے۔ کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں اس کے ۲ قلمی نسخے ھیں۔ ایك ۱۲۱۸ھ (۱۸۰۳ع) میں حافظ غلام محی الدین نے، صاحبزادہ مظفر علیخاں بہادر کے لیے رامپور میں لکھا ھے۔ دوسرا مصنف کے دستخطی نسخے سے ۱۲۴۴ھ (۱۸۲۸ع) میں چند کاتبوں نے نقل کیا، اور مالك کتاب محمد عبدالسلام الہاشمی نے ۱۲۴۵ھ (۱۸۲۹ع) میں ربیع الاول کی ۱۱ تاریخ کو اس کا منقول عنه سے مقابله انجام کو پہنچایا ھے۔

اول الذکر نسخے کے دیباچے اور خاتمے میں اس کا نام «تکمله الشعرای جام جمشید»، اور دوسرے کے دیباچے میں «تکمله الشعرا و مخزن در» اور خاتمے میں «تذکرۂ تکملۂ جام جہان نما معروف به تذکرۂ مخزن در» لکھا ھے۔

کتاب میں سال تالیف مذکور نہیں۔ البته دیباچے میں مصنف نے یه ظاہر کر دیا ھے کہ «جام جہان نما» سے فراغت کے بعد، بعض اعزا و احباب کی فرمائش سے اسے تصنیف کیا ھے۔ «جام جہان نما» ۱۱۹۱ھ

میں ختم ہوئی تھی، لہذا اسے اس سنہ کے بعد شروع ہونا چاہیے۔ چونکہ میرزا مظہر اور سودا، متوفی ۱۱۹۵ھ (۱۷۸۱ع) کو متوفی اور میر تقی میر کو لکھنؤ میں مقیم بتایا ہے، اور میر ۱۱۹۷ھ (۱۷۸۳ع) کے قریب وہاں گئے ہیں، اس لیے قیاس یہ ہے کہ اسی سال میں اس کا آغاز ہوا۔

رہیں کو، جو «عقد ثریا» کی ترتیب کے وقت (۱۱۹۹ھ) زندہ تھا، لکھا ہے کہ اس کے انتقال کو دو برس ہوئے۔ خواجہ میر درد، متوفی ۱۱۹۹ھ (۱۷۸۵ع) کے انتقال کو چند سال بتائے ہیں۔ بیدار، متوفی ۱۲۰۹ھ (۱۷۹۴ع) کو زندہ لکھا ہے۔ قائم، متوفی ۱۲۰۸ھ (۱۷۹۳ع) یا ۱۲۱۰ھ (۱۷۹۵ع) کو کہتا ہے کہ چند سال پہلے فوت ہو گئے۔ شاہ عالم بادشاہ دہلی کو لکھا ہے کہ ۴۰ سال سے تخت دہلی پر متمکن ہیں۔ انھوں نے ۱۱۷۳ھ (۱۷۵۹ع) میں تخت پر قدم رکھا ہے۔ اس حساب سے چالیسواں سال ۱۲۱۳ھ (۱۷۹۸ع) میں ہونا چاہیے۔ حکیم عطاءاللہ عمس کو زندہ بتایا ہے، اور اونکا قطعۂ وفات چیری صاحب نقل کیا ہے، جس سے ۱۲۱۳ھ برآمد ہوتے ہیں۔ اس سے یہ قیاس کیا جاتا ہے کہ ۱۲۱۳ھ کے بعد اس کی تکمیل ہوئی ہے۔

۱۴۔ گلشن سخن۔ قلمی۔

یہ میرزا کاظم، مخاطب بہ مردان علی خان لکھنوی۔ متخلص بہ مبتلا تخلص، اس محمد علیخان بہادر کی تصنیف اور اردو گو شاعروں کے حالات اور منتخب کلام پر مشتمل ہے۔

دیباچے میں مصنف نے «آج پھولا ہے سخن کا گلشن» مادۂ تاریخ لکھا ہے، جس سے ۱۱۹۴ھ (۱۷۸۰ع) برآمد ہوتے ہیں چونکہ

کتاب میں بھی جگہ جگہ یہی سنہ « اکنون » یا « الحال » کے ساتھ مذکور ہے، اور مصنف کا دعوی بھی ہے کہ کتاب تھوڑے عرصے میں تصنیف ہو گئی تھی، اس لیے یہ قیاس کرنا بیجا نہ ہوگا کہ اسی ایک سال کے اندر کار تالیف سے مبتلا فارغ ہو گیا تھا۔

دیباچے سے معلوم ہوتا ہے کہ ۲۰ سال کی عمر میں ایک دیوان فارسی اور اوسی زمانے میں فارسی گو شاعروں کا تذکرہ مسمی بہ «گلدستۂ معانی» بھی مبتلا نے لکھا تھا سترعسو (۳۵۶ الف) میں اس تذکرے کا نام «نظم معانی» بتایا ہے اور کہا ہے کہ یہ سال تالیف کو ظاہر کرتا ہے چونکہ اس سے ۱۱۶۱ھ (۱۷۴۸ع) مستخرج ہوتے ہیں، اس لیے بعید نہیں کہ مبتلا کی پیدائش ۱۱۴۱ھ (۱۷۲۸ع) کے قریب ہوئی ہو۔ اگر یہ صحیح ہے، تو گلشن سخن کی تالیف کے وقت اوس کی عمر ۵۳ سال کی ہوگی۔

نتائج الافکار (ص۱۰۴) میں مبتلا کی وفات بارھویں صدی ھجری کے آخر میں بتائی ہے۔

کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں اس تذکرے کا ایک قلمی نسخہ پایا جاتا ہے۔ جسے نہایت بدخط اور غلط نویس کاتب نے نقل کیا ہے۔ انجمن ترقیء اردو کے لیے اس نسخے کی نقل تیار کی گئی ہے۔ امید یہ ہے کہ انشاءاللہ اسے جلد چھاپا جائیگا۔

۱۵- گلزار ابراھیم (گلزار)، قلمی۔

یہ نواب امین الدولہ علی ابراھیم خان بہادر نصیر جنگ، خلیل تخلص، کی تالیف ہے، جس میں ریختہ گو شاعروں کے حالات فارسی زبان میں لکھے گئے ہیں۔

مصنف نے دیباچے میں سال اختتام ۱۱۹۸ھ (۱۷۸۴ع) بتایا ہے۔ سال آغاز متعین نہیں ہے۔ لیکن میر سوز کے حال میں ۱۱۹۰ھ (۱۷۷۶ع) کو سال حال بتایا ہے۔ اس لیے بعید نہیں کہ اسی سال اس کو شروع کیا ہو خلیق کے ذکر میں ۱۱۹۹ھ (۱۷۸۵ع) لکھا ہے۔ راقم متخلص به معموم (یا محیط) کے بیان میں لکھا ہے کہ «در سنهٔ ۱۱۹۹ھ راقم آثم ...رسارس ملاقی شد» (۱۹۲ ب)۔ اس سے میں یہ قیاس کرتا ہوں کہ ۱۱۹۸ھ میں کتاب ختم کرنے کے بعد بھی حاشیے اضافے کیے ہیں، جو ۱۱۹۹ھ کے بعد تک جاری رہے تھے۔

کتابخانهٔ عالیهٔ رامپور میں اس تذکرے کا جو نسخه ہے، اوس کے اوراق کی تعداد ۳۱۵ ہے، اور دو کاتبوں نے اوس کی کتابت کی ہے، جن میں سے ایک کا خط نخته ستعلیق ہے۔ اس نسخے میں متعدد مفید حواشی بھی نظر آتے ہیں، جو سب کے سب ایک ہی خط میں ہیں، اور اوس کاتب کے لکھے ہوئے معلوم ہوتے ہیں. جس نے راقم کا حال ۱۶ سطروں میں اضافه کیا ہے۔ چونکه آخری اوراق بھی اوسی کے نوشته ہیں. اور اوس نے خاتمهٔ کتاب میں لکھا ہے:

«تمام شد گلزار ابراهیم، تذکره نالیف نواب علی ابراهیم خان بهادر نصیر جنگ، جعل الله تعالی له الجنة»۔

اس لیے یه سمجھه تو نہیں کہا جا سکتا که یه حواشی خود مصنف کے قلم کے ہونگے البته یه گمان غالب ہے که جس نسخے سے ہمارا نسخه نقل کیا گیا ہے، وہ مصنف کا ترمیم کرده آخری نسخه ہوگا۔

چونکه یه حواشی مفید ہیں، اسلیے یہاں اون کا نقل کرنا نامناسب نہیں۔

(۱) شاه عالم بادشاه دهلی، آفتاب تخلص، کے حال کے محاذ میں

حاشیے پر لکھا ہے:

«شاہ قدرت اللہ، قدرت تخلص، می گفتند کہ این ہر دو اشعار، کہ نسبت بہ شاہ عالم بادشاہ می کنند، گفتۂ یکی از شاگردان مست، کہ در بلدۂ مرشدآباد بودہ» (۲ الف)۔

محولۂ بالا شعر یہ ہیں:

صبح تو جام سے گزرتی ہے   شب دلارام سے گزرتی ہے
عاقبت کی خبر خدا جانے   اب تو آرام سے گزرتی ہے

---

(۲) رضا قلی آشفتہ پر حاشیہ ہے:

«رضا قلی آشفتہ از تلامذۂ میر سوز است۔ و برادر مرزا بھوچو نامی، درہ تخلص، بودہ۔ بطرز میر سوز اشعار می گفت» (۱۸ ب)۔

---

(۳) احسن اللہ بیان پر حاشیہ ہے:

«چیچک نامۂ خواجہ احسن اللہ بیان، کہ نام بسیار جانوران دران درجست، مشہور است کہ مطلعش اینست

میرزا فیضو کی چیچک مر گئی   خوش جانے جگ کے ویران کر گئی
میرزا غمگیں ہوں، چہیاں شاد ہوں   گھونسلے چڑیوں کے یوں آباد ہوں»

(۲ الف)

خود حاشیوں پر اور متن میں نئے اسماء یا اشعار کا اضافہ بھی کیا گیا ہے: چنانچہ

(۱) ورق ۵۶ الف پر حرف «دال» کے شروع میں حاشیے پر یہ اضافہ پایا جاتا ہے:

«دائم تخلص، اسمش دائم خان، پسر فوجدار محمد خان و برادر خورد فوجدار قائم خان، کہ در عہد نواب وزیرالممالک شجاع الدولہ بہادر عز اقتدار داشت، و در وقت نواب آصف الدولہ بہادر بدار وعگی فیلخانۂ کلان معزز بود و دائم مذکور بموروثیت طبیعت گاہی فکر شعر ریختہ می نمود، و در لکھنؤ می گذراند۔ این چند بیت مرسل یادگار آن ستودہ۔ اطوار درین تذکرہ نوکریر خامۂ ندرت نگار گشت۔»

اسکے بعد ۳ شعر اوسی صفحے پر اور ۴ شعر ۵۶ ب پر «تتمۂ دائم» کے عنوان کے ماتحت درج کیے ھیں۔

(۲) راغب اور رفعت کے درمیان میں لاله جواهر سنگه، رام تخلص، کا اضافه کیا ھے، جو حسب ذیل ھے:

«رام تخلص، اسمش لاله جواهر سنگه کهتری زاد، عرف منون، مولدش لاهور، خلف لاله گنگا بشن مخلص تخلص برادر خورد منشی رام جس مخلص به محیط، از متوسلان سرکار دارالدوله منشی خاص بهادر بود. بعد ازان بعلاوه داروغگی برمت عاری به رعایت منشی دیگر صاحب عار مانده. طبعی رسا و موزون دارد. این چند اشعار یادگار از وی درین تذکره ثبت افتاده.»

اس کے بعد ۷۶ اشعار نقل کیے ھیں۔

(۳) ورق ۱۴۷ ب کے حاشیے پر ایک نام کا اضافه ھے، جس کی عبارت یه ھے:

«عشق تخلص، نامش مرزا بادشاه در اوائل عمر [illegible] تخلص می کرد بعد ازان عشق تخلص قرارداد. مدتی جری بود. در لاهور [illegible] نام هولی با سپاهیان یلنش نواب آصف الدوله بهادر که صدها کس بودند از شدن حرف با ملازم تنها درآویخته، چند کس را کشته و مجروح ساخته، خود هم آخرالامر زخمهای کاری برداشت، و بعد مدت صحت یافت. و از آنجا در بلدهٔ عظیم آباد و کلکته افتاده، در صحبت مرزا گهسیٹا عشق تخلص بسر می برد. پس ازان مایل دکن گشته، از دست پنڈارهای لشکر علی بهادر زخم بهالا بر کله خورده و یک کس از پنڈارها را بشمشیر از پا درآورده، در قصبهٔ [illegible] چهاره سلامت رسید. و بعد چند روز مهمان زخم کله شربت مرگ چشیده، در تکیهٔ محمد شاه درویش مدفون گشت. چون طبع موزون داشت دیوان اشعار ریخته ترتیب داده، این چند شعر از زادهای طبع اوست»

اس کے بعد حاشیوں پر ان کے ۱۱ شعر نقل کیے ھیں۔ ورق ۵۶ ب

کے حاشیے پر بھی حق تخلص کے ساتھ ان کا ذکر کیا ھے مگر وھاں صرف ایك شعر لکھا ھے۔

(۴) عیش تخلص کے بعد حسب ذیل اضافہ متن میں کیا ھے:

«عاجز، نامش شیودیال ملقب بہ پرم ھنس درویشی است در بلدہ بنارس۔»

(۵) ورق ۱۶۱ کے حاشیوں پر فدوی لاھوری کے ۱۹ شعر اور درج ھیں۔ اسی طرح قدرت دھلوی کے اشعار بھی ۱۶۵ الف و ب اور ۱۶۶ الف پر تحریر ھیں۔ مجنوں کے ۱۵ شعر ۱۹۴ ب اور ۱۹۵ الف پر بڑھائے ھیں۔ واقف دھلوی کے ۱۰ شعر متن میں اور ۷ حاشیے پر مندرج ھیں۔

(۶) ولی پر حاشیہ ھے:

«کسی در وصف ولی گفتہ

بمعمورہ شاعران ھندی بود است ولی بکشور ھند»

رامپور کے نسخے میں صانع بلگرامی، عجائب رای عاشق اور امیر حسرو کا ذکر نہیں ھے۔ نیز کمترین دھلوی کے حال سے کافر دھلوی تك کی عبارت کاتب نے سہواً ترك کر کے، اس طرح لکھا ھے:

«کمترین دھلوی اسمش میر علی نقی آہ۔»

مطبوعہ نسخے میں منشی رامجس کا تذکرہ معصوم تخلص کے ساتھ کیا گیا ھے، اور ۲۳ شعر انتخاب کیے ھیں۔ لیکن رامپور کے نسخے میں یہ حصہ دوبارہ تفصیل کے ساتھ لکھا گیا ھے، اور انتخاب بہت طویل ھے۔ چنانچہ محیط تخلص کے ماتحت لکھا ھے:

«محیط تخلص، موسوم بہ رامجس کھتری برادر عرف مہرہ خلف لالہ گنگا بشن متخلص عاجز، متوطن لاھور مولدش دھلی۔ بیشتر معصوم (یہاں حاشیے پر نسخے کا یوں لکھہ کر «یعنی» تحریر کیا ھے) تخلص می کرد الحال بہ تخلص محیط آشنا شدہ۔ از دل برشتگان سموم عشق

ومسالکاں سرکار ممتارالدولہ مسٹر حاسس بہادر بودہ است۔ در سنۂ ۱۱۹۹ھ با راقم آثم در بنارس ملاقی شد۔ بعد ازاں سر رشتہ داریء برمٹ ضلع بنارس مامور گشت۔ و اشعارش مدونست۔ و پنج مثنوی، کہ فی الحقیقت «پنج گنج» است، موسوم بہ «خمسۂ عشقیہ» تصنیف کردہ مثنویء اول ہیر و رانجھا مسمی بہ «محیط عشق»، و مثنویء دوم سسی و پنو موسوم بہ «محیط درد»، وسیومی مثنوی مرزا صاحباں مسمی بہ «محیط غم»، و چہارم مثنوی «حسن بخشی»، و پنجم مثنوی مادھو نل و کام کندلا مسمی بہ «حسن و عشق» است۔ و پنج مثنوی دیگر در تصوف دارد۔ یکی از انجملہ ترجمۂ بھگوت گیتا مسمی بہ «محیط الحقائق»، و دویم مثنوی ترجمہ بھگت مالا موسوم بہ «محیط الاسرار»، و سیومی مثنوی ترجمۂ پوتھی پربودہ چندر اودی ناٹک مسمی بہ «گلشن معرفت»، و چہارم مثنوی ترجمۂ جوگ باشسٹ مسمی بہ «محیط معرفت»، و پنجم مثنوی «محیط اعلم» ترجمہ پوتھی جنم ساکھی مشعر بر احوال گرو نانک محل اول تا بہ گرو گوبند سنگھ، محل دھم و برخی احوال مادھوداس مخاطب بہ بندہ، مصنفات دارد و نیز نسخۂ دیگر ترجمۂ اوار سنہلی عرف کلالہ دمہ مسمی بہ «محیط دانش» تصنیف نمودہ۔ داد سخوری دادہ۔ برخی از اشعار آبدارش درین نسخہ ثبات می یابد»

اس کے بعد غزلیات و مثنویات کے منتخب اشعار ورق ۱۹۸ الف سے شروع ہو کر ۲۹۶ ب پر ختم ہوئے ہیں۔

صاحب گلزار کی تاریخ وفات۔ ڈاکٹر اسپرنگر (ص ۱۸۰) اور بلوم ھارٹ نے جرأت کے اس مصرع تاریخ کی بنا پر: «او۔ آہ۔ مٹا مطلع دیوان عدالت» ۱۲۰۸ھ (۱۷۹۳ع) بتائی ہے۔ مخدومی مولوی عبدالحق صاحب نے بھی، گلشن ہند کے مقدمے میں اسی سنہ کو دھرایا ہے۔ (۱) اگر یہ سنۂ وفات صحیح ہے، تو نسخۂ رامپور کے اس اضافے کو کسی مابعد

(۱) کتابخانۂ رامپور کے ۲ نسخوں میں خلیل کا قطعۂ تاریخ وفات پایا جاتا ہے۔ مگر وہ ناقص الالفاظ اور غلط ہے۔ الفاظ دونوں نسخوں میں یہ ہیں «تو آہ مطلع دیوان عدالت»

کے شخص کی طرف منسوب کرنا پڑیگا، کیونکہ اس میں محیط الاسرار، محیط معرفت، اور محیط اعظم کے اقتباسات پائے جاتے ھیں، جو علی الترتیب ۱۲۱۶ھ (۱۸۰۱ع)، ۱۲۱۸ھ (۱۸۰۳ع) اور ۱۲۲۰ھ (۱۸۰۵ع) کی تصنیف ھیں۔

چونکہ بالعموم متن کے اندر مصنف کے ماسوا کوئی شخص اضافے کرنے کی جرات نہیں کرتا، یا کم از کم میرے علم میں اس کی کوئی ایسی مثال نہیں ھے کہ مابعد کے کسی عالم نے اپنا نام ظاہر کیے بغیر ایسا کیا ھو، اس لیے میں مصنف کے ۱۲۰۸ھ میں فوت ھو جانے کی طرف سے مشتبہ ھو جاتا۔ اگر لطف نے گلشن ہند، مصنفۂ ۱۲۱۵ھ (۱۸۰۱ع) میں علی ابراھیم خان کو مرحوم نہ لکھا ھوتا۔ چونکہ یہ تاریخ وفات یقینی معلوم ھوتی ھے، اس لیے مجھے اس اضافے کرنیوالے پر افسوس اور حیرت کا اظہار کرنا پڑتا ھے۔

گلزار ابراھیم کو انجمن ترقیءاردو نے شائع کر دیا ھے۔ اس نسخے میں ۳۲۰ شعرا کا ذکر ھے، جن میں سے ۳ کتابخانۂ عالیۂ رامپور کے نسخے میں مذکور نہیں، اور ۲ شاعر نسخۂ رامپور کے متن میں اور ۲ حاشیوں پر ایسے مذکور ھیں، جن کے حال سے مطبوعہ نسخہ خالی ھے۔ اس حساب سے ۳۱۹ شاعر ھمارے نسخے کے متن میں مذکور ھوئے ھیں، اور کل شعرا کی تعداد ۳۲۱ ھوتی ھے۔

۱۶- گلشن ہند (لطف) مطبوعہ۔

یہ میرزا علی لطف، متوفی ۱۲۲۸ھ (۱۸۱۳ع)، کی تصنیف، اور گلزار ابراھیم کے ۶۸ شاعروں کے حالات کا ترجمہ مع اضافات ھے۔ اس کا اختتام، خود دیباچے کے مطابق ۱۲۱۵ھ (۱۸۰۱ع) میں ھوا ھے۔ مگر مکرمی قاضی عبدالودود صاحب (پٹنہ) کا خیال ھے کہ حصۂ نظم میں اس

سال کے بعد بھی اضافے معلوم ہوے ہیں۔

یہ تذکرہ اولاً ۱۹۰۶ع میں مولوی عبداللہ خاں کے اہتمام سے جداگانہ اور بعد ازاں ۱۹۳۴ع (۱۳۵۲ھ) میں انجمن ترقیءاردو کی طرف سے گلزار ابراہیم کیساتھہ چھپ کر شائع ہوچکا ہے۔

۱۔ عقد ثریا (عقد) قلمی۔

یہ شیخ غلام ہمدانی مصحفی، متوفی ۱۲۴۰ھ (۱۸۲۴ع)، کا مرتب کیا ہوا فارسی گو شاعروں کا تذکرہ ہے، جسے دیباچے کے بیان کے مطابق مصنف نے ۱۱۹۹ھ (۸۵ ۱۷۸۴ع) میں ختم کیا تھا لیکن خواجہ میر درد، متوفی ۱۱۹۹ھ، کو لکھا ہے کہ ان کے انتقال کو چند سال ہوے۔ بیخبر بلگرامی کو لکھا ہے کہ ۱۲۰۲ھ (۸۸-۱۷۸۷ع) میں دھلی کے اندر فوت ہوے، اور فصیح کا حال ۱۲۱۲ھ (۱۷۹۷ع) میں داخل تذکرہ کیا ہے۔

محمد علی فروغ کو لکھا ہے کہ اس نے چند سال قبل فارس میں وفات پائی۔ ستر عشق اور نور روشن (ص ۵۲۱) میں اس کا سال ولادت ۱۱۴۰ھ (۱۷۲۷ع) لکھا ہے۔ اور موجز الذکر میں ستر سال کی عمر میں وفات بتائی ہے۔ جسکا مطلب یہ ہےکہ فروغ نے ۱۲۱۰ھ (۱۷۹۵ع) میں انتقال کیا تھا۔ اگر یہ صحیح ہے، تو اس کا حال بھی ۱۲۱۲ھ یا اسکے بعد لکھا گیا ہوگا۔ کتابخانۂ عالیۂ رامپور کے نسخے میں کرپا دیال مضطر کے حال میں ۱۲۱۳ھ (۱۷۹۸ع) مذکور ہے۔ اس بنا پر قیاس کیا جاتا ہے کہ مصحفی نے بعد میں بھی اضافے کیے ہیں۔

مصنف نے اس کے آغاز کی طرف کوئی کھلا ہوا اشارہ نہیں کیا۔ مگر کتاب کے پراگندہ ٹکڑے جمع کرنے سے سال آغاز کا تعیینی

اندازہ بھی لگایا جا سکتا ہے۔

اس سلسلے میں سب سے پہلے دیباچے کے اس بیان پر غور کرنا چاہیے کہ:

«تا آنکه میرزا محمد حسن، قتیل تخلص، از ساحت لشکر نواب ذوالفقار الدوله بهادر به شاهجهان آباد گذر افگنده، فسون تالیف تذکرهٔ معاصرین بگوشم دمیده، اسامیٔ چند از ایشان بقلم تحریر من در آورده، مسودهٔ احوال بعضی را بر بیاض مختصری بدست من نویسانیده، یاد آوردن یاران و دوستان بیادم داد.. در ایام دوریٔ آن آشنای صادق چون شمع می سوختم و مسودهٔ سرگذشت هر یك را از مرده و زنده بر پارهٔ کاغذ می نگاشتم». (ورق ۱ ب)

اس سے صاف طور پر ظاہر ہے کہ مصحفی نے قتیل کے ورود دہلی کے زمانے میں نہ صرف خود اونہیں کی فرمائش سے اس کام کو شروع کیا، بلکہ دو چار شاعروں کے حالات اون کی زبانی نوٹ بھی کیے۔ اب یہ دیکھنا ہے کہ قتیل کس زمانے میں دہلی آئے۔ یہ تو خود مصحفی نے بتا دیا ہے کہ یہ نواب ذوالفقارالدولہ میرزا نجف خان بہادر کے لشکر سے آئے تھے۔ جسکا مصحفی کے دوسرے بیان کے مطابق شاہدرے کے قریب دہلی کے باہر پڑاؤ تھا (ص ۵۴ - مطبوعہ)۔ مسٹر بیل نے، مفتاح التواریخ (ص ۳۵۹) میں لکھا ہے کہ نجف خان ۳ ہزار سوار اور پیادوں کی جمیعت کے ساتھ شاہ عالم کی ملازمت میں داخل ہوا، اور ۱۱۸۵ھ (۱۷۷۱ء) میں بادشاہ کے ہمراہ دہلی آیا۔ اس عرصے میں بہت سے کارہای نمایاں انجام دینے کے صلے میں «ذوالفقار الدولہ نواب نجف خان بہادر غالب جنگ» خطاب اور اسکے بعد عہدۂ امیر الامرائی سے معزز و مفتخر ہوا، اور ۸ جمادی الآخر ۱۱۹۶ھ (اپریل ۱۷۸۲ء)

کو فوت ہو گیا۔

ستر عشق (۵۴۸ب و بعد) میں لکھا ہے کہ قتیل ۱۱۷۲ھ (۰۸-۱۷۵۷ع) میں پیدا ہوئے، ۱۴ برس کی عمر میں اسلام قبول کیا، اور دو برس تک اسلام کو مخفی رکھ کے، سترھویں سال کی عمر میں اس کا اظہار کردیا۔ اس کے بعد اعزا و اقربا سے کنارہ کش ہوکر «در اطراف شاہجہاں آباد بلشکر ذوالفقار الدولہ نواب نجف خان مرحوم می گشت۔»

اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ انکے نواب نجف خان کے لشکر میں گشت لگانے کا آغاز ۱۱۸۹ھ (۱۷۷۵ع) میں ہوا۔

آگے چل کر شتر عشق میں لکھا ہے کہ «الحال از عرصۂ سی و شش سال بلکھنئو تشریف می دارد»۔ یہ مدت مصنف شتر عشق نے ۱۲۳۳ھ (۱۸۱۸ع) میں ان کا حال لکھتے ہوئے تحریر کی ہے۔ جس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ۱۱۹۶ھ (۱۷۸۲ع) یا ۱۱۹۷ھ (۱۷۸۳ع) میں قتیل لکھنئو آئے تھے، اور سابق ولاحق نتائج کو ملانے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ تقریباً ۱۱۸۹ اور ۱۱۹۷ھ کے مابین یہ ایك مشہور شاعر و فاضل کی حیثیت سے مذکورۂ بالا لشکر میں بود و باش رکھتے رہے تھے۔ چونکہ مصحفی نے ان کی فرمایش سے تذکرہ شروع کیا ہے، لہذا اس کا آغاز ان دونوں سنوں کے درمیان کے کسی سال میں ہونا چاہیے۔

نواب صمصام الملك میر عبدالحی خان صارم تخلص کے متعلق لکھا ہے کہ «حالا از سرکار نواب آصفجاہ ثانی بخطاب صمصام الملك و دیوانیء دکن بلند رتبگی دارد»۔ نتائج الافکار (ص ۲۶۶) میں ان کی رحلت بارھویں صدی کے آخر میں، اور محبوب الزمن (۲-۶۰۶) میں ۱۵ جمادی الاولی ۱۱۹۶ھ تحریر ہے۔ مصحفی نے ان کا حال زندگی میں لکھا ہے، لہذا اس

ماہ و سال سے قبل کا مکتوبہ ہونا چاہیے۔

شیخ ظہورالدین حاتم کے بارے میں کہتا ہے:

«بقولش تاریخ تولدش صرف «ظہور» باشد۔ از خاک پاک شاہجہان
آباد است۔ ہشتاد و سہ سال عمر دارد»۔

لفظ ظہور کے مطابق شاہ حاتم کا سال پیدایش ۱۱۱۱ھ (۱۶۹۹ع) ہے، لہذا ۱۱۹۴ھ (۱۷۸۰ع) میں ان کی عمر ۸۳ سال کی ہونا چاہیے۔ چونکہ مصحفی نے سال پیدایش جانتے ہوئے یہ عمر لکھی ہے، اس بنا پر ہم اسے محض اندازہ نہیں کہہ سکیں گے، اور اس حالت میں یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہونگے کہ ۱۱۹۴ھ یا ۱۱۹۵ھ میں اوس نے حاتم کا حال لکھا ہے۔

تقریباً اسی سال لطف علی بیگ آذر کا حال بھی لکھا ہے۔ کیونکہ ایک تو اوس کے تذکرے «آتشکدہ» کا ذکر نہیں کیا ہے، جو برٹش میوزیم کے نسخے کے مطابق ۱۱۹۳ھ (۱۷۷۹ع) کے قریب ختم ہوا ہے، اور دوسرے یہ کہ اس میں مصحفی نے اوس کی عمر ۶۰ برس کے قریب بتائی ہے، اور بقید حیات لکھا ہے۔ خان بہادر عبدالمقتدر نے آتشکدہ پر نوٹ لکھتے ہوے تحریر کیا ہے کہ آذر ۱۱۳۴ھ (۲۲-۱۷۲۱ع) میں پیدا ہوا تھا۔ اس حساب سے ۱۱۹۴ھ میں اوس کی عمر ۶۰ برس کی ہونا چاہیے، اور یہی سال اوس کے داخل تذکرہ ہونے کا قرار دینا مناسب ہوگا۔

چونکہ مصحفی نے مرزا خانخانان مظہر، متوفی محرم ۱۱۹۵ھ کا حال اون کی وفات پر لکھا ہے، اس بنا پر گزشتہ دلائل کو سامنے رکھنے کے بعد بالکل یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ ۱۱۹۵ھ اور

۱۱۹۹ھ کے درمیان کی یہ تالیف ہے، جس میں ۱۲۱۳ھ تک مصنف نے اضافے کیے ہیں۔

انجمن ترقیءاردو نے اسے شائع کر دیا ہے، مگر کوئی سطر غلطی سے پاک نہیں ہے کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں اس کا ایک نسخہ محفوظ ہے، جو ۱۲۵۵ھ (۱۸۴۲ع) میں سید سلامت علی بلگرامی اور سید اکبر علی حیدرآبادی نے اوسط سائز کے ۱۰۴ ورقوں پر نقل کیا ہے اس میں ہر شاعر کے کلام کا انتخاب بھی مندرج ہے، جو نسخۂ مطبوعہ سے حذف کر دیا گیا ہے

۱۸- تذکرۂ ہندی گویاں (تذکرہ) قلمی۔

یہ مصحفی کا پہلا اردوگو شاعروں کا تذکرہ ہے، جسے مصنف نے «عقد ثریا» کے بعد فارسی زبان میں لکھا ہے۔ خاتمے میں تحریر کیا ہے کہ ۱۲۰۹ھ (۹۵-۱۷۹۴ع) میں اسکی ترتیب سے فراغت ہوئی۔ مگر یہ جملہ

«فرصت را غنیمت شمردہ، مسودۂ مغشوش این تذکرہ را، کہ از چند سال بطاق نسیان افتادہ بود، صاف نمودہ درست ساختہ»۔

خود اشارہ کرتا ہے کہ کتاب ۱۲۰۹ھ سے قبل تمام ہوچکی تھی، اس سنہ میں صرف مسودہ صاف کر کے شائع کیا گیا ہے۔

کتاب کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا آغاز ۱۲۰۰ھ (۱۷۸۶ع) کے قریب ہوا ہے، کیونکہ مصنف نے دیباچے میں صراحت کر دی ہے کہ فارسی تذکرے سے فارغ ہوکر یہ کام شروع کیا اور وہ تذکرہ ۱۱۹۹ھ میں ختم ہوا تھا، لہذا اسی سال یا آئندہ سال اردو تذکرے پر کام شروع کرنا چاہیے۔

شاہ حاتم، متوفی ۱۱۹۷ھ، کو لکھا ہے کہ «دو سہ سالست کہ در شاہجہان آباد ودیعت حیات سپردہ»۔ خواجہ میر درد، متوفی ۲۴ صفر

۱۱۹۹ھ (جنوری ۱۷۸۵ع) کے بارے میں کہتا ہے کہ "یک سالست کہ درد مہجوریش شفا یافتہ"۔ میر حسن، متوفی عشرۂ محرم ۱۲۰۱ھ (۱۹ اکتوبر ۱۷۸۶ع)، کو احقر اور خاکسار کے حال میں الفاظ "سلمہ اللہ تعالی" سے یاد کیا ہے۔

ان اقتباسوں سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ صفر ۱۲۰۰ھ (دسمبر ۱۷۸۵ع) میں یا اس کے لگ بھگ اس تذکرے کا کام شروع کیا جاچکا تھا۔

تذکرے کے دوسرے بعض ٹکڑوں سے پتا چلتا ہے کہ ۱۲۰۹ھ کے بعد بھی اس میں اضافے کیے گئے ہیں۔ چنانچہ راجہ جسونت سنگھ پروانہ تخلص کے ذکر میں لکھا ہے کہ ان کے فارسی اشعار میرزا قتیل کی معرفت دہلی میں میرے پاس پہنچے تھے، جنھیں میں نے تذکرۂ اول میں داخل کر لیا تھا۔ جب دہلی سے لکھنؤ وارد ہوا، تو یہ بڑے تپاک سے ملے، اور اگرچہ میر حسن، میر سوز، میر اور ہما کے معتقد تھے، مگر فقیر سے ملاقات کے بعد کلی طور پر ادھر رجوع ہو گئے، اور بڑے انہماک اور توجہ سے اردوگوئی شروع کی۔ اب کہ دس بارہ سال کی مشق ہے، بہت پختہ گو ہو گئے ہیں۔

اس بیان سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مصحفی نے لکھنؤ آنے کے دس بارہ برس بعد یہ عبارت لکھی ہے۔ خود انھوں نے ریاض الفصحا میں محمد حیات ستار کے ذیل میں لکھا ہے:

> "در ایامی کہ فقیر ہمراہ غلام علی خان ولد بھکاری خان، کہ مشارالیہ از پیشگاہ خلافت جہانبانی، خلعت نوازش شاہانہ برائے بندگان عالی وزیرالممالک نواب آصف الدولہ بہادر و سر هستنگس گورنر بہادر آوردہ بود، در سنۂ یکہزار و یکصد و نود و هشت صعوبت سفر کشیدہ از شاہجہان آباد در لکھنؤ رسیدہ۔"

اب اگر ان کے سال آمد ۱۱۹۸ھ (۸۴-۱۷۸۳ع) پر ۱۲ برس بڑھائے جائیں، تو ۱۲۱۰ھ (۹۶-۱۷۹۵ع) حاصل جمع ہوگا۔ اسیر معترض کہ سکتا ہے کہ یہ تخمینہ ہے۔ بہت ممکن ہے کہ دس برس کے لحاظ سے ۱۲۰۸ھ میں یا اس کے ایک سال بعد ۱۲۰۹ھ میں یہ ٹکڑا لکھا ہو، اور اسے تخمیناً ۱۲۱۰ برس کہدیا ہو۔ مگر ہمیں قسمت کے ذکر میں میاں جعفر علی حسرت کے متعلق ایک ایسا جملہ ملتا ہے، جو ہمارے مدعا کے اثبات کے لیے کافی ہے۔ مصحفی کہتا ہے کہ قسمت:

«اصلاح شعر از میاں جعفرعلی حسرت می گرفتند و در حین حیات او با فقیر هم از ته دل اعتقادی و رجوعی داشتند۔ حالا که حسرت نمانده، بالکل خیال مشوره بفقیر دارند»

حسرت نے ۱۲۱۰ھ (۹۶-۱۷۹۵ع) میں رحلت کی ہے۔ لہذا اس حصے کو اسی سنہ یا اس کے کچھ بعد کا ہونا لازم ہے۔

نواب الٰہی بخش خاں معروف کے حال میں مصحفی نے صاف اعتراف کر لیا ہے کہ:

«در ایامی که فقیر تذکره باتمام رسانیده از شاهجهاں آباد بلکهنو گزر افگنده۔ شاگردیء ماں بصیر بارش دارد»

کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں اس تذکرے کا جو قلمی نسخہ ہے، وہ سید محسن علی محسن، مصنف سراپا سخن، کا مکتوبہ ہے۔ کاتب مذکور خاتمے میں لکھتے ہیں:

«یہ تذکرہ جلد اول میاں مصحفی مرحوم کا، کہ مدت سے کاتب الحروف کو اسکی تلاش تھی، توجہ جناب فیض مآب، نواب عاشور علیخاں صاحب بہادر، دام اقبالہ، سے نواب حسن علی خاں بہادر کے کتب خانے سے، کہ مہر بھی نواب ممدوح کی اوس پر ہے، اور ایسا نسخہ کہ میاںصاحب کے شاگرد منشی ظہور محمد ظہور کے ہاتھ کا لکھا ہوا

> تھا، دستیاب ہوا۔ کاتب الحروف سید محسن علی محسن، مولف تذکرۂ سراپا سخن، نے نقل اس کی بے کم و کاست لکھی۔ بتاریخ سیوم شہر رجب سنہ ۱۲۷۱ھ کو فضل الٰہی سے تمام ہوا
>
> مکرر۔ ایک روز حضور میں نواب صاحب کے یہ عاجر حاضر ہوا۔ فرمایا کہ یہ تذکرہ میاں مصحفی نے خود بھائی صاحب کو دیا تھا فقط۔»

اس نسخے میں ۲۷ ورق اور ملحقہ فہرست کی رو سے ۱۹۲ (۱) شاعروں کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ کتابت میں غلطیاں بھی پائی جاتی ہیں، جو محسن جیسے پڑھے لکھے کاتب سے بعید معلوم ہوتی ہیں۔

انجمن ترقیء اردو نے جو نسخہ شائع کیا ہے، اوس میں ۱۹۳ شاعروں کا ذکر ہے۔

۱۹- ریاض الفصحا (ریاض) قلمی۔

یہ مصحفی کا دوسرا تذکرہ ہے، جس میں ۲۶۴ اردو گو شاعروں کے حالات فارسی زبان میں درج ہیں۔ حسب تصریح دیباچہ، لالہ چنی لال حریف کی فرمایش پر ۱۲۲۱ھ میں اس کا آغاز، اور بنابر خاتمہ، ۱۲۳۶ھ (۱۸۰۶ع) میں اتمام ہوا ہے۔

کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں اس کا جو نسخہ محفوظ ہے، اوس کے سر ورق پر تاریخ آغاز کتابت، غرۂ محرم سنہ ۱۲۷۰ھجری روز چہار شنبہ اور تاریخ اتمام کتابت، ۲۷ محرم ۱۲۷۰ھ (اکتوبر ۱۸۵۳ع) درج

(۱) ڈاکٹر اشپرنگر نے اپنی فہرست (ص ۱۸۳) میں لکھا ہے کہ مصحفی نے اس تذکرے میں ۳۵ ریختہ گویوں کے حالات لکھے ہیں اشپرنگر کے نسخے کا سائز اوسط، صفحات کی تعداد تقریباً ۴۰۰ اور فی صفحہ ۱۴ سطریں تھیں۔ اس تعداد اوراق اور تعداد شعرا کے پیش نظر یہ شبہہ ہوتا ہے کہ اشپرنگر نے ریاض الفصحا کو تذکرۂ ہندی خیال کر لیا تھا، جس کے مطبوعہ نسخے میں ۳۲۱ شعرا کا ذکر ہے۔

ہے۔ خط کی روش نیز مندرجۂ ذیل تحریر سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ بھی محسن کے قلم کا نوشتہ ہے۔ مذکورہ تحریر ورق ۱۰ الف کے حاشیے پر پائی جاتی ہے۔ اور اس کے الفاظ حسب ذیل ہیں:

«کاتب الحروف محسن علی نے اشعار فارسی کسی کے نہیں لکھے، کہ غرض اشعار ہندی سے ہے دو تین جا پر جو لکھ دیے ہیں، فقط واسطے نشان اور پتے کے ہیں۔»

اس بیان میں کاتب نے صرف فارسی اشعار گرادینے کا اقرار کیا ہے۔ مگر واقعہ یہ ہے کہ اس میں مطبوعہ کے مقابلے میں اردو اشعار بھی بہت سے ساقط ہیں۔

اس نسخے کا سائز اوسط، اور تعداد اوراق ۵۵ ہے۔ متعدد جگہ حاشیوں پر بھی شعرا کے حالات اضافہ کیے ہیں، جو سہو کتابت کی تلافی ہے۔

اس نسخے میں جابجا صفحات کے حصے سادہ چھوڑے گئے ہیں، جو یا تو منقول عنہ میں جان بوجھ کر سادہ رکھے گئے ہوں گے، اور یا اوسکے ناقص ہونے کے باعث سے کاتب نے آیندہ تکمیل کے خیال سے بیاض رکھی ہیں۔ بصورت اول بعید نہیں کہ وہ خود مصحفی کا مسودہ ہو۔ چونکہ اس عبارت کے اندر مطبوعہ کے مقابلے میں جگہ جگہ الفاظ، فقرے اور جملے بدلے ہوئے ہیں۔ اس بنا پر یہ امکان حد یقین تک جا پہنچتا ہے۔

انجمن ترقی اردو نے ۱۹۳۳ء میں اسے شائع کیا ہے۔ اس میں ۳۲۱ شاعروں کا ذکر ہے، اور یہ اوس نسخے کی نقل ہے، جسے رمضان بیگ طپاں نے ۱۲۳۷ھ (۱۸۲۱ء) میں لکھا تھا۔ چونکہ اس نسخے کے بہت سے شاعر، رامپوری نسخے میں مذکور نہیں ہیں، اور نسخۂ

رامپور کے اندر مذکورہ بعض شعرا کے ذکر سے یہ مطبوعہ نسخہ خالی ہے۔ اسلیے میری دانست میں نسخۂ رامپور مسودۂ اول کی نقل ہے، جس کے متعدد شعرا کو مصحفی نے نظر ثانی کے وقت خارج کر دیا ہوگا۔

۲۰- مجموعۂ نغز (نغز) مطبوعہ

یہ حکیم قدرت اللہ قاسم، متوفی ۱۲۴۶ھ (۱۸۳۰ع) (۱)، کا تذکرہ ہے، جسے خاتمۂ کتاب کی تصریح کے مطابق مصنف نے فارسی زبان میں ۱۲۲۱ھ (۱۸۰٦ع) میں لکھا ہے۔ مطبوعہ نسخے کی رو سے اس میں ٦۹۳ اردو گو شاعروں کے حالات مذکور ہیں۔

کتاب میں بعض قرینے ایسے ہیں۔ جن کی مدد سے اسکے آغاز کا تعین کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً بقا کے ذکر میں حالیہ صیغے استعمال کیے ہیں، جسکا مطلب یہ ہے کہ بقا کی زندگی میں اوس کا حال لکھا ہے۔ بقا کا سال وفات ۱۲۰٦ھ (۱۷۹۱ع) ہے، لہذا اس سنہ سے پہلے آغاز تالیف ہونا چاہیے۔ میر حسن، متوفی ۱۲۰۱ھ، کو ہر جگہ مرحوم لکھا ہے، لہذا اس سنہ کے بعد کام شروع ہونا چاہیے گویا ۱۲۰۱ھ اور ۱۲۰٦ھ کے درمیان مصنف نے کام شروع کیا ہے۔

مولانا محمود خانصاحب شیرانی نے اس تذکرے کو مرتب کر کے پنجاب یونیورسٹی کی طرف سے ۱۹۳۳ع میں شائع کیا ہے

۲۱- مخزن الغرائب۔ قلمی۔

یہ ۳۱۴۸ فارسی گو شاعروں کا تذکرہ ہے، جسے فارسی زبان میں

(۱) سخن شعرا (ص ۳٦۹) اور شمیم سخن (ص ۱۸۵) میں یہی سال تحریر ہے۔ گلدستۂ نازنیناں (ص ۲۷۲) میں، جو ۱۲٦۰ اور ۱۲٦۱ھ کے درمیان لکھی گئی ہے، تحریر ہے کہ ان کی وفات کو یہ پندرھواں سال ہے۔ اس سے بھی مذکورۂ بالا سال ہی کی تائید ہوتی ہے۔

اس کے بعد خاتمۂ کتاب میں لکھتا ہے:

«در سنۂ یکہزار و دو صد و سی و سہ ہنگام تحصیلداری چکلۂ سکندرآباد متعلقہ ضلع علی گڑھ صورت اتمام پذیرفت.»

اس تفصیل سے ظاہر ہے کہ کتاب ۱۲۲۴ھ (۱۸۰۹ع) اور ۱۲۳۳ھ (۱۸۱۷-۱۸ع) کے درمیان لکھی گئی ہے

کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں اس کا جو نسخہ محفوظ ہے، وہ اوسط سائز کے ۱۵ سطری مسطر کے ۷۸۹ ورقوں پر بخط نستعلیق لکھا گیا ہے۔ خاتمے میں کاتب لکھتا ہے:

«تمام شد تذکرۂ اشترالعشق، من تالیف جناب فیض مآب، حسین قلی خان صاحب، دام اقباله، متخلص بعاشقی، بتاریخ هفتم شهر ربیع الاول سنۂ ۱۲۳۶ هجری، روز جمعه، از قلم شکسته رقم عاصی پرمعاصی، خوشه چین خرمن جود و نوال و سخنوری و کمینه داعی جناب ممدوح مخدوم بخش متخلص به مروت، ساکن قصبۂ برن عرف بلند شهر، عفی الله عنه بمقام خورجه متعلقهٔ ضلع علی گڑھ.»

گویا یہ نسخہ مصنف کی زندگی میں، تصنیف سے ۲ برس ۸ مہینے ۲۴ دن بعد خورجہ میں مصنف کے شاگرد نے لکھا ہے۔

جیسا کہ کاتب نے خود بھی لکھا ہے، وہ شاعر ہے، اور مروت تخلص کرتا ہے اس کے لکھے ہوئے فارسی قطعات تاریخ اس کتاب کے اوراق ۷۱ الف، ۷۸ الف، ۱۲۲ ب، ۱۶۰ الف، ۱۹۰ الف، ۳۶۳ ب، ۴۴۵ ب، ۴۸۵ ب، ۴۹۴ ب، ۵۴۷ الف، ۵۶۰ ب، ۵۷۴ ب، ۵۸۴ ب، ۵۹۶ الف، ۶۰۰ ب، ۶۰۱ ب، ۶۰۳ ب، ۶۰۵ ب، ۶۱۴ الف، ۶۳۹ الف، ۶۵۱ الف، ۶۸۶ الف، ۶۹۲ الف، ۷۰۹ ب، ۷۲۰ الف، ۷۲۱ الف، ۷۲۲ ب، ۷۴۲ الف اور ۷۸۶ ب پر پائے جاتے ہیں

ان میں سے اول الذکر قطعے کے ساتھ کاتب نے «مخدوم بخش مروت

محرر تذکرۂ هذا» لکھ بھی دیا تھا، مگر تصحیح کے وقت یہ فقرہ قلمزد کر دیا گیا ہے۔ بہر حال یہ امر حد یقین کو پہنچ جاتا ہے کہ اس نسخے کا کاتب وہی مروت ہے، جس کے قطعات تاریخیہ خود کتاب میں جابجا ملتے ہیں۔

نسخے کے متن میں ہر حاشیوں پر دوسرے مختلف خط کی تصحیحات ہیں، جو غالباً خود مصنف کے قلم کی ہیں۔

مصنف نے اپنے حالات «عاشقی» تخلص کے ماتحت (۴۰ الف) لکھے ہیں۔ بعض واقعات زندگی الدرمن (۹۶ ب)، تمنا (۳۴ ب و ۱۳۵ الف)، حیران (۱۸۵ الف)، جوشدل (۲۴۵ ب)، رضا (۲۶۴ ب)، شوق (۳۰۷ الف)، اور عشقی (۳۶۵ ب)۔ کے حالات کے ذیل میں بھی پائے جاتے ہیں۔

۲۳۔ روزنامچۂ قلمی۔

یہ مولوی عبدالقادر خان عمگیں رامپوری، متوفی رجب سنہ ۱۲۶۵ھ (۱) (مئی سنہ ۱۸۴۹ء) کی خود نوشتہ سوانحعمری ہے، جسے موصوف نے فارسی زبان میں مرتب کیا ہے۔ چونکہ اس کی ترتیب واقعات تاریخوار ہے، اس لیے اسے روزنامچہ کہا گیا ہے۔

کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں اس کا ایک جدیدالخط غلط لکھا ہوا نسخہ ہے، جو مخدومی نواب صدر یار جنگ بہادر کے کتابخانے کے نسخے سے محمد فاروق صاحب نے ربیع الاول ۱۳۳۵ھ (دسمبر ۱۹۱۶ء) میں فلس کیپ سائز کے ۱۸۱ ورقوں پر نقل کیا ہے۔ اصل نسخہ اول و آخر سے ناقص ہے، اس بنا پر اس کا واقعی سال تالیف بتانا ممکن

(۱) انتخاب یادگار، ۲۷۱۔

نہیں۔ البتہ آخر میں مصنف نے ایک دو جگہہ ۱۸۳۱ع (۱۲۴۷ھ) کو لفظ «اکنوں» سے تعبیر کیا ہے۔

یہ روزنامچہ بہت دلچسپ، کارآمد اور شروع ۱۹ ویں صدی عیسوی کے متعدد اہم واقعات تاریخی کے چشمدید حالات پر مشتمل ہے۔ علاوہ ازیں مختلف مقامات کے علما و ادبا کے حالات اور متعدد علمی ولسانی مباحث بھی اس میں جستہ جستہ مذکور ہیں، جس کے سبب سے اس کی افادی حیثیت دوبالا ہو گئی ہے۔ اور یہ اس قابل ہے کہ تصحیح کے ساتھہ شائع کیا جائے۔

۲۴- گلشن بیخار (شیفتہ) قلمی۔

یہ تذکرہ نواب مصطفی خان شیفتہ، متوفی ۱۲۸۶ھ (۱۸۶۹ع) نے آغاز ۱۲۴۸ھ (جون ۱۸۳۲ع) میں شروع کیا، اور آخر ۱۲۵۰ھ (اپریل ۱۸۳۵ع) میں دو سال کی کوشش کے بعد ختم کیا ہے۔ چونکہ مصنف کا مقصود عمدہ اشعار جمع کرنا تھا، اس بنا پر اس میں کئی چیدہ شعرا بار پا سکے ہیں، جن کی مجموعی تعداد ۶۰۰ ہے (۱)۔

یہ تذکرہ پہلی بار مطبع لیتھو گرافک دھلی اخبار آفس میں مولوی محمد باقر (والد شمس العلما محمد حسین آزاد دہلوی) کے اہتمام سے ۱۲۵۳ھ (۱۸۳۷ع) میں چھپ کر شائع ہوا۔ دوبارہ دلی کے اردو اخبار پریس میں ۱۲۵۹ھ (۱۸۴۳ع) میں طبع ہوا۔ اول الذکر ایڈیشن کا ایک نسخہ کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں، اور دوسرے ایڈیشن کا رضا اکاڈمی رامپور کے کتابخانے میں محفوظ ہے۔

کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں ایک قلمی نسخہ بھی ہے، مگر یہ مطبوعہ نسخے کی نقل ہے، جسے حافظ قمرالدین خلف حافظ محمد

---

(۱) فہرست کتابخانۂ بانکی پور: ۸، ۱۵۹۔

اشرف صاحب کی فرمایش پر کسی کاتب نے ۵ رجب ۱۲۶۱ھ (۱۸۴۵ع) میں لکھا ہے۔

۲۵- نتائج الافکار (نتائج)، مطبوعہ۔

یہ ۵۲۸ فارسی گو شاعروں کا تذکرہ ہے، جسے محمد قدرت اللہ خان قدرت گوپاموی نے، حسب صراحت دیباچہ، ۱۲۵۶ھ (۱۸۴۰ع) میں شروع کیا۔ خاتمۂ کتاب سے پتا چلتا ہے کہ ۱۲۵۷ھ (۱۸۴۱ع) کے آخر میں مسودہ مکمل کر کے، ۲۱ شعبان ۱۲۵۸ھ (۱۸۴۲ع) کو مصنف نے صاف کیا تھا۔ آخر میں جو قطعات تاریخ مندرج ہیں، اون میں سے دو سے ۱۲۵۷ھ اور چھہ سے ۱۲۵۸ھ ظاہر ہوتے ہیں۔

کتاب کے اندر ۱۲۵۷ھ کو سال اختتام قرار دیا گیا ہے؛ اس لیے کہ محمد حسن علی کے ذکر میں قدرت نے لکھا ہے: «بعد اتمام این کتاب، در سنہ ۱۲۵۸ھ مرحلہ پیمای سفر آخرت گشتہ» (ص ۱۳۸)۔

خاتمۃ الطبع کے رو سے کتاب، مدراس کے مطبع کشن راج میں ۲۹ جمادی الثانیہ سنہ ۱۲۵۹ھ (۲۸ جولائی سنہ ۱۸۴۳ع) کو چھپ کر شائع ہوئی ہے۔ یہی سنہ ایک قطعۂ تاریخ طباعت میں بھی ظاہر کیا گیا ہے۔

۲۶- مدائح الشعرا، قلمی۔

یہ تذکرہ اقبال الدولہ، نواب عنایت حسین خان بہادر، مہجور، فارسی ولد نواب نصیرالدولہ، نصیرالدین علی خان بہادر، صمصام جنگ، ابن نواب امین الدولہ، علی ابراهیم خان بہادر نصیرجنگ خلیل تخلص، مصنف گلزار ابراهیم، کی تصنیف ہے، جس میں ۶۷ اردوگو شاعروں کے مختصر حالات درج ہیں۔ نمونۂ کلام کو مصنف تذکرہ نے خود مخمس، مسدس،

مربع یا مثلث کر کے پیش کیا ہے۔

دیباچے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس تذکرے کی ترتیب سے پہلے مصنف پانچ دیوان، دو خیالی افسانے، ایک مجموعۂ مثنویات، اور ایک مجموعۂ ادعیہ و نقوش و نسخہ جات مرتب کر چکا تھا۔

دیباچے میں زمانۂ تالیف سے متعلق حسب ذیل جملے ملتے ہیں:

«للہ الحمد کہ در زمان سعادت توامان بادشاہت محمد اکبر بادشاہ غازی، ولیعہد اعلی حضرت، جنت آرامگاہ، شاہ عالم بادشاہ غازی، خلد اللہ ملکہ، کہ ہنگام ارقام این اوراق بر تخت جہانبانی جلوہ افروز مکارم سلطانی بودند، در سنۂ یکہزار و دوصد و شصت (۱) ہجری بسوی ریاض روضۂ رضوان انتقال فرمود، و حضرت ظل اللہ، جہان پناہ میرزا محمد سلیم بہادر بر تخت جہان افروزی متمکن گشتند۔

و باوان وزارت... وزیر الممالک، نواب نصیر الدین حیدرخان بہادر، کہ این عالی جناب نیز بعد مرور سنین چند از تحریر این تذکرہ دامنہ بعالم بقا شتافت، و بعدہ عمویش و بعد عمویش فرزندش، ثریا جاہ بہادر، بر مسند وزارت لکھنؤ رونق [افروز] گشت..

و در زمان حکومت کوین وکٹوریہ تسوید این مجموعہ اتفاق افتاد۔» (۴ الف و ب)

اس بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ تذکرے کی ترتیب کے وقت دہلی میں اکبر شاہ ثانی، لکھنؤ میں نصیر الدین حیدر، اور انگلستان میں ملکہ وکٹوریہ حکمرانی کر رہے تھے۔ اکبرشاہ ثانی نے جمادی الثانیہ ۱۲۵۳ھ (ستمبر ۱۸۳۷ع) میں اور نصیر الدین حیدر نے ربیع الثانی ۱۲۵۳ھ (جولائی ۱۸۳۷ع) میں چند ماہ کے فرق سے انتقال کیا ہے۔ ملکہ وکٹوریہ ۲ جون سنہ ۱۸۳۷ع (۱۲۵۳ھ) کو تخت نشین ہوئی تھیں۔ اس

---

(۱) اکبر شاہ ثانی کا سال وفات ۱۲۵۳ھ (۱۸۳۷ء) ہے۔ کتاب میں ۱۲۶۰ھ مصنف یا کاتب کا سہو معلوم ہوتا ہے۔

ہوے یقین ہے کہ اس سنہ سے چند سال قبل کار ترتیب انجام کو پہنچا، اور اس کے چند سال بعد، جب کہ دہلی میں میرزا محمد سلیم بہادر، بہادرشاہ ثانی کے لقب سے اور لکھنؤ میں ثریاجاہ، امجد علی شاہ کے لقب سے برسرحکومت تھے، یہ دیباچہ لکھا گیا۔ ثریاجاہ ۶ ربیع الثانی ۱۲۵۸ھ (۱۷ مئی ۱۸۴۲ع) کو تخت نشین ہوے تھے۔ بنابریں یہ دیباچہ بھی اس سال کے بعد لکھا گیا ہوگا۔

شیخ امام بخش ناسخ، متوفی سنہ ۱۲۵۴ھ (۱۸۳۸ع) کو مظلوم اور وصل کے ذکر میں (ورق ۴۷ الف) مغفور لکھا ہے اور شاہ احمل کے متعلق لکھا ہے کہ

«افسوس آنکہ در سنہ ۱۲۶۰ھ بعارضۂ دق ازیں سرائے فانی براحت آباد اقلیم جاودانی انتقال نمود» (۱۷ الف)۔

اس سے پتا چلتا ہے کہ ۱۲۶۰ھ (۱۸۴۴ع) کے بعد تک مصنف نے کتاب میں اضافے کیے ہیں۔ لہذا دیباچے کو بھی اس سنہ کے بعد لکھا جانا چاہیے۔

کتاب کے پہلے صفحے پر لکھا ہے:

«تذکرۂ ہذا تالیف نواب عنایت حسن خاں صاحب مہجور، باشندۂ بنارس، عنایت فرمودۂ جناب مخدومی مولوی محمد حسن صاحب، سلمہ اللہ تعالی، از بلدۂ بنارس بر ڈاک انگریزی»۔

اس تحریر کا انداز سید محسن علی محسن، مصنف سراپا سخن کے خط سے ملتا ہوا ہے۔ بعید نہیں ہے کہ اونہیں نے مذکورہ تذکرہ مرتب کرتے وقت اس نقل کو حاصل کیا ہو۔

کتاب کا خط نستعلیق بدنما، غلطیوں سے پر، اور کاغذ چند ابتدائی اوراق تک انگریزی اور بقیہ دیسی ساخت کا ہے۔

۲۷۔ گلدستۂ نازنیناں (گلدستہ) مطبوعہ۔

یہ تذکرہ مولوی کریم الدین ابن سراج الدین پانی پتی کی تصنیف ہے، جس میں ۳۸ ریختہ گو شاعروں کے مختصر حالات اور طویل انتخابات درج ہیں۔

دیباچے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ ذی الحجہ ۱۲۶۰ھ (دسمبر ۱۸۴۴ع) میں یہ کتاب ختم ہوئی اور صفر ۱۲۶۱ھ (فروری ۱۸۴۵ع) میں چھاپا شروع ہوا۔ خاتمے میں ۲۳ رجب ۱۲۶۱ھ (۲۹ جولائی ۱۸۴۵ع) کو چھاپے کا اختتام لکھا ہے۔ چونکہ کتاب کے اندر دو ایک جگہ ۱۲۶۱ھ کو «ہی زمانہ» کے لفظوں سے تعبیر کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ چھپتے وقت بھی کتاب میں اضافے کیے ہیں۔

مصنف نے آغاز تالیف کی طرف کوئی اشارہ نہیں کیا۔ مگر ناسخ، متوفی ۱۲۵۴ھ، کے متعلق جو یہ لکھا ہے کہ

«دو تین برس ہوئے کہ اس جہان فانی سے طرف عالم جاودانی کے رحلت کی»

اس سے یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ ۱۲۵۶ھ یا ۱۲۵۷ھ میں کتاب زیر تالیف تھی۔ لیکن یہاں یہ احتمال باقی رہتا ہے کہ مصنف کو ناسخ کے سال وفات کی صحیح اطلاع نہ ملی ہو، اور اوس نے «دو تین برس» صرف تخمینے سے لکھ دیے ہوں۔

کتاب کے شروع میں شاہ ظفر، اونکے ولیعہد، اور رمز کے کلام کا انتخاب مندرج ہے، جو ۲۰ صفحوں پر ختم ہوا ہے۔ اس کے بعد ایک صفحے پر فہرست مضامین ہے۔ بعد ازاں کتاب کا سر ورق ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مطبع رفاہ عام میں اس کی طباعت

ہوئی ہے۔ اسی صفحے سے نئے ہندسے ڈالے گئے ہیں، جن کی کل تعداد ۳۳۰ ہے آخر میں ۵ صفحوں کا غلط نامہ ہے۔

یہ کتاب اب عام طور پر دستیاب نہیں ہوتی۔

۲۸۔ طبقات شعرای ہند (طبقات) مطبوعہ۔

یہ تذکرہ بھی مولوی کریم الدین پانی پتی کی تصنیف ہے، جو تذکرۂ حکیم قدرت اللہ خان، گلشن بیخار اور دتاسی کی تاریخ ادب اردو کی مدد سے مرتب کیا گیا ہے۔ کتاب کے سر ورق پر لکھا ہے:

«تاریخ شعرای اردو کا، مستر ایف فیلن صاحب بہادر اور مولوی کریم الدین نے گارسین دتاسی کی تاریخ سے سنہ ۱۸۴۸ عیسوی میں، ترجمہ کیا اور جو سو چوسٹھہ شاعروں اردو گو کے اشعار اور حال بھی دواوین مختلفہ میں سے منتخب کر کے اوس میں مندرج کیا گیا»۔

اسی صفحے پر انگریزی میں بھی کتاب اور مصنف کا نام لکھا ہے، اور اس انگریزی عبارت میں بھی تصریح کی ہے کہ کتاب خاص طور پر دتاسی کی تاریخ سے ترجمہ کی گئی ہے۔

دیباچے اور خاتمے سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۸۴۷ع (۱۲۶۳ھ) میں مصنف نے اس کام سے فراغت حاصل کی تھی۔ کتاب کے اندر بھی جگہ جگہ انھیں ہجری اور عیسوی سنوں کو «سال رواں» بتایا ہے مگر سرورق پر سنہ ۱۸۴۸ع میں ترجمے کا ختم ہونا ظاہر کیا ہے۔ غالباً کتاب ۱۸۴۷ع کے آخر میں اختتام پذیر ہوئی ہوگی، اور ۱۸۴۸ع میں چھاپا شروع کیا گیا ہوگا۔ اسلیے آخری سنہ کو طباعت کا سال قرار دینا زیادہ موزوں ہوگا۔

کتاب خود مصنف نے مطبع العلوم مدرسۂ دہلی میں سید اشرف علی کے اہتمام سے طبع کرائی تھی۔ اس ایڈیشن کا ایک نسخہ پبلک

لائبریری، رامپور، میں اور اوس کی نقل کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں موحود ھے۔ شروع میں شعرا کی فہرست ۲۶ صفحوں پر دی ھے۔ اس فہرست کے بعد نئے نمبر شمار ڈال کر تذکرے کا آغاز کیا ھے، جو ۵۰۴ صفحوں پر ختم ہوتا ھے۔

۲۹۔ تاریخ فرخ آباد، قلمی۔

یہ سید ولی اللہ فرخ آبادی کی تصنیف ھے، جس میں والیان فرخ آباد، رؤسا، علما، شعرا اور فقرا کے حالات لکھے گئے ھیں۔

کتاب کے اندر تاریخ تصنیف کا ذکر نہیں آیا ھے۔ البتہ سید شاہ محمد زاھد دھلوی کے فرزند، چھوٹے صاحب، کے متعلق لکھا ھے کہ اونھوں نے ۲۸ صفر ۱۲۶۴ھ (۱۸۴۸ع) کو وفات پائی۔ اس سے یہ قیاس کیا جا سکتا ھے کہ اس سال کے بعد کتاب ختم ہوئی ہوگی۔

اس تاریخ کا ایک عمدہ قلمی نسخہ حافظ احمد علی خان صاحب مرحوم کے کتابخانے میں، اور اوس کی پراغلاط نقل کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں موجود ھے۔ میں نے جو اقتباسات حاشیوں میں لکھے ھیں، وہ حافظ صاحب مرحوم کے نسخے پر مبنی ھیں۔

۳۰۔ سراپا سخن (سراپا) مطبوعہ۔

یہ تذکرہ سید محسن علی محسن، (۱) ولد سید شاہ حسین حقیقت لکھنوی (۲) کا مرتبہ ھے، جس میں انسانی اعضا کے عنوانوں کے ماتحت

(۱) تذکرۂ شمیم سخن (ص ۲۰۴) میں محسن کا ذکر اون شاعروں کے ذیل میں کیا ھے، جو ۱۲۸۸ھ (۱۸۷۱ع) سے پہلے انتقال کر چکے تھے

(۲) یہ وھی حقیقت ھیں جن کے متعلق مصحفی نے اپنے تذکرۂ ھندی گویان (ص ۸۶) میں لکھا ھے کہ

جانتے ھیں سب کہ اک مدت سے یاں مصحفی کے تذکرے کا شور ھے
تذکرہ یہ جو حقیقت نے لکھا ہے حقیقت مصحفی کا چور ھے

مختلف شاعروں کے اشعار جمع کر کے، خود ہر شاعر کے بارے میں ایک یا دو تعارفی سطریں بھی لکھ دی ہیں۔

دیباچے سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف نے دس سال کی محنت کے بعد ۱۲۶۹ھ کے آغاز (۱۸۵۲ کے اختتام) میں اس کو ختم کیا تھا۔ مگر اسی دیباچے میں ذکر کی ہوئی ایک منظوم تاریخ سے ۱۲۶۷ھ (۱۸۵۰-۵۱ع) برآمد ہوتے ہیں۔ اس صورت میں یا تو یہ ماننا پڑیگا کہ کتاب کا اختتام ۱۲۶۷ھ میں ہو چکا تھا، اور آیندہ دو سال حک و اضافے میں گزرے، یا یہ کہ ۱۲۶۷ھ میں کام کے ختم ہوجانے کے گمان پر تاریخ پہلے سے لکھی گئی تھی

یہ کتاب ۱۲۷۰ھ (۱۲۶۱ع) میں منشی نولکشور نے اپنے لکھنئو کے مطبع میں، جو رکاب گنج میں راجہ بختاور سنگھ کے مکان کے اندر واقع تھا، ۲۰۸ صفحوں پر چھاپ کر شائع کی تھی اس چھاپے کا ایک نسخہ ہمارے ہاں موجود ہے۔ اس کی ایک قلمی نقل بھی کچھ عرصہ ہوا خریدی گئی ہے، جو ۷ ربیع الثانی ۱۲۸۰ھ (۲۰ستمبر ۱۸۶۳ع) کو اتوار کے دن ہوشنگ آباد میں تیار کی گئی تھی اس نسخے کے کاتب نے شاعروں کے حالات ترک کر دیے ہیں، جس کے سبب سے اس کا فائدہ محدود ہو گیا ہے۔

مختصر سیر ہندوستان، مطبوعہ۔

حکیم وحیداللہ بن سعیداللہ بدایونی کی تالیف ہے، جس میں بادشاہوں، وزیروں، عالموں، صوفیوں، طبیبوں اور شاعروں کے حالات فارسی زبان میں مندرج ہیں۔

دیباچۂ کتاب کے مطابق «تاریخ نو» سے اسکا سال تالیف طاہر

ہوتا ہے، جو ۱۲۶۷ھ (۱۸۵۰ع) ہے۔ لیکن کتاب کے آخر میں اصل کتاب کے اختتام کے بعد چند منظوم تاریخیں چھاپی گئی ہیں، جن میں سے ایک رباعیہ بہرتیمور کے سال انتقال ۱۲۷۰ھ (۱۸۵۳ع) کو ظاہر کرتی ہے۔ میر سید حسین عرف مدن صاحب ابن مولانا سید دلدارعلی صاحب مجتہد کو لکھا ہے کہ «در وقت تالیف این اوراق از این جہان فانی بعالم جاودانی انتقال فرمودند۔»

مدن صاحب نے ۱۲۷۳ھ (۱۸۵۶ع) میں وفات پائی ہے۔ اس سے یہ یقین پیدا ہوتا ہے کہ مصنف نے کتاب کے اندر بعد میں بھی اضافے کیے ہیں۔

طباعت کتاب، مطبع دبدبۂ حیدری، آگرہ، میں عمل میں آئی ہے۔ اور «تمت بالخیر» کے بعد مالک مطبع کے والد، مرزا محمدکریم بن حاجی محمد مہدی ملتانی صدیقی کی تاریخ وفات سنہ ۱۲۷۳ھ (۱۸۵۶ع) درج ہے۔

۳۲۔ تاریخ جدولیہ (جدولیہ)، مطبوعہ۔

یہ کتاب مسمی خادم علی بن مولوی شیخ کرم علی فاروقی سندیلوی کی تصنیف ہے جس میں بالفاظ مولف:

> «ابتدای آفرینش سے تھوڑا تھوڑا حال عالم کا بطور نقشہ و جدول کے، جس میں ہر شخص اور اوس کے باپ کا نام او تاریخ وفات اور جو وقایع اہم و عجیبہ وغیرہ روی زمین پر واقع ہوئے، مفہوم ہووین، بترتیب سنوات جا بجا نقشہ میں سنہ ۱۲۶۹ھ مطابق ۱۸۵۳ع مدون کر کے نام بھی اس کا تاریخ جدولیہ رکھا»

ان نقشوں میں سے اٹھارویں کے اندر شعرای اردو کے مختصر حالات لکھے ہیں۔ کتاب کی طباعت مطبع مدرسۂ آگرہ میں ۱۲۷۰ھ میں شروع ہوکر ۱۲۷۲ھ میں تمام ہوئی تھی۔ سائز کتابی اور صفحات ۵۹۱ ہیں۔

۳۳۔ گلستان سخن (گلستان)، مطبوعہ۔

یہ تذکرۂ شعرای اردو، صاحب عالم مرزا قادر بخش صابر دہلوی کی تالیف ہے۔ دیباچے میں لکھا ہے کہ یکم شعبان ۱۲۷۰ھ (۱۸۵۴ع) کو اس کا آغاز ہوا، اور چونکہ اس کا اختتام برس دن سے پہلے کسی طرح یقینی نہیں تھا، اس لیے نظام الدین ممنون کا مجوزہ تاریخی نام «گلستان سخن» رکھ لیا، جس سے ۱۲۷۱ھ (۱۸۵۵ع) برآمد ہوتے ہیں۔ خاتمے میں فرماتے ہیں کہ آخر ماہ شوال ۱۲۷۱ھ میں اتمام پایا۔ اس حساب سے تالیف میں ایک برس دو مہینے صرف ہوئے۔

کچھ لوگوں کا یہ بھی خیال ہے کہ دراصل اس تذکرے کے مصنف امام بخش صہبائی ہیں۔ اس قسم کی رائیں حسن ظن اور صاف دلی سے بعید اور پچھلے بزرگوں پر بغیر کسی دستاویزی شہادت کے سخت نکتہ چینی کا موجب ہیں، اس لیے میں اس کے ماننے پر آمادہ نہیں ہوں۔

سر ورق کے مطابق اس کی طباعت ۱۲۷۱ھ ہی میں دہلی کے مطبع مرتضوی میں حافظ محمد غیاث الدین کے اہتمام سے ہوئی تھی۔

کتابخانۂ عالیۂ رامپور کے نسخے کے شروع میں، مولوی مہدی علی خان مرحوم، تحویلدار کتابخانہ، نے شعرا کی فہرست اپنے قلم سے لکھ کر شامل کر دی ہے۔ اس میں متعدد جگہ امیر مینائی مرحوم کے قلم سے اضافے بھی ہیں۔ اور فہرست کے سر ورق کے بالائی گوشے میں بخط امیر مینائی مرحوم یہ بھی لکھا ہے کہ «اسمای متحد میان این تذکرہ و تذکرۂ گلشن بیخار ٦٦۔»

۳۴۔ سخن شعرا (سخن)، مطبوعہ۔

یہ تذکرۂ شعرای اردو، مولوی عبدالغفور خان بہادر نساخ، متوفی

سنہ ۱۳۰۶ھ، کا مرتب کردہ ہے، جسے موصوف نے بارہ برس کی مسلسل کوشش کے بعد ۱۲۸۱ھ (۱۸۶۴ع) میں اختتام کو پہنچا کر، «سخن شعرا» تاریخی نام رکھا ہے۔

لیکن کتاب کے بغور مطالعے سے پتا چلتا ہے کہ ۱۲۸۸ھ (۱۸۷۱ع) تک مصنف نے حاشیے پر نئے معلومات کا اضافہ کیا ہے۔ چنانچہ تسنیم کا سال وفات ۱۲۸۲ھ (۱۸۶۵ع) آزردہ و غالب کا سنۂ وفات ۱۲۸۵ھ (۱۸۶۹ع) اور شیفتہ و ضیغم کا سال وفات ۱۲۸۶ھ (۱۸۶۹ع) خود مصنف نے کتاب کے اندر لکھا ہے۔ تمکین کے متعلق حاشیے پر لکھ دیا ہے کہ اسے ۱۲۸۸ھ میں انتقال کیا ہے۔ داغ کا تذکرہ حالیہ صیغوں میں کر کے تحریر کرتے ہیں کہ ۱۲۸۸ھ میں انکا انتقال ہو گیا۔

خاتمہ الطبع میں مندرج ہے کہ نولکشور کے لکھنوی پریس میں رمضان ۱۲۹۱ھ (نومبر ۱۸۷۴ع) میں اس کا چھاپا تمام ہوا ہے۔ کتاب کا سائز معمولی کتابی اور صفحات کی تعداد ۵۸۲ ہے

۳۵- تسنیم سخن (تسنیم)، مطبوعہ۔

یہ تذکرہ مولوی عبدالحی صفا بدایونی نے اردو زبان میں اول ریختہ گو شاعروں کے متعلق لکھا ہے، «جو سنہ ۱۲۸۸ھ (۱۸۷۱ع) یا اوس کے بعد رونق افزای عالم ہستی تھے۔ اور جن حضرات نے کہ سنہ ۱۲۸۸ھ سے پہلے اس دار فانی کو خیرباد کہا، اون کا کلام و حال درج تذکرہ نہو۔ البتہ دیباچے کو شعرای ماسبق کے کلام سے زینت دی گئی ہے (ص ۱۰)»

دیباچے کی تصریح کے مطابق، ۱۲۸۹ھ (۱۸۷۲ع) میں یہ کتاب تمام ہوئی، اور دلاور علی کے اہتمام سے مرادآباد کے مطبع امدادالہند

و عین الاخبار میں چھپی تھی۔ اس ایڈیشن کا ایک نسخہ کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں موجود ہے۔

۳۶۔ انتخاب یادگار، مطبوعہ۔

یہ تذکرہ منشی امیر احمد امیر مینائی، متوفی ۱۳۱۸ھ (۱۹۰۰ع) نے مرتب کیا ہے، جس میں رامپور کے متوطن اور دربار رامپور کے متوسل شاعروں کے حالات اور منتخب کلام درج ہے شروع میں والیان ریاست رامپور کے حالات اور منتخب کلام جدا ہندسوں کے ساتھ لکھا ہے، جس کے باعث کتاب دو حصوں میں منقسم ہو گئی ہے۔

دیباچے سے معلوم ہوتا ہے کہ کتاب ۱۲۸۹ھ میں شروع کر کے ۱۲۹۰ھ (۱۸۷۳ع) میں ختم کی گئی تھی۔ آغا علی‌نقی صاحب کی تقریظ سے ظاہر ہوتا ہے کہ «ہنگام تالیف ۴۱۰ شعرا کے نام تھے.... مگر چھپنے میں تاخیر ہوئی۔ آفتاب‌الدولہ قلق، گوبند لال صبا، شیخ امیراللہ تسلیم وغیرہ ملازمین میں شامل ہوئے، لہذا چھپنے کے وقت تک ۵۱۴ شعرائے نازک خیال کے نام اس تذکرے میں داخل ہوئے»

اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ۱۲۹۰ھ کے بعد بھی اضافے کیے گئے ہیں۔ چنانچہ منیر شکوہ‌آبادی کے ایک تاریخی قطعے سے ۱۲۹۲ھ (۱۸۷۵ع) برآمد ہوتے ہیں، جو مدعای ماسبق کی دلیل ہے۔

کتاب کا چھاپا تاج‌المطابع، رامپور، میں ۴ ذیحجہ سنہ ۱۲۹۷ھ کو تمام ہوا تھا۔ اس کا سائز اوسط اور صفحات کی تعداد ۱۶۸ اور ۴۰۶ ہے۔

۳۷۔ خزینۃ‌العلوم (خزینہ، مطبوعہ۔

یہ منشی درگا پرشاد نادر سرہندی کا مرتبہ تذکرۂ شعرای اردو

ہے، جو ۱۸۷۰ع میں شروع، ۱۸۷۱ع میں ختم اور پھر کچھ وقفے کے بعد ۱۸۷۵ع میں صاف کیا گیا تھا۔

خاتمے میں مصنف نے اپنا حال لکھتے ہوئے آخر سنہ ۱۸۷۷ع لکھا ہے، اور دوران طباعت میں، جو ۱۸۷۹ع کا واقعہ ہے، حاشیہ حواشی تحریر کیے ہیں۔

یہ کتاب، قاضی نور الدین فائق گجراتی کے تذکرے کا خلاصہ ہے جس میں اور تذکروں سے بھی چند گجراتی شاعروں کے حالات اضافہ کیے گئے ہیں۔ مصنف معانی و بیان و بلاغت وغیرہ علوم کے مباحث جگہ جگہ درمیان میں ذکر کرتا گیا ہے، جس کی وجہ سے اس کا حجم ۰۷ صفحوں کا ہو گیا ہے۔

اس کا پورا نام «خزینۃ العلوم فی متعلقات المنظوم» خطاب «گلدستۂ نادر لافکار»، اور عرف «تذکرۂ شعرائے دکن» ہے۔ سرورق سے معلوم ہوتا ہے کہ نومبر ۱۸۷۹ع میں لاہور کے مطبع مفید عام میں اس کی طباعت ہوئی ہے۔

اس تذکرے کے دیباچے سے، مخزن شعرا کے متعلق پتا چلتا ہے کہ «فائق کے چھوٹے بھائی، میر حفیظ اللہ خان مسکین نے اس پر حاشیہ لکھا تھا۔ جس سے ۱۲۸۲ھ (۱۸۶۵ع) کا احوال معلوم ہوتا ہے ابو محمد نے بھی ایک دو جگہ حاشیہ لکھا»۔ یہ حواشی بالعموم سنین وفات ظاہر کرتے ہیں۔ اور یہ اکثر انجمن ترقیء اردو کے مطبوعہ نسخۂ مخزن شعرا میں مفقود ہیں

۳۸- انتصار جنود الاحرار (انتصار)، مطبوعہ

یہ تذکرہ، جو متقدمین و متاخرین صوفیا کے حالات پر مشتمل ہے،

نواب سید صدیق حسن خان بہادر، متوفی سنہ ۱۳۰۷ھ (۱۸۹۰ع)، نے «ریاض المرتاض» اور «حظیرۃ القدس» کے بعد مرتب کیا ہے۔ دیباچے میں لکھا ہے کہ مذکورۂ بالا دونوں کتابوں کے خاتموں میں صوفیا کے جو حالات درج کیے تھے، انھیں کو یکجا کر کے ایک نئی کتاب کی شکل دیدی گئی ہے۔ خاتمۂ کتاب سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ کتاب میں کسی خاص ترتیب کا لحاظ بالکل نہیں کیا گیا ہے، بلکہ جو نام جس وقت جس جگہ لکھ گیا تھا، اسے وہیں رہنے دیا ہے (۱۳۷)۔

سنۂ تالیف کے تذکرے سے دیباچہ و خاتمہ خالی ہیں، مگر اپنے حالات میں لکھا ہے کہ ۱۲۷۰ھ (۱۸۵۳ع) سے اتنک کہ اٹھائیس برس گزر چکے ہیں تصنیف و تالیف کے کام میں مشغول ہوں۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ۱۲۹۷ھ (۱۸۸۰ع) میں کتاب ختم ہوئی تھی (۲۳۰)۔ چنانچہ آیندہ صفحے پر بھی سال صراحتاً ذکر کیا گیا ہے۔

کتاب کی طباعت ۱۲۹۸ھ میں بھوپال کے مطبع شاہجہانی میں ہوئی ہے۔ کتاب کا سائز فلس کیپ اور صفحات مشمول غلط نامہ ۲۵۹ ہیں۔

۳۹- شمع انجمن (تتمہ) مطبوعہ۔

یہ فارسی گو شعرا کا تذکرہ بھی نواب سید صدیق حسن خان بہادر کا مرتبہ ہے اس کے دیباچے یا خاتمے میں سنۂ تالیف مذکور نہیں ہے۔ لیکن مولف نے اپنے ذکر میں لکھا ہے کہ میں ذیقعدہ ۱۲۹۲ھ (۱۸۷۵ع) میں کلکتے گیا تھا، اور ۲ ماہ ۹ یوم وہاں رہ کر واپس بھوپال پہنچا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ محرم ۱۲۹۳ھ میں ان کی بھوپال کو واپسی ہوئی تھی۔ اور چونکہ مطبع شاہجہانی بھوپال میں اسی سال

اس کی طباعت بھی ہوئی ہے، اس سے یقین ہے کہ آغاز سال میں یہ تذکرہ ختم ہو چکا تھا۔ بلکہ اغلب یہ ہے کہ سفر کلکتہ سے قبل اس کی تالیف کا کام انجام پا چکا ہوگا۔ واپسی پر کتابت کے وقت نئی باتیں بڑھا دی ہیں۔

کتاب مختلف رنگ کے رنگین کاغذوں پر چھپی ہے۔ اس کے آغاز میں فہرست شعرا اور آخر میں متوسلین ریاست کی تقریظیں اور تاریخی قطعات مندرج ہیں۔

۴۰۔ صبح گلشن (صبح)، مطبوعہ۔

یہ سید علی حسن خان بہادر (سابق ناظم ندوۃ العلما، لکھنؤ)، متوفی ۱۳۵۵ھ (۱۹۳۶ع)، کا مؤلفہ تذکرۂ شعرای فارسی ہے، جو حسب تصریح دیباچہ ۱۲۹۴ھ (۱۸۷۷ع) میں لکھا گیا تھا۔ مگر خاتمے سے پتا چلتا ہے کہ غرۂ ذیقعدہ ۱۲۹۴ھ (۱۸۷۷ع) کو اس کا آغاز اور آخر جمادی الاولی ۱۲۹۵ھ (۱۸۷۸ع) کو اختتام ہوا ہے۔ اندرونی شہادتیں بھی اسی کی موید ہیں۔

یہ تذکرہ بھی مطبع شاہجہانی بھوپال میں آخر شوال ۱۲۹۵ھ (۱۸۷۸ع) میں چھپ کر شائع ہوا ہے۔

۴۱۔ روز روشن (روز)، مطبوعہ۔

یہ فارسی گو شاعروں کا تذکرہ ہے، جسے مظفر حسین صبا گوپاموی نے تصنیف کیا ہے۔ دیباچے سے معلوم ہوتا ہے کہ غرۂ شعبان ۱۲۹۵ھ (۱۸۷۸ع) میں مصنف نے اس کی ترتیب کا کام شروع کیا، اور حسب تصریح خاتمہ، ۲۹ ربیع الاول ۱۲۹۶ھ (۱۸۷۹ع) کو ختم کر دیا۔

اس کی طباعت بھی مطبع سابق الذکر میں ہوئی ہے، اور سال طباعت ۱۲۹۷ھ ہے۔

۴۲۔ آبحیات، مطبوعہ۔

یہ شمس العلما مولوی محمد حسین آزاد دہلوی، متوفی ۱۳۲۸ھ (۱۹۱۰ع)، کی تصنیف اور تاریخ ادب اردو پر پہلی کتاب ہے۔ گو اس میں تاریخی مسامحات پائے جاتے ہیں، مگر اس کی عبارت کی لطافت اور شوخی ان سب پر پردہ ڈالے ہوئے ہیں۔ اس کا پڑھنے والا یہ محسوس کرنے لگتا ہے کہ خود اون شعرا کی مجلس میں بیٹھا ہوا ہے، جن کے حالات پڑھتے وقت اوس کے پیش نظر ہیں۔

اس کے پہلے ایڈیشن کا ایک نسخہ کتابخانۂ عالیۂ رامپور میں محفوظ ہے یہ ۱۸۸۰ع (۱۲۹۷ھ) میں لاہور کے وکٹوریہ پریس میں سید رجب علی شاہ کے اہتمام سے چھپا تھا۔ کتاب کے صفحات کی تعداد ۵۰۷ ہے۔ ذوق کے تذکرے میں ۴ ورق بلا ہندسوں کے چسپاں کیے گئے ہیں ان کو سابق مجموعے میں جوڑنے سے ۵۱۱ صفحات ہوتے ہیں۔ سر ورق سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف نے اس کی ۱۰۰۰ جلدیں چھپوا کر ایک روپیہ فی نسخہ قیمت مقرر کی تھی۔ امتداد زمانہ سے کاغذ کا رنگ گہرا بادامی ہو گیا ہے، اور اکثر اوراق بوسیدہ ہو چکے ہیں۔ زیر بحث حواشی میں آبحیات کے بارھویں ایڈیشن کے حوالے دیے گئے ہیں۔

۴۳۔ طور کلیم (طور)، مطبوعہ۔

یہ سید نورالحسن خان بن نواب سید صدیق حسن خان بہادر کی تصنیف ہے، جسے مصنف نے دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلا حصہ

اودو کو شاعروں سے، اور دوسرا ھندی کہنے والوں سے متعلق ھے۔

خاتمے سے معلوم ھوتا ھے کہ کتاب ۱۲۹۷ھ میں تصنیف اور ۱۲۹۸ھ میں احمد خان صوفی کے مطبع مفید عام آگرہ میں طبع ھوئی ھے۔

۴۴۔ بوستان اودھ، مطبوعہ

یہ کنور درگا پرشاد مہر سندیلوی کی مصنفہ تاریخ شاھان اودھ ھے اس میں ھر بادشاہ کے تذکرے کے آخر میں اوس کے عہد کے مشہور شعرا کا حال بھی لکھا گیا ھے۔

دیباچے یا خاتمے میں تاریخ تصنیف کا حوالہ نہیں ھے، لیکن صفحۂ ۲۰۴ پر ۷ مئی سنہ ۱۸۸۸ع (۱۳۰۵ھ) کو «امروز» سے تعبیر کیا ھے۔

یہ کتاب سنہ ۱۳۱۰ھ (۱۸۹۲ع) میں مطبع دبدبۂ احمدی (لکھنئو) سے چھپ کر شائع ھوئی تھی۔

۴۵۔ خمخانۂ جاوید (خمخانہ)، مطبوعہ۔

یہ تذکرہ لالہ سری رام دھلوی، متوفی ۱۹۳۰ع' کا مرتبہ ھے، اور اپنی جامعیت کے لحاظ سے انسائیکلوپیڈیا کہلانے کا مستحق ھے۔

دیباچے سے پتہ چلتا ھے کہ مصنف نے اسے ۵ جلدوں میں تقسیم کرنے کا قصد کیا تھا۔ ان میں سے ۴ جلدیں اون کی زندگی میں چھپ کر شائع ھو چکی تھیں۔ بقیہ کا مسالا اکھٹا کر لیا گیا تھا کہ اون کا انتقال ھو گیا۔ مکرمی پنڈت برجموھن دتاتریہ کیفی دھلوی نے اس کی تکمیل کا بیڑہ اٹھایا، اور سنہ ۱۹۴۰ع میں اس کی پانچویں جلد چھاپ دی۔ لیکن یہ حرف ش کے تتمے سے حرف ع کے آخر تک پہنچی ھے۔ اس لحاظ سے ابھی کم از کم ایک جلد اور چھپے گی، تب یہ تذکرہ تمام ھوگا۔

تاریخ تصنیف کے سلسلے میں اتنا کہدینا کافی ہوگا کہ مولف نے ۱۸۹۱ع میں اس کام کو شروع کیا تھا، اور ۱۹۰۷ع میں اس کی پہلی جلد کو چھاپا۔ چوتھی جلد، جو مولف کی زندگی میں آخری مطبوعہ جلد تھی، ۱۹۲۶ع میں طبع ہوئی تھی۔ اب خدا بہتر جانتا ہے کہ چھٹی جلد کب شائع ہوگی۔

۴۶۔ محبوب الزمن (محبوب)، مطبوعہ۔

یہ تذکرہ شعرای دکن کے حالات پر مشتمل ہے۔ مولف کا نام مولوی عبدالجبار خان صوفی ملکاپوری براری ہے۔ کتاب کا آغاز ۱۳۲۵ھ (۱۹۰۷ع) میں ہوا تھا، اور ۱۳۲۹ھ (۱۹۱۱ع) میں انجام کو پہنچی ہے۔ اس میں اردو کہنے والے اور فارسی کہنے والے دونوں قسم کے شاعروں کے حالات یکجا جمع کر دیے گئے ہیں، گویا یہ حیدرآباد کی شاعری کا مجمع البحرین ہے۔

کتاب کی طباعت ۱۳۲۹ھ میں مطبع رحمانی میں ہوئی ہے، اور دو جلدوں میں اس کو تقسیم کر دیا گیا ہے۔

۴۷۔ انتخاب زریں (انتخاب)، مطبوعہ۔

یہ سید راس مسعود مرحوم کا انتخاب کیا ہوا مجموعۂ اشعار شعرای اردو ہے۔ چونکہ ہر شاعر کے کلام کے قبل اونھوں نے مختصر حالات بھی لکھے ہیں، اس لیے اس کو تذکرہ قرار دیا گیا ہے۔

دیباچے سے معلوم ہوتا ہے کہ ۶ اگست ۱۹۲۱ع (۱۳۳۹ھ) کو یہ ختم ہوا، اور سنہ ۱۹۲۲ع میں نظامی پریس بدایوں میں چھپ کر شائع ہوا۔

۴۸۔ گل رعنا (گل)، مطبوعہ۔

یہ تذکرہ مولوی عبدالحی، ناظم ندوۃالعلما، متوفی ۱۳۴۱ھ (۱۹۲۳ع)

کا مولفہ ہے، اور بلندیٔ تحقیق اور حسن انتخاب کی بنا پر تمام جدید تذکروں سے بہتر مانا گیا ہے۔

دیباچے سے معلوم ہوتا ہے کہ ۶ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۰ھ (۱۹۲۱ع) کو ایک سال کی محنت و کوشش سے اسے مرتب کیا گیا ہے۔ آب حیات کی طرح یہ بھی طبقات پر منقسم ہے، اور اس کے بہت سے مسامحات سے پاک ہے۔

دارالمصنفین اعظم گڑھ نے اس تذکرے کو چھاپا ہے۔ حواشی میں اس کے دوسرے ایڈیشن (۱۳۵۳ھ) کے حوالے دے گئے ہیں۔

۴۹۔ قاموس المشاہیر (قاموس)، مطبوعہ۔

یہ مشاہیر کا تذکرہ ہے، جسے مولانا نظامی بدایونی نے ۱۹۱۵ع میں شروع کر کے سات برس میں تمام کیا ہے۔

در اصل یہ مسٹر بیل کی انگریزی کتاب موسومہ بہ "AN ORIENTAL BIOGRAPHICAL DICTIONARY" پر مبنی ہے، اسی لیے اس کی ترتیب وغیرہ میں وہ تمام کوتاہیاں موجود ہیں، جو بیل سے سرزد ہوئی تھیں۔ کچھ اسما اور معلومات دوسری کتابوں سے بھی بڑھائے گئے ہیں۔

اس کی پہلی جلد کا مسودہ ۱۹۲۲ع میں پریس گیا، اور ۱۹۲۴ع میں چھپ کر شائع ہوا۔ اس کے دو سال کے بعد دوسری جلد بھی چھپ گئی۔ اب دوسرے ترمیم شدہ ایڈیشن کی تیاری تھی کہ جنگ شروع ہو گئی۔

۵۰۔ سیر المصنفین (سیر)، مطبوعہ۔

یہ اردو کے نثرنگاروں کا تذکرہ ہے، جسے مولوی محمد یحیی تنہا نے

۱۹۲۴ء میں مرتب کر کے شائع کیا۔ اس کتاب کے دو حصے ہیں۔ حصۂ اول کے ۲۲۴ صفحے ہیں۔ اور یہ محبوب المطابع دھلی میں ۱۹۲۴ء میں چھپا تھا۔ دوسرا حصہ ۶۵۲ صفحات پر مشتمل ہے، اور سنہ ۱۹۲۸ء میں جامعہ پریس سے چھپ کر شائع ہوا ہے۔

۱۵۔ آثارالصنادید (آثار)، مطبوعہ (۱)۔

یہ کتاب دھلی کے آثار قدیمہ کی تاریخ ہے، اور ھندوستان کے مشہور مصلح قوم، سر سید احمد خان، متوفی ۱۳۱۵ھ (۱۸۹۸ء) کی تالیف ہے۔

کتاب کے مختلف بیانات کی روشنی میں یہ اندازہ ہوتا ہے کہ ۱۲۶۱ھ میں اس کی تکمیل ہوئی ہے۔ مگر جستہ جستہ ۱۲۶۲ھ اور ۱۲۶۳ھ میں بھی مصنف نے اس میں اضافے کیے ہیں۔

مصنف نے اسے چار بابوں میں تقسیم کر کے، ہر باب کو ایک حصے یا جلد کی طرح جداگانہ ہندسوں کے ساتھ مطبع سیدالاخبار دھلی میں ۱۲۶۳ھ (۱۸۴۷ء) میں طبع کرایا تھا۔ یہ ایڈیشن مصور تھا، اور اس کی تصویریں میرزا شاہرخ بیگ اور فیض علی کے ھاتھ کی بنی ہوئی تھیں، اور علیحدہ کاغذ پر چھاپ کر اپنی اپنی جگہ چسپاں کی گئی تھیں۔

کتابخانے میں اس ایڈیشن کے تین باب موجود ہیں۔ چوتھا جس میں دلی والوں کے حالات درج تھے، ضائع ہوگیا ہے۔ میں نے حاشیے میں نولکشوری اڈیشن کا حوالہ دیا ہے، جس کا نسخہ پبلک لائبریری، رامپور، میں محفوظ ہے۔

---

(۱) اس کتاب کا تذکرہ سہواً اپنے مقام پر رہ گیا تھا۔ یہاں مجبوراً تلافی مافات کی جارہی ہے۔

۵۲- ارباب نثر اردو (ارباب)، مطبوعہ۔

یہ فورٹ ولیم کالج (کلکتہ) کے ۱۹ نثر نویسوں کا تذکرہ ہے، جسے سید محمد قادری (بی، اے) نے آخر سنہ ۱۳۴۶ھ (۱۹۲۷ع) میں مرتب کیا اور مکتبۂ ابراھیمیۂ حیدرآباد نے اوسی سال چھاپکر شائع کیا ہے۔ اس کے صفحات مع دیباچہ وغیرہ ۳۰۹ ہیں۔

۵۳- تاریخ ادب اردو (عسکری)، مطبوعہ۔

یہ تاریخ، رام بابو صاحب سکسینہ کی انگریزی کتاب "HISTORY OF URDU LITERATURE" کا ترجمہ ہے، جسے مرزا محمد عسکری صاحب لکھنوی نے ۱۹۲۹ع میں کہیں کہیں مناسب ردوبدل کے ساتھہ مرتب کیا ہے۔

یہ کتاب دو حصوں اور ایک ضمیمے پر مشتمل ہے۔ اور مطبع نولکشور لکھنؤ نے مصور شائع کی ہے۔

۵۴- تذکرۂ کاملان رامپور، مطبوعہ

یہ تذکرہ مشاھیر رامپور کے حالات پر مشتمل اور جناب حافظ احمد علی خاں شوق رامپوری، (سابق ناظم کتابخانۂ رامپور) کی تصنیف ہے۔

دیباچے سے معلوم ہوتا ہے کہ مؤلف نے ۱۹۲۵ع سے ۱۹۲۹ع تک اس کتاب کی ترتیب کا کام انجام دیا ہے۔

چونکہ اس کے بیانات کا ماخذ اکثر و بیشتر زبانی روایات ہیں، اس وجہ سے تاریخی تسامح پایا جاتا ہے۔ تاھم یہ بیحد قابل قدر ہے کہ اس کے توسط سے سیکڑوں اون علما، صلحا اور شعرا کے حالات منضبط ہو گئے، جو پردۂ گمنامی میں مستور تھے، اور کچھہ عرصے کے بعد ان کے متعلق اتنا علم بھی محال تھا۔

کتاب کے صفحات ۵۶۰ ہیں شروع میں ۱۰ صفحے کی فہرست منضم ہے، جس سے کل صفحات کی تعداد ۵۷۰ ہو جاتی ہے۔

محمد جعفری نے سنہ ۱۹۲۹ع میں ہمدرد پریس دہلی میں، چھاپ کر اس کتاب کو شائع کیا ہے۔

۵۵- التذکرۂ ریختی، مطبوعہ۔

یہ تذکرہ، جو ۳۴ ریختی گو شعرا کے حالات پر مشتمل ہے، مولوی سید محمد تمکین کاظمی نے ۱۹۳۰ع (۱۳۴۸ھ) میں مرتب کیا ہے اس کے شروع میں ۲۹ صفحات کا دیباچہ ہے، جس میں ریختی کی ایجاد اور اوسکے اوصادی پہلو سے بحث کی گئی ہے۔ اس کے بعد تذکرہ نئے ہندسوں سے شروع ہو کر صفحۂ ۸۵ پر ختم ہوتا ہے۔ صفحۂ ۸۶ سے فرہنگ محاورات نسواں شروع ہوتی ہے۔

کتاب شمس الاسلام پریس، حیدرآباد، میں طبع ہوئی ہے۔

۵۶- جواہر سخن (جواہر)، مطبوعہ۔

یہ تذکرۂ شعرای اردو، دراصل منتخب کلام اردو کی ایک طویل بیاض ہے، جسے مولانا محمد مبین کیفی چڑیاکوٹی نے مرتب کیا ہے۔ چونکہ ہر شاعر کے منتخب کلام کے آغاز میں اوس کی زندگی پر بھی اجمالی نظر ڈالی گئی ہے، اس وجہ سے اس میں تذکرے کی شان پیدا ہو گئی ہے۔

اس مجموعے کی تالیف ہندوستانی اکیڈمی، الہ آباد، کی فرمایش پر ہوئی ہے، اور اوسی نے ۱۹۳۳ع میں اس کی پہلی جلد اور بعد ازاں ۳ اور جلدیں شائع کی ہیں۔

۵۷- بیاض سحر (بیاض)، مطبوعہ۔

یہ ۳۳۰ اردو شاعروں کا تذکرہ ہے، جسے عبدالشکور صاحب شیدا نے سنہ ۱۳۵۵ھ (۱۹۳۶ع) میں حیدرآباد (دکن) سے شائع کیا ہے۔ چونکہ یہ بھی منتخب اشعار کی بیاض ہے، اسوجہ سے شعرا کے حالات پر بہت اجمالی روشنی ڈالی گئی ہے۔ تاہم سنین وفات کی تلاش میں سعی و کوشش نظر آتی ہے۔

اس کتاب کے شروع میں دیباچے اور فہرست کے ١٦ اور بعداراں اصل کتاب کے ۲۴۲، کل ۲۵۸ صفحے ہیں۔

۵۸- فہرست کتبخانہای شاہ اودھ (اشپرنگر)، مطبوعہ۔

شاہان اودھ کے کتابخانوں کی یہ فہرست ڈاکٹر اسپرنگر نے مولوی علی اکبر پانی پتی، متوفی ۱۸۵۲ع، کی مدد سے ۱۸۵۰ع میں مرتب کی تھی۔ ڈاکٹر اشپرنگر کا ارادہ یہ تھا کہ اپنی فہرست کو آٹھ بابوں میں تقسیم کریں۔ مگر وہ صرف ۳ باب مرتب کر سکے، جو پہلی جلد کے نام سے کلکتے میں طبع ہو چکے ہیں۔

اس کے پہلے باب میں فارسی و اردو شعرا کے تذکروں اور دوسرے اور تیسرے باب میں فارسی و اردو شاعروں کی تصنیفات کا بیان ہے۔ آخر میں باب اول کا ضمیمہ ہے، جو تین فارسی تذکروں کی کیفیت پر مشتمل ہے۔ کتاب کے صفحات کی تعداد ٦۵۵ ہے، جس میں ۸ صفحے دیباچے وغیرہ کے اور دو غلط نامے کے شامل ہیں۔

اس فہرست کے اوس حصے کا ترجمہ، جو شعرای ریختہ کے حالات پر مشتمل ہے، سنہ ۱۹۳۲ع میں طفیل احمد صاحب نے اردو میں کیا تھا، اور اسی سنہ ۱۹۴۳ع میں ہندوستانی اکیڈمی نے «یادگار شعرا» کے نام سے چھاپ کر شائع کر دیا ہے۔

۹۵۔ فہرست مخطوطات برٹش میوزیم (بلوم ہارٹ)، مطبوعہ۔

یہ فہرست ہندی، پنجابی اور ہندوستانی رسالوں کے قلمی نسخوں کی ہے، جسے مسٹر بلوم ہارٹ نے ۱۸۹۹ع میں مرتب کیا، اور اسی سال میوزیم کے ٹرسٹیوں کے حکم سے چھپ کر شائع ہوئی۔

اس میں پہلے ہندی اور پنجابی اور آخر میں ہندوستانی مخطوطے ذکر کیے گئے ہیں۔ ان دونوں حصوں پر ہندسے جدا جدا ڈالے سے فہرست دو حصوں میں تقسیم ہوگئی ہے۔ دیباچے کے ۱۲، حصۂ اول کے ۸۴، اور حصۂ دوم کے ۹۱ اور پوری کتاب کے ۱۸۷ صفحے ہوے ہیں۔

معذرت۔

ان کتابوں کے علاوہ، بعض دواوین وغیرہ کے دیباچوں کے حوالے بھی دے گئے ہیں، مگر اون پر کسی طرح کا نوٹ لکھنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔

بعض کتابیں بر وقت مطالعے میں نہیں آئیں، اس بنا پر اون کا حوالہ یا تو کتاب ہی میں کسی دوسری جگہ دیدیا گیا ہے، جیسے «سودا» مصنفۂ شیخ چاند، اور یا استدراک کے ماتحت ذکر کردیا گیا ہے، مثلاً «تاریخ نثر اردو» مصنفۂ مولانا احسن مارہروی، «داستان تاریخ اردو»، مصنفۂ مولانا حامد حسن قادری، یا «تاریخ مثنویات اردو» مصنفۂ مولوی جلال الدین احمد جعفری۔ اشاعت ثانی کی نوبت آئی، تو انشاءاللہ اس کی تلافی کردی جائیگی۔

بسم الله الرحمن الرحيم

(۳ الف) بهترین صفحهٔ عبودیت، ونیکو ترین جملهٔ سعادت حمد خالقی و ثنای صانعی است، که هنگام ابداع بسایط، بصورت حروف مفرده زیور هستی و خلعت وجود اوّلاً عطا فرمود، و وقت اختراع مرکبات از مخلوقات، سایر استحکام و نظام تراکیب، کلمات را باشکال مختلفه تابیا بنا نمود، که سالکان راه قویم و طالبان صراط مستقیم، باعانت کلام و مددگاریء فهم سخن ملك علام، باندك صرف نمودن اوقات بسر منزل مقصود بآسانی پی برند، وبدریافت معانی، که مراد از حصول قرب او، تعالی عز اسمه. است، بهرنحو که خواسته باشند، بسهولت فایز گردند. سبحانه، ما اعظم شانه و جل صنعه. و پس از ان فعلی که وسیلهٔ (۳ ب) حصول این عطیهٔ کبری و واسطهٔ وصول بچنین موهبت عظمی از درگاه آن واهب العطایا تواند بود، خواندن درود نامعدود است برحبیب او، محمد رسول الله، صلی الله علیه و آله واصحابه وسلم، که ذات کاملش بهمه جهت مبرا از نقصان، وصفات جمیلهٔ او افزون از حیز شمار و بیان است، وبر آل امجاد و اطهار او که بالاطلاق برگزیدهٔ هر دو جهان اند، وبر اصحاب اخیار و پیروان ابرار او که از سروبع اقتدا تادم اخیر، خلاف مقتدا حرفی از زبان برنیاورده، قدمی براه نگزاشته‌اند، حتی که گردند محبت و ولایت شان از شرائط ایمان.

امابعد درهٔ بیمقدار، ناچیز خاکسار، سر براوی نکو هیده عملی، احد علی ابن سید احمد علی خان، عفی الله عن جرائمهما، بخدمت عالیء متعالیء کالملان صاحب همت و قدرت، و دوستان صافی طینت و اهل مروت چنین عرض می‌نماید که چون بعضی عزیزان و شفیقان نوشتن قواعد صرف و نحو وغیره، بطرزیکه اجرای آنها بزبان هندی موافق محاورهٔ اردو بوده باشد، اکثر تکلیف میکردند، و راقم چون قدرت تحریر آن نمرتهٔ که بایهٔ این اعتبار را شاید، در خود نمیدید، متامل بود، که درین اثنا جناب رفعت مآب، (۴ الف) والا مناقب، عالی مناصب، کهف الاحبا، مربیء غربا، دانای رسوم آشنائی، سرکردهٔ دقت منشان تیز رائی، معین موالیان، ممد مومنان، عمده کسای گره کار بستگان، اعنی، جناب مستطاب، معلی القاب، نواب افتخار الدوله، معین الملك، مرزا قمر الدین احمدخان بهادر، صولت جنگ، دام اقباله، المدعو بمرزا حاجی صاحب که اکبر اولاد، وارشد ابنای خان رفیع الشان، علامهٔ زمان، یگانهٔ دوران جناب فخرالدین احمد خان بهادر، المشتهر بمرزا جعفر صاحب مغفور اند، لازال دولته واقباله، نیز باصرار فرمودند. ناچار امتثالاً للا مر بسو ید رسالهٔ پرداختم، و هر قدر که توانستم قواعد مسطوره از فارسی نقل نموده بهندی مطابق ساختم. پس مسمی گردانیدم مجموعهٔ مذکوره را به «دستور الفصاحت»، و مرتب نمودم ترتیبش رابمقدمه و پنج باب و خاتمه. اکنون رجای واثق از آگاهان باهمت و قدرت و نکته رسان صاحب مروت و صفوت آنست که اگر بمطالعه و ملاحظه این رسالهٔ بیقدر را گاهی نوازند، درحق این بی بضاعت کمترین اعتراض بمیدان تفضیح نتازند، چراکه هیچ کتابی از کتب این فن و رسائل این هنر، که مفید مطلب (۴ ب) و معین مقصد درین باب میشد، درنظر ند اشتم

که موافق آن می نوشتم و ار حطا مصئون ماندم ، ںلکه مترصدم که ںررگانه، (لمولفه)

ںدیل عفو ںپو شںد عںبهای مرا گران کںںد ںحوبیء حود بهای مرا

تا ںر ماںدۂ احر عاملاں آںۂ کرںمه «اذامروا ںاللعو مروا کراما» شریك و شامل ںودهباشںد، و حرای اںں صفت حمیده ار ستار العیوب عافرالدںوب ںیاںںد.

مقدمه - ںاید داںست که رںاں هںدی مںسوب ںاهل هںد است - و وسعت ملك هںد ار کلکته و ڈهاکه تا قراںاغ ںردیك ںه قںدهار شرقا و عرںا، و ار کںارۂ درںای شور تا حںال شمال و آںچه درمیاں اینست حوںا و شمالاً، ںرد مساحاں ںه ںںوت ںیوسته ؛ چناںچه کسمیر هم ںاںں قید در همںں ملك شمرده می شود - و رںاں سکںۂ اںں ولایت ںاعںںار وصع صوںحات و فرب و ںعد مکاںات و احتلاف اںاس و اقوام ںاںحای کثیره واقع شده ؛ لهذا لهحۂ هر صوںه و ںلاد و محاورۂ هر قوم و فرںق متفاوت و متغاںر است ، و رںاں هرںك ار ںدںها ںسںت ںصاحںش در ملك دںگر «ںهاکا» گفته می شود - ںس رںاں مردماں ںںگاله را «ںںگالی» و اهل ںںحاب را «ںںحاںی» و سکںۂ دکهں را «دکهںی» مںگوںںد، و علی هدالقیاس - و دراںں رساله، (۵ الف) که صرف و نحو رںاں هںدی دراں ںیاں ںموده می شود، ںه مراد موافق تحقیق رںاںهای کثیرۂ مدکوره است ، ںلکه مقصود و مطلوب اراں درںاںںں صحت الفاظ حاص و معلومات تراکیب معںںۂ کلامیست که محتص و موصوع ںمحاورۂ اردوی معلی ںاشںد و ںس ؛ ریرا که ںںای تقریر و تحریر تمام اعرۂ عالیمقدار، و مدار کلمه و کلام حمیع شرفا و ںحںای ںامدار و شعرای دوی الاقتدار، که فی رماںںا ںر مسںد اعںںار حادارںد ، ںر همںں محاوره موقوف است.

و اردو عبارت است از زبانی که بعد اختلاط و از تسلط الفاظ پنجابی و سواتی و برج ، که زبان اضلاع قرب و جوار دار الخلافهٔ شاهجهان آباد است ، با کلمات فارسی و عربی و دیگر زبانها، از کسر و انکسار تقالت و تخاوف اصلیء هر لغت باصلاح صحبت همدیگر ، مثل کیفیت متوسطه، که با عتقاد اطبا در مرکبات از معاجین وغیره حادث میگردد ، پیدا شده ساتر عیوب جمیع زبانهای مروجه گردیده است، و بمرتبهٔ حسن و لطافت دران یافته می شود که از روی متانت و وسعت و لطافت و فصاحت پهلو بعربی میزند ، و بکمال (ه ب) صفاو عذوبت بر فارسی تفوق می جوید.

وسبب حدوث این زبان بقاس اینست که چون سواد اعظم هندوستان و منابع این زمین منفعت بنیان بنسبت باقالیم دیگر اوفر ، و زر ریزیء این ملك باکناف جهان هویدا واشتهر ، و بر پایهٔ سلاطین و امرای این کشور از شوکت و ثروت و همت و سخاوت رفیع و منیع تر از عمائد دول و ارکان سلطنت اقالیم دیگر است ، بالضروره دانایان دهر و عاقلان عصر و کاملان هرفن و هنر از فضلا و علما و شعرا و نحاة هرجا که بودند . از اطراف عالم واکناف جهان رو باین سواد اعظم مراد توام آورده ، بمقاصد و مرادات دلخواه رسیدند ، و اکثری از آنها بهمین زمین ارم تزئین توطن ورزیدند پس از سبب آمد وشد دربار و دریس سدن معاملات بامردم این دیار، از حرف زدن باین لغت چاره ندیدند ـ باکر بر درین صحبت، اینها از آنها و آنها از انها ، در حین مکالمه ، بقدر کفایت از الفاظ همدیگر می آموختند و کار بر می آوردند ـ چون مدتی برین نحو گذشت و عمری صرف شد ، از امتزاج الفاظ و ارتباط کلمات در یکدیگر

حالی بهمرسید، که آنرا زبان تازه (٦ الف) توان گفت، چه نه عربی عربی ماند و نه فارسی فارسی، و بهمین قیاس هر «بهاکا» از زبانهای ممزوجهٔ هندی نیز بر اصل خود نماند لکن این حالت هم بر نحو واحد، چنانچه باید، هنوز قرار نگرفته بود، و بمرتبهٔ اعتدال فصاحت که حالا دارد نرسیده، بلکه از افراط و تفریط، یعنی، از انتقال زبان قومی دفعة بزبان فرقهٔ دیگر، فرق بس و تغیری آشکارا یافته می شد، تا اینکه هیچ فقرهٔ و مصرعی ازعیب تنافر و ثقالت بری نبود، و باندك توجه بوی خامی و جلاحت و رنگ بربطی و سخافت از ترکیب آن کلام دریافت میگردید. ومع هذا هر قومی و هر فرقهٔ محاورهٔ خویش را بر دیگری ترجیح میداد، و برغم خود بر و تفوق می جست. ناچار عقلا ودانایان چنین قرار دادند که کلمات سنجیده و الفاظ پسندیده، از هر زبان و هر محاوره که باشد، بصحت و درستی ازان برچیده، بوضعی که مفید مطلب بآسانی و دور از تنافر و ثقالت زبانی بود، در کلام می آمده باشد، ولغات ثقیله که محدث تنافر و مخل فصاحت اند، آوردن آنها بهیچ وجهی نشاید، تا کلام از رتبهٔ فصاحت و پایهٔ بلاغت فرو نیفتد، بلکه خیلی صاف و مانوس طبع و قریب الفهم هر وضیع و شریف بوده باشد، (٦ ب) و موافق همین قاعده که ضبط گردیده، بدربار سلاطین و امرا و بارگاه خواقین و وزرا، همه نجباو شرفا بیکدیگر حرف میزده باشند. چون صورت شاهد این مطلوب بر عرفهٔ استحسان جلوه گری نمود، بنام همین محاورهٔ خاص اردوی معلی شهرت گرفت. لکن این زبان باشروط مذکوره یافته نمی شود مگر در بعضی باشندهای شاهجهان‌آباد که درشهر پناه سکونت دارند، یاربان اولاد این بزرگواران، گو از چندی این صاحبان یا اولاد اینها بشهرهای دیگر هم رفته، سکونت ورزیده

باشند - چنانچه از همین جهت زبان مردمان لکهنؤ، که از قدیم الایام باشندهٔ آن بلده نیستند و بودند، در زمان حال بفصاحت نزدیکتر از دیگر است - سبب عالب آنکه وزیر الممالک نواب آصف‌الدوله مرحوم در بلدهٔ مذکوره سکونت گزیده بود، و رؤسای شاهجهان‌آباد، بتوقع ترقیء وجه معاش و ضیق کوچهٔ تلاش جای دیگر، بیشتر درین جا یکی بعد دیگری وارد شده، راحت خود مشروط باقامت درین شهر یافتند - علی الخصوص شعرای شیرین کلام و دیگر خوش بیانان، که مدار محاوره برین بزرگان است، همه به بارگاه وزیر ممدوح حاضر بودند (ب الف) و مدتها بسر بردند -

فایده - بدانکه تنقیهٔ کلام و تصفیهٔ این زبان وفصاحت انجام بمرتبهٔ اعلی که تسمیهٔ اردو را لایق باشد و مختار فصحا و بلغای عصر گردد، ابتداء از دورهٔ فردوس آرامگاه صورت گرفته است - چه شاعران و ظریفان نسبت* بازمنهٔ دیگر درانوقت بسیار بهمرسیدند، و شعررا بطرز خودها می گفتند - رفته رفته لطافت این صناعت بتحقیق و تدقیق افصح الفصحاو ابلغ البلغا، خاقانیء عصر، فردوسیء زمان، انوریء دهر، عرفیء دوران، وحید زمانه، محقق یگانه، ملك الشعرای هند، سلطان هر ظریف و رند، مغفور و مرحوم، میرزا محمد رفیع المتخلص به سودا، غفر الله ذنوبه، بمرتبهٔ کمال رسید، تا آنکه بیان لطافت و صفای آن بمذاق متاملان منصف برشوکت فارسی چربیده - چرا که صورت قصاید را بطرز اوستادان فارسی، اوّل کسی که بزبان هندی بلوح هستی حسن جلوه داده، همین نقاش معانی بوده است - و بعضی تصفیهٔ محاورهٔ اردو را بصفائی که مروج است بمیرزا جان جان المتخلص بمظهر، که یکی از مشاهیر صوفیهٔ این عصر گذشته، نسبت

دهند - والله عالم -

بالجمله آنچه از محققان بتحقیق پیوسته اینست که مبصری‌ء جواهر کلمات و نقادی‌ء نقود الفاظ ، (۷ ب) از مردود و مقبول و متین و سخیف و مروج و متروك ، بقید کثرت محاوره و صحت لغت که بر زبان شرفا و نجبا و اعزه جاری باشد ، و تالیف شعر بمتانت تمام بطور قصاید اساتذه از فارسی گویان ، تعلق بمرزا محمد رفیع دارد، و ساده گفتن شعر از تکلف ایهام و دیگر صنعت نامطبوع ، که رسم شعرای دورهٔ فردوس آرامگاه بود ، و معنی را قریب الفهم بوضعی با صفا و متانت بستن ، که سامع محتاج شرح و لغت دم استماع نشود ، و در گفتن هر قسم شعر از قصیده و رباعی و غزل و مرثیه و مثنوی وغیره در هر باب متتبع و مقلد فارسیان بودن ، بنا گراشتهٔ مرزا جان جان مظهر است - و یافته شدن چند الفاظ متروکه در کلام سلطان الشعرا ، مثل لفظ «ستی» بمعنی‌ء از و «دیں» که چشم را گویند، خواه بزورن عین ، خواه بوزن حین بهر صورت که نظر در آید و «آنجهو و آنجهوان» که بمعنی‌ء اشك و جمع آن ست و «جهجر» بر وزن حجر ، و «قلق» ساکن الاوسط بمعنی‌ء بقراری و «ناں» بمعنی‌ء نیز و «هم» بجای همے و «تو» بجای تو ے یا «تیں» بجای تمے و امثال اینها که در کلام آن مغفور یافته می شوند ، هرگز هرگز موجب نقص کلام (۸ الف) آن تعدیل نتوانند شد - چه آن مرحوم چون ابتداء خود واضع این طرز عالم پسند شده بود ، ودران آوان درالفاظ متروکه و مستعمل بآن مرتبه فرق و امتیاز حاصل نشده که کلمات تمام زبان مالا یحصی ازهم متمیز و متفرق گردیده باشند ، ناچار الفاظ نشمرده بصورت اصلی ازان دیوان بلاغت بنیان بر می آیند - حالانکه درآخر وقت خود ، آن خلاق معانی از ایراد

چنین الفاظ کراهت میداشت و اتباع خویش را بتاکید نهی می نمود - اما چون کلام دلاویز سابق او، بسبب کمال شهرت، برالسنهٔ صغیر و کبیر بکثرت جاری شده بود، و اخراج این الفاظ ازان خارج الامکان می نمود، لهذا بهمان صورت باقی ماند بناء علیه از شعرای حال کسی آن الفاظ را در تقریر و تحریر نمی آرد و اگر بیارد، دال بر ناآگاهیء اوست - و جماعت مرثیه گویان و منقبت گویان هندی که کلام ایشان سرتاپا از قبایح لفظی و عیوب معنوی مملو و مشحون است، و هرگز ایشان را نظر برآن نیست، بلکه بحریه نسبت خود بمسکین عاجز و هوشدار بیهوش و میرن بی علم نموده، سند غلطیهای خویش از کلام اینها می آرند، و هریك را (۸ ب) امام خود دراین باب میدانند، مع ایمهٔ خودها از طبقهٔ شعرا خارج اند - چه این بی بصران نمیدانند که مرثیه هم یکی از اقسام شعراست، بلکه میگویند که چیزی که در شعر روا نیست در مرثیه جایز است - الحاصل اگر بنابر حصول سعادت و ثواب یا برای تکمیل کلمات خود از اقسام شعر، کسی از شعرا مرثیه بگوید، لازم است که درین میدان هم برکمیت ارادت راه تلاش بتقلید ملك الشعرا خوید، تا راه فصاحت بانی و صحت لفظی و معنوی غلط نکرده باشند -

و نیز باید دانست که چون وضع این رساله بنابر دانستن صرف و نحو محاورهٔ اردو است، و اختلاط الفاظ عربی و فارسی درین زبان زیاده ازحد حصر، بضرورت لازم آمد که این رساله جامع بعض از قواعد فارسیه هم بوده باشد، چرا که اکثر احتیاج می افتد بآن، لهذا باب اول این عجاله بالتمام در همان قواعد نوشته شد - هر چندکه اکثری ازان در الفاظ هندی من حیث الهندیة بکارنمی آید،

اما چون بتوسط ارتباط الفاظ فارسیه و عربیه در بعض تراکیب گنجایش پذیرانند، ناگزیر به تحریر در آمدند. و هر قاعده که در هندی و فارسی مشترك یافته شده، بدان هم ایما نموده (۹ الف) آمد.

و چون معلوم شد که مراد از محاوره زبانیست که بدربار امرا و سلاطین هند، جمیع شرفا و نجبا و فضلا و شعرا بدان حرف میزنند، و هر لفظی که دران بتقریر می آید، آن لفظ لفظ صحیح و مستعمل می باشد، مثلا اگر عربی یا فارسی یا ترکی است، ضرور است که آن لفظ از روی وضع اصل لغت خود صحیح و بامحاوره بوده باشد، و اگر هندیست، باید که از روی آن بهاکا که ماخذ آنست صحت مذکوره داشته باشد ویا صحیح باستعمال اهل اردو بود. مانند لفظ «مکرنا» که مرادف منکر هونا بمعنیء منکر شدن‌ست و «دوانا» که اصلش دیوانه با یای تحتیه است و «ریگنا» بکسر را و سکون تحتیه وغنه و کاف عجمی ونون مفتوح بالف که عبارت از صدای حمار است و اصلش «رینکنا» بکاف تازی ست در زبان برج و دوآبه، و «دلی» بکسر دال وتشدید، زبان زبانست، و «صفیل» بتقدیم صاد مهمله بر فا که اصلش فصیل است، و امثال این الفاظ که بسماعت از زباندانان به ثبوت پیوسته. تمام کلمات این محاوره که صرف و مستعمل در تحریر و تقریر می شوند، باید که بنحوی باشند که بی تکلف و بی تصنع قایل، بر زبان هر صغیر و کبیر و جمیع برنا و پیر از اصناف (۹ ب) مذکوره، بمقام و محل خودها، بی گرفته شدن زبان، زبان زدو مستعمل می شده باشند، تا سامع را بحصول ملکهٔ، که بکثرت سماعت کلمات موصوفه از سابق حاصل دارد، وقت استماع درفهم و ادراك کلام تامل و تردد رو ندهد بخلاف اجتهاد بعض بزرگان که فی زماننا فقط نظر براشتهار خویش

لغات عربیهٔ خارج از محاوره و الفاظ ثقیل را بتکلف در کلام می آرند و سخن را از پایه اش می اندازند و باین صفت از اقران ترفع می جویند.

فایده- بدانکه بنای الفاظ این زبان و کلمات این محاوره، برسی و شش حرف است، اگر همزه براسه دراعداد حروف شمار کرده شود، والا برسی و پنج- و آن اینست،

ا، ب، پ، ت، ٹ، ث، ج، چ، ح، خ، د، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز، ژ، س، ش، ص، ض، ط، ظ، ع، غ، ف، ق، ك، گ، ل، م، ن، و، ه، ء، ی-

و این حروف دو قسم اند، مفرد و مشترك- مفرد قسمی راگویند که سوای لغت واحد زبان دیگر نیامده باشند، چون حروف ثمانیه، یعنی، ثا و حا وصاد و ضاد و طا و ظا و عین و قاف که فقط بکلمات عربیه اختصاص دارند، لهذا در الفاظ فارسی هیچ حرف ازین حروف نمی باشد و هر جا که بطرز (ا الف) در آید، باید دانست که آن لفظ در اصل وضع باین حرف نبوده است، بلکه برای رفع التباس یا ضرورتی دیگر متاخرین باین وضع آنرا در رسم خط مروج گردانیده اند، مانند لفظ «صد» «وشصت» و «طپیدن و «طلا» که بمعنیء مایه وشتین و بیقرار شدن و زر است، و امثال ذلك- و ژای عجمی که فقط بالفاظ فارسی خصوصیت دارد وٹای و ڈال و ڑای هندی که هرسه ثقیله اند، فقط بزبان هندی، یعنی کلمات هندی الاصل، تعلق دارند- باقی همه مشترك اند-

